Presented by: Rana Jabir Abbas

امامت و رہبری

آیۃ اللہ شہید مرتضیٰ مطہری رحمۃ اللہ علیہ

ناشر

شہید مطہری فاؤنڈیشن

Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

جملہ حقوق بحق ناشر محفوظ ھیں۔

نام کتاب	امامت ورہبری
مصنف	شہید آیت اللہ مرتضیٰ مطہریؒ
سیٹنگ	قلب علی سیال
ناشر	شہید مطہری فاؤنڈیشن
تاریخ اشاعت	2014ء
طبع	اوّل
قیمت	

ملنے کا پتہ

معراج کمپنی

LG-3 بیسمنٹ میاں مارکیٹ غزنی سٹریٹ اُردو بازار لاہور۔

فون: 0321-4971214/0423-7361214

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ

عرض ناشر

''شہید مطہری فاؤنڈیشن'' دینی مواد کی اشاعت کے سلسلہ میں نیا ادارہ تشکیل دیا گیا ہے۔ادارے کا مطمع نظر عوام کو بہتر اور سستے ترین انداز میں دینی مواد بذریعہ کتب اور انٹرنیٹ فراہم کرنے کا پروگرام ہے۔اللہ تعالیٰ ادارہ ھذا کو اس عظیم کام کی انجام دہی کیلئے بھرپور وسائل عطا فرمائے۔

زیرِ نظر کتاب ''امامت ورہبری'' شہید آیت اللہ مرتضیٰ مطہریؒ کی سعی ٔجمیل کا نتیجہ ہے۔اسلام نے قرآن کی شکل میں انسانی سماج کو کامل ترین نظام حیات عطا کیا۔خالقِ انسان نے انسان کی فطرت سے پوری آگاہی کے ساتھ بالکل فطری نظام زندگی انسان کے حوالے کیا لیکن اس فطری نظام کو عملی شکل دینے اور معاشرہ میں اس کے ذریعے مکمل اعتدال قائم کرنے کیلئے انسانی فطرت سے مکمل طور پر آشنا اور انسانی غلطیوں، کوتاہیوں، ظلم، ناانصافی اور بے اعتدالی سے بالکل پاک و پاکیزہ یعنی معصوم انسان ضروری ہے جو رہبر و امام کی شکل میں اس الٰہی نظام سے بخوبی آشنا ہو اور اسے یوں چلائے جو اس نظام کا حق ہے۔اس کتاب میں انہیں مآخذ پر بحث کی گئی ہے۔قارئین حضرات اس سے استفادہ کریں۔خداوند عالم ادارہ ھذا کی اس سعی کو قبول فرمائے۔

ادارہ ھذا نے اس کتاب کے موضوعات کو مختلف ایرانی ویب سائٹ سے ڈاؤن لوڈ کیا ہے۔کتاب کو پاکستان کی عوام کے پسندیدہ خط،فونٹ اور انداز میں پیش کیا جارہا ہے۔اللہ تعالیٰ نیٹ پر اَپ لوڈ کرنے والوں کی توفیقاتِ خیر میں اضافہ فرمائے۔اُمید ہے آپ ادارہ ہذا کی اس کوشش کو بھی قدر کی نگاہ سے دیکھیں گے۔والسلام

شہید مطہری فاؤنڈیشن

Contact : jabir.abbas@yahoo.com

http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

فہرست مضامین

عنوانات	نمبرشمار
پیش لفظ	9
پہلی بحث	12
امامت کے معانی ومراتب	12
امام کے معنی:	13
رسول اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی حیثیت	14
امامت معاشرہ کی حاکمیت کے معنی میں	18
امامت دینی مرجعیت کے معنی میں	19
امامت، ولایت کے معنی	23
امامت کے بارہ میں ایک حدیث	27
امامت قرآن کی روشنی میں:	29
دوسری بحث	34
امامت اور تبلیغ دین:	34
غلط روش	34
حکومت، امامت کی ایک فرع:	37
امامت دین بیان کرنے میں پیغمبر صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کا جانشین:	38
حدیث ثقلین اور عصمت ائمہ علیہم السلام:	40

حدیثیں نہ لکھی جائیں۔	43
قیاس کی پناہ میں:	45
قیاس اور شیعوں کا نظریہ:	47
معصوم کی موجودگی میں انتخاب کی گنجائش ہی نہیں	47
روحانی ومعنوی ولایت:	49
حدیث ثقلین کی اہمیت:	51
حدیث غدیر:	52
تیسری بحث	55
مسئلہ امامت کی کلامی تحقیق:	55
امامت کی تعریف:	57
امامت کے بارے میں شیعہ عقلی دلیل:	58
امام یعنی احکام دین کا ماہر:	61
عصمت کا مسئلہ:	62
تنصیص وتعیین کا مسئلہ:	63
رسول اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی جانب سے حضرت علیؑ کی امامت پر نصوص کی تحقیق	67
دعوت ذوالعشیرہ:	69
ایک سردار قبیلہ کی پیغمبر اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے ملاقات:	71
حدیث غدیر اور اس کا متواتر ہونا:	72
حدیث منزلت:	74

www.ziaraat.com
jabir.abbas@yahoo.com
Sajeel-e-Sakina
Contact : jabir.abbas@yahoo.com
http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

سوال وجواب: 74

چوتھی بحث 82

آیت:اَلْيَوْمَ يَئِسَ اورمسئلہ امامت 82

آیہ اَلْيَوْمَ يَئِسَ الَّذِيْنَ کی تحقیق: 83

اکمال اوراتمام کافرق: 85

"الیوم" سے مرادکون سا روز؟: 87

"الیوم" سے متعلق مختلف نظریات: 88

شیعوں کا بیان: 95

محکمات ومتشابہات: 99

سوال وجواب: 103

پانچویں بحث 115

امامت قرآن کی روشنی میں 115

اہل بیتؑ سے متعلق آیات کا خاص انداز 116

آیت تطہیر 117

دوسرانمونہ 121

تاریخی مثالیں 125

آیت انما ولیکم اللہ 126

عرفاء کی باتیں 127

امامت شیعوں کے یہاں نبوّت سے ملتا جلتا مفہوم 128

امامت ابراہیمؑ کی ذرّیت میں 130

ابراہیمؑ معرض آزمائش میں حجاز کی جانب ہجرت کاحکم 131

بیٹے کوذبح کردو 132

امامت، خدا کا عہد 135

دوسری آیت 136

ظالم سے کیامراد ہے؟ 136

سوال وجواب 138

چھٹی بحث: 150

امامت ائمہ اطہارؑ کی نگاہ میں 150

انسان 151

پہلاانسان قرآن کی نظر میں 152

امام جعفرصادق علیہ السلام سے ایک روایت 159

زیدبن علی اورمسئلہ امامت 161

حضرت امام صادق علیہ السلام سے دواور حدیثیں 164

نتیجہ 170

www.ziaraat.com
jabir.abbas@yahoo.com
Sabeel-e-Sakina

Contact : jabir.abbas@yahoo.com
http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ

پیش لفظ

انسان ایک سماجی اور معاشرتی وجود ہے وہ سماجی زندگی سے الگ رہ کر زندگی بسر نہیں کر سکتا۔ اس کی سماج زندگی کا سب سے چھوٹا دائرہ ایک خانوادہ ہے اور بڑا دائرہ ہزاروں خاندانوں اور قبیلوں پر مشتمل ایک عظیم سماج ہے۔ یہی انسان کی حقیقی پہچان ہے۔

قرآن کریم اس سلسلہ میں ارشاد فرماتا ہے:

يَآَيُّهَا النَّاسُ اِنَّا خَلَقْنٰكُمْ مِّنْ ذَكَرٍ وَّاُنْثٰى
وَجَعَلْنٰكُمْ شُعُوْبًا وَّقَبَآئِلَ لِتَعَارَفُوْا ط

انسانو ہم نے تم کو ایک مرد اور ایک عورت سے پیدا کیا ہے
اور پھر تم میں شاخیں اور قبیلے قرار دیئے ہیں تا کہ آپس میں
ایک دوسرے کو پہچان سکو۔

انسان کی سماجی زندگی اس کی احتیاج اور ضرورتوں کو آشکار کرتی ہے۔ ضرورتوں کی تکمیل باہمی تعاون سے ہی ممکن ہے، لیکن اگر انسان خودغرضی پر اتر آئے اور دوسروں کا خیال نہ کرتے ہوئے صرف اپنے بارے میں سوچے، اپنی احتیاجات کی تکمیل کرے اور اپنی ضرورت سے بڑھ کر اپنے لئے چاہے تو یہی وہ نقطۂ آغاز ہے جہاں سے انسان سماج میں ہر مروج، بے اعتدالی ظلم وستم، لوٹ مار اور قتل وغارت کی ابتدا ہوتی ہے۔

آخر انسانی معاشرہ میں انسانوں کی ضرورتوں کی تکمیل کیسے ہو، انسان باہمی تعاون پر کیسے آمادہ ہو۔ سماج میں نابرابری، بے اعتدالی، ظلم وستم کو کیسے روکا جائے۔ عدل وانصاف سکون واطمینان اور خوشحالی کی فضا کیسے قائم کی جائے، اس کے لئے سماج میں ایک قیادت کی ضرورت ہے جو سماج کو ایک نظم دے سکے اور انسانی فلاح کے لئے ایک

Contact : jabir.abbas@yahoo.com
http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

نظام قائم کرسکے۔ یہ بدیہی سی بات ہے کہ ہرنظام کوقائم کرسکے۔ یہ بدیہی سی بات ہے کہ انسانی سماج میں نظم وضبط کرنے کے لئے اب تک انسان کے خودساختہ دسیوں نظام زندگی وجود میں آئے ،لیکن کہیں نظام کانقص نظرآیا اور کہیں قائد ورہبر کا۔

اسلام نے قرآن کی شکل میں انسانی سماج کو کامل ترین نظام حیات عطا کیا۔ خالقِ انسان نے انسان کی فطرت سے پوری آ گاہی کے ساتھ بالکل فطری نظام زندگی انسان کے حوالے کیالیکن اس فطری نظام کوعملی شکل دینے اور معاشرہ میں اس کے ذریعے مکمل اعتدال قائم کرنے کیلئے انسانی فطرت سے مکمل طور پر آشنا اور انسانی غلطیوں، کوتاہیوں، ظلم، ناانصافی اور بے اعتدالی سے بالکل پاک و پاکیزہ یعنی معصوم انسان ضروری ہے جو رہبر وامام کی شکل میں اس الٰہی نظام سے بخوبی آشنا ہو اور اسے یوں چلائے جو اس نظام کا حق ہے۔ کیونکہ کوئی بھی ظالم خواہ چھوٹا ہو یا بڑا انسانی معاشرہ کی حقیقت قیادت وامامت نہ کرسکتا ہے اور نہ اس کا حقدار ہے۔ ارشادِ باری تعالیٰ ہے:

وَاِذِ ابْتَلٰٓى اِبْرٰهٖمَ رَبُّهٗ بِكَلِمٰتٍ فَاَتَمَّهُنَّ ؕ قَالَ اِنِّىْ
جَاعِلُكَ لِلنَّاسِ اِمَامًا ؕ قَالَ وَمِنْ ذُرِّيَّتِىْ ؕ قَالَ لَا
يَنَالُ عَهْدِى الظّٰلِمِيْنَ ﴿۱۲۴﴾ (سورہ بقرہ)

اور اس وقت کو یاد کرو جب خدا نے چند کلمات کے ذریعے
ابراہیم علیہ السّلام کا امتحان لیا اور انہوں نے پورا کردیا تو
اس نے کہا کہ ہم تم کو لوگوں کا امام اور قائد بنا رہے ہیں۔
انہوں نے عرض کی کہ میری ذریت؟ ارشاد ہوا کہ یہ عہدۂ
امامت ظالمین تک نہیں جائے گا

جب خداوند عالم نے حضرت ابراہیم کو امامت کا منصب عطا فرمایا تو آپ نے

اپنی ذریت کے لئے بھی اس کا تقاضا کیا۔ ارشاد ہوا کہ انسانی معاشرہ کی فلاح وبہبود کے لئے ضروری ہے کہ میرا عہد یعنی یہ منصبِ امامت کسی ظالم کے ہاتھوں میں نہ جانے پائے۔ یہ تو انسانی سماجی حیثیت سے حقیقی اور واقعی امامت وقیادت کا ایک پہلو ہے، امامت کی اس سے کہیں بڑی تصویر یہ ہے کہ امام کو معصوم ہونا چاہئے۔ آیت تطہیر اسی کا اعلان کرتی ہے۔ امام ولی خدا اور زمین پر حجّت ہوتا ہے، آیت ولایت اسی کا ثبوت فراہم کرتی ہے۔ امامت انسانوں میں محبت ودوستی اور خدا سے قرب کا ملجا وماویٰ ہے، آیت مودت اسی کا اظہار کرتی ہے۔ امام روئے زمین پر خلیفۃ اللہ اور حجّت اللہ ہے وہ انسان اور خدا کے درمیان سب سے مضبوط رشتہ اور "حبل اللہ المتین" ہے۔

"امامت ورہبری" کے موضوع پر مفکر اسلام حضرت آیت اللہ مطہری کی ایک بیش بہا تحریر قارئین کرام کی خدمت میں پیش کی جارہی ہے۔ موضوع کے اعتبار سے اہم، حجم کے لحاظ سے مختصر لیکن جامع، یہ کتاب ہر مکتب فکر کے قاری کے لئے ایک قیمتی ہدیہ ہے۔

Contact : jabir.abbas@yahoo.com
http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

پہلی بحث

امامت کے معانی ومراتب

ہماری بحث مسئلہ امامت سے متعلق ہے۔سب جانتے ہیں کہ مسئلہ امامت کو ہم شیعوں کے یہاں غیر معمولی اہمیت حاصل ہے۔جبکہ دوسرے اسلامی فرقوں میں اسے اتنی اہمیت نہیں دی جاتی ۔راز یہ ہے کہ شیعوں کے یہاں امامت کا جو مفہوم ہے وہ دوسرے تمام اسلامی فرقوں سے مختلف ہے۔اگر چہ بعض مشترک پہلو بھی پائے جاتے ہیں،لیکن شیعی عقاعد میں امامت کا ایک مخصوص پہلو بھی ہے اور یہی پہلو امامت کو غیر معمولی اہمیت کا حامل بنا دیتا ہے۔مثال کے طور پر جب ہم شیعہ اصول دین کو شیعی نقطہ نظر کے مطابق بیان کرتے ہیں تو کہتے ہیں کہ اصول دین ،توحید،عدل،نبوت،امامت اور قیامت کا مجموعہ ہے۔یعنی امامت کو اصول دین کا جزو شمار کرتے ہیں۔اہل تسنن بھی ایک طرح جو امامت کے قائل ہیں ۔ بنیادی طور سے امامت کے منکر نہیں ہیں وہ اسے دوسری شکل سے تسلیم کرتے ہیں ۔لیکن وہ جس نوعیت سے تسلیم کرتے ہیں،اس میں امامت اصول دین کا جزو نہیں ہے بلکہ فروع دین کا جزو ہے بہر حال ہم دونوں امامت کے مسئلہ میں اختلاف رکھتے ہیں وہ ایک اعتبار سے امامت کے قائل ہیں اور ہم دوسرے اعتبار سے امامت کو تسلیم کرتے ہیں آخر یہ کیسے ہوا کہ شیعہ امامت کو اصول دین کا جزو مانتے ہیں اور اہل سنت اسے فروع دین کا جزو سمجھتے ہیں؟اس کا سبب وہی ہے جو عرض کر چکا ہوں کہ شیعہ اور اہل سنت کے یہاں امامت کے مفہوم میں فرق ہے۔

امام کے معنی:

امام کے معنی ہیں پیشوا یا رہبر۔لفظ امام،پیشوا یا رہبر بذات خود کوئی مقدس مفہوم نہیں رکھتے پیشوا یا رہبر سے مراد ہے،آگے آگے چلنے والا،جس کا اتباع یا پیروی کی جائے۔ چاہے وہ پیشوا ہادی،ہدایت یافتہ اور صحیح راہ پر چلنے والا ہو یا باطل اور گمراہ ہو۔

قرآن نے بھی لفظ امام کو دونوں معنی میں استعمال کیا ہے۔ایک جگہ فرماتا ہے:۔

وَجَعَلْنٰهُمْ اَىِٕمَّةً يَّهْدُوْنَ بِاَمْرِنَا (انبیاء/۷۳)

ہم نے ان کو امام قرار دیا ہے جو ہمارے حکم سے ہدایت و رہبری کرتے ہیں۔

دوسری جگہ فرماتا ہے:۔

اَىِٕمَّةً يَّدْعُوْنَ اِلَى النَّارِ (قصص/۴۱)

وہ امام جو لوگوں کو جہنم کی طرف بلاتے ہیں۔

یا مثلاً فرعون کے لئے بھی امام سے ملتے جلتے مفہوم کا لفظ استعمال کیا گیا ہے:

يَقْدُمُ قَوْمَهٗ يَوْمَ الْقِيٰمَةِ (هود/۹۸)

وہ قیامت کے دن اپنی قوم کے آگے چلے گا۔

معلوم ہوا کہ لفظ امام سے مراد پیشوا یا رہبر ہے۔ہمیں اس وقت باطل پیشوا یا رہبر سے سروکار نہیں ہے،یہاں صرف پیشوا یا رہبر کا مفہوم عرض کرنا مقصود ہے۔

پیشوائی یا امامت کے چند مقامات ہیں جن میں سے بعض مفاہیم میں وہ سرے سے اس طرح کی امامت کے منکر ہیں۔نہ یہ کہ وہ امامت کے تو قائل ہوں مگر مصداق میں ہم سے اختلاف رکھتے ہوں۔جس امامت کے وہ قائل ہیں لیکن اس کی

Contact : jabir.abbas@yahoo.com
http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

کیفیت وشکل اور افراد میں ہم سے اختلاف رکھتے ہیں اس سے مراد معاشرہ کی رہبری وسرپرستی ہے۔ چنانچہ یہی یا اس سے ملتی جلتی تعبیر زمانۂ قدیم سے متکلمین کی کتابوں میں بھی ذکر ہوئی ہے۔ خواجہ نصیر الدین طوسی نے اپنی کتاب "تجرید الاعتقاد" میں امامت کی تعریف ان لفظوں میں کی ہے "ریاسة عامة" یعنی "عمومی ریاست و حاکمیت" (یہاں ایک بات کی وضاحت ضروری ہے)

رسول اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی حیثیت

پیغمبر اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم، دین اسلام کی خصوصیت وجامعیت کی بنا پر قرآن اور خود اپنی سیرت طیبہ کے مطابق اپنے زمانہ میں کئی حیثیتوں اور ذمہ داریوں کے حامل تھے، یعنی ایک ہی وقت میں کئی امور آپ کے ذمہ تھے اور آپ کئی منصبوں پر کام کررہے تھے چنانچہ پہلا منصب جو خداوند عالم کی جانب سے آپ کو عطا ہوا تھا اور جس پر آپ عملی طور سے کاربند تھے، پیغمبری ورسالت تھی۔ یعنی آپ الٰہی احکام وقوانین کو بیان فرماتے تھے۔ اس سلسلہ میں قرآن کا ارشاد ہے:

وَمَآ اٰتٰىكُمُ الرَّسُوْلُ فَخُذُوْهُ ۚ وَمَا نَهٰىكُمْ عَنْهُ فَانْتَهُوْا ۚ

یعنی جو کچھ پیغمبر صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم تمہارے لئے لایا ہے اسے اختیار کرلو اور جن چیزوں سے تمہیں منع کرتا ہے انھیں چھوڑ دو۔

یعنی پیغمبر صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم احکام وقوانین سے متعلق جو بھی کہتا ہے خدا کی جانب سے کہتا ہے۔ اس اعتبار سے پیغمبر صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم صرف ان چیزوں کا بیان کرنے والا ہے جو اس پر وحی کی شکل میں نازل ہوئی ہے۔ دوسرا منصب جس پر پیغمبر اسلام صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم فائز تھے قضاوت کا

منصب تھا یعنی وہ تمام مسلمانوں کے درمیان قاضی کی حیثیت رکھتے تھے۔ کیونکہ اسلام کی نظر میں منصب قضاوت بھی کوئی یوں ہی سا بے معنی منصب نہیں ہے کہ جہاں کہیں دو آدمی آپس میں اختلاف کریں ایک تیسرا آدمی قاضی بن کر فیصلہ کردے۔ قضاوت اسلامی نقطۂ نظر سے ایک الٰہی منصب ہے کیونکہ یہاں عدل کا مسئلہ درپیش ہے، قاضی وہ ہے جو نزاع و اختلاف کے درمیان عادلانہ فیصلہ کرے۔ یہ منصب بھی قرآن کے مطابق خداوند عالم کی جانب سے پیغمبر اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو تفویض ہوا اور آپ خدا کی جانب سے حق رکھتے تھے کہ لوگوں کے اختلاف کا فیصلہ فرمائیں۔ ارشاد باری تعالیٰ ہے۔

فَلَا وَرَبِّكَ لَا يُؤْمِنُوْنَ حَتّٰى يُحَكِّمُوْكَ فِيْمَا شَجَرَ
بَيْنَهُمْ ثُمَّ لَا يَجِدُوْا فِيْٓ اَنْفُسِهِمْ حَرَجًا مِّمَّا قَضَيْتَ
وَيُسَلِّمُوْا تَسْلِيْمًا ﴿٦٥﴾ سورہ نساء

پس نہیں اے رسول تمہارے پروردگار کی قسم یہ لوگ سچے مومن نہ ہوں گے جب تک اپنے اختلاف اور دشمنیوں میں تمہیں حاکم نہ بنائیں۔ اور تم جو کچھ فیصلہ کردو اس سے دل تنگ نہ ہوں بلکہ دل وجان سے اسے تسلیم کرلیں۔

معلوم ہوا یہ بھی ایک الٰہی منصب ہے کوئی معمولی عہدہ نہیں ہے اور پیغمبر صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم عملی طور پر قاضی بھی تھے۔ تیسرا منصب جس پر پیغمبر صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم قانونی طور سے فائز تھے یعنی قرآن کی رو سے آپ کو عطا کیا گیا تھا اور آپ اس پر عمل پیرا بھی تھے، یہی ریاست عامہ ہے یعنی وہ مسلمان معاشرہ کے حاکم ورہبر تھے۔ دوسرے لفظوں میں آپ مسلمانوں کے نگراں اور اسلامی معاشرہ کے سرپرست تھے۔ کہتے ہیں کہ:

اَطِيْعُوا اللّٰهَ وَاَطِيْعُوا الرَّسُوْلَ وَاُولِي الْاَمْرِ مِنْكُمْ

Contact : jabir.abbas@yahoo.com
http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

کا مطلب یہ ہے کہ پیغمبر ﷺ تمہارے معاشرے کا حاکم و رہبر ہے۔ وہ تمہیں جو حکم دے اسے تسلیم کرو۔ لہٰذا یہ تینوں صرف ظاہری اور دکھاوے کے نہیں ہیں بلکہ بنیادی طور پر پیغمبر ﷺ سے ہم تک جو کچھ پہنچا ہے اس کی تین حیثیتیں ہیں۔ ایک پیغمبر ﷺ کا وہ کلام جو فقط وحی الٰہی ہے۔ یہاں پیغمبر ﷺ بذات خود کوئی اختیار نہیں رکھتے جو حکم خدا کی طرف سے نازل ہوا ہے پیغمبر ﷺ اسے پہنچانے کا صرف ایک ذریعہ ہیں۔ مثال کے طور پر جہاں وہ دینی قوانین بیان کرتے ہیں کہ نماز یوں پڑھو، روزہ ایسے رکھو وغیرہ۔ وہاں رسول ﷺ کا ارشاد حکم خدا اور وحی ہے۔ لیکن جب لوگوں کے درمیان قضاوت کرتے ہیں اس وقت ان کے فیصلے وحی نہیں ہوتے۔ یعنی دو آدمی آپس میں جھگڑتے ہیں، پیغمبر ﷺ اسلامی قوانین کے مطابق دونوں کے درمیان فیصلہ فرما دیتے ہیں کہ حق مثلاً اس شخص کے ساتھ ہے یا اس شخص کے۔ اب یہاں اس کی ضرورت نہیں ہے کہ جبرئیل پیغمبر ﷺ پر نازل ہوں اور وحی کے ذریعہ بتائیں کہ اے رسول آپ کہئے کہ حق اس شخص کے ساتھ ہے یا نہیں ہے۔ ہاں اگر کوئی استثنائی موقع ہو تو دوسری بات ہے ورنہ کلی طور پر پیغمبر ﷺ کے فیصلے انہیں ظاہری بنیادوں پر ہوتے ہیں جن پر دوسرے فیصلے کرتے ہیں فرق یہ ہے پیغمبر ﷺ کے فیصلے بہت ہی دقیق اور اعلیٰ سطح کے ہوتے ہیں آپ نے خود ہی فرمایا ہے کہ میں ظاہر پر حکم کرنے کے لئے مامور کیا گیا ہوں یعنی مثلاً مدعی اور مدعا الیہ اکٹھا ہوں اور مدعی کے ساتھ دو عادل گواہ بھی ہوں تو پیغمبر ﷺ اسی ثبوت کی بنیاد پر فیصلہ صادر فرماتے ہیں یہ وہ فیصلہ ہے جو خود پیغمبر نے ﷺ فرمایا ہے۔ آپ پر وحی نہیں نازل ہوئی ہے۔

تیسری حیثیت بھی جس کے بموجب پیغمبر ﷺ معاشرہ کے نگراں اور رہبر ہیں اگر اس کے تحت وہ کوئی حکم دے یہ حکم بھی اس فرمان سے مختلف ہوگا جس میں پیغمبر ﷺ وحی خدا کو پہچانتے ہیں۔

خدا نے آپ کو ایسی ہی حاکمیت و رہبری کا اختیار دیا ہے اور ایک حق کی صورت میں آپ کو منصب عطا فرمایا ہے اور وہ بھی رہبر ہونے کی حیثیت سے اپنے فرائض انجام دیتے ہیں لہٰذا اکثر آپ بعض امور میں لوگوں سے مشورہ بھی فرماتے ہیں۔ چنانچہ ہم تاریخ میں دیکھتے ہیں کہ آپ نے بدر اور احد کی جنگوں میں۔ نیز بہت سے دوسرے مقامات پر اپنے اصحاب سے مشورہ فرمایا۔ جب کہ حکم خدا میں تو مشورہ کی گنجائش ہی نہیں ہوتی کیا کبھی پیغمبر ﷺ نے اپنے اصحاب سے یہ مشورہ بھی لیا کہ مغرب کی نماز ایسے پڑھی جائے یا ویسے؟ بلکہ اکثر ایسے مسائل پیش آتے تھے کہ جب آپ سے ان موضوعات کے متعلق پوچھا جاتا تھا تو صاف فرما دیا کرتے تھے کہ مسائل کا میری ذات سے کوئی تعلق نہیں ہے بلکہ یہ اللہ کی جانب سے ہی ایسا ہے اور اس کے علاوہ کچھ ہو بھی نہیں سکتا لیکن (احکام خدا کے علاوہ) دوسرے مسائل میں پیغمبر ﷺ اکثر مشورہ فرماتے تھے اور دوسروں کی رائے دریافت کیا کرتے تھے اب اگر کسی موقع پر پیغمبر ﷺ کوئی حکم دے کہ ایسا کرو تو یہ اس اختیار کے تحت ہے جو خدا نے آپ کو عطا فرمایا ہے۔ ہاں اگر کسی سلسلہ میں مخصوص طور پر وحی بھی نازل ہو جائے تو ایک استثنائی بات ہوگی۔

اس کو عام مسائل سے الگ سمجھا جائے گا نہ یہ کہ تمام امور اور جزئیات میں معاشرہ کا حاکم اور رہبر ہونے کی حیثیت سے معاشرہ کے لئے پیغمبر ﷺ جو کام بھی انجام دیتے تھے۔ خدا ان کے لئے ان پر وحی نازل فرماتا تھا کہ یہاں یہ کرو وہاں یہ کرو اور اس طرح کے مسائل میں بھی پیغمبر ﷺ صرف اک پیغام رساں کی حیثیت رکھتا رہا ہو لہٰذا پیغمبر اسلام ﷺ یقینی طور پر بیک وقت ان متعدد منصبوں پر فائز رہے ہیں۔

Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

امامت معاشرہ کی حاکمیت کے معنیٰ میں

جیسا کہ عرض کر چکا ہوں امامت کا مطلب اپنے پہلے معنی کے مطابق ریاست عامہ ہے ۔ یعنی پیغمبر صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے دنیا سے رخصت ہونے کے بعد اس کا وہ عہدہ جسے معاشرہ کی رہبری کہتے ہیں، خالی ہوجاتا ہے ۔ اور اس سے کسی کو انکار نہیں کہ انسانی معاشرہ ایک رہبر کا محتاج ہے ۔ اب سوال یہ ہے کہ پیغمبر صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے بعد معاشرہ کا حاکم و رہبر کون ہے؟ یہ وہ مسئلہ ہے جسے بنیادی لو۔ پر شیعہ بھی تسلیم کرتے ہیں اور سنّی بھی ۔ شیعہ بھی کہتے ہیں کہ معاشرہ کو ایک اعلیٰ رہبر و قاعد اور حاکم کی ضرورت ہے اور سنّی بھی اس کا اقرار کرتے ہیں ۔ یہی وہ منزل ہے جہاں خلافت کا مسئلہ اس شکل میں سامنے آتا ہے ۔ شیعہ کہتے ہیں کہ پیغمبر صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے اپنے بعد ایک حاکم و رہبر معین کر دیا اور فرمایا کہ میرے بعد مسلمانوں کے امور امام علیؑ کے ہاتھوں میں ہونے چاہیے اور اہل سنت اس منطق سے اختلاف کرتے ہوئے کم از کم اس شکل میں جس شکل میں شیعہ مانتے ہیں یہ بات قبول نہیں کرتے اور کہتے ہیں کہ اس سلسلہ میں پیغمبر صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے کسی خاص شخص کو معین نہیں فرمایا تھا ۔ بلکہ یہ خود مسلمانوں کا فرض تھا کہ پیغمبر صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے بعد اپنا ایک حاکم و رہبر منتخب کر لیں چنانچہ وہ بھی بنیادی طور پر امامت و پیشوائی کو تسلیم کرتے ہیں کہ مسلمانوں کا ایک حاکم و رہبر ضرور ہونا چاہئے بس اختلاف یہ ہے کہ ان کے نزدیک رہبر انتخاب کے ذریعہ معین ہوتا ہے اور شیعہ کہتے ہیں کہ حاکم و رہبر کو خود پیغمبر صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے وحی کے ذریعہ معین فرما دیا ہے ۔

اگر مسئلہ امامت یہیں تک محدود رہتا اور بات صرف پیغمبر صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے بعد مسلمانوں کے سیاسی رہبر کی ہوتی تو انصاف کی بات یہ ہے کہ ہم شیعہ بھی امامت کو اصول دین کے بجائے فروع دین کا جزو قرار دیتے اور سمجھتے ہیں کہ یہ بھی نماز کی طرح ایک فرعی

مسئلہ ہے لیکن شیعہ جس امامت کے قائل ہیں وہ اس قدر محدود نہیں ہے کہ چونکہ علیؑ بھی دیگر اصحاب مثلاً ابوبکر، عمر، عثمان اور سینکڑوں اصحاب یہاں تک کہ سلمان و ابوذر کی طرح پیغمبر صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے ایک صحابی تھے لیکن ان سب سے برتر و افضل، سب سے زیادہ عالم، سب سے زیادہ متقی اور باصلاحیت تھے اور پیغمبر صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے بھی انہیں معین فرما دیا تھا ۔ نہیں، شیعہ صرف اسی حد پر نہیں ٹھہرتے بلکہ امامت کے سلسلہ میں دو اور پہلوؤں کے قائل ہیں ۔ جن میں سے کسی ایک کو بھی اہل تسنن سرے سے نہیں مانتے ایسا نہیں ہے کہ امامت کی ان دو حیثیتوں کو تو مانتے ہوں لیکن علیؑ کی امامت سے انکار کرتے ہوں، نہیں ان میں سے ایک مسئلہ یہ ہے کہ امامت دینی مرجعیت کا عنوان رکھتی ہے ۔

امامت دینی مرجعیت کے معنی میں

ہم عرض کر چکے ہیں کہ پیغمبر صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم وحی الٰہی کی تبلیغ کرنے والے اور اس کا پیغام پہنچانے والے تھے ۔ لوگ جب متن اسلامی کے بارے میں جاننا چاہتے تھے یا قرآن میں مطلب نہ پاتے تھے پیغمبر صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے سوال کرتے تھے مسئلہ یہ ہے کہ اسلام جو کچھ معارف احکام اور قوانین بیان کرنا چاہتا تھا کیا وہ سب کے سب وہی ہے جو قرآن میں آ گئے ہیں اور پیغمبر صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے عام طور سے لوگوں کے سامنے بیان کر دیا ہے؟ یا نہیں بلکہ قہری طور سے زمانہ اس کی اجازت نہیں دیتا تھا کہ پیغمبر صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم تمام قوانینوں احکام عام طور سے لوگوں میں بیان کر دیں علیؑ پیغمبر صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے وصی و جانشین تھے اور پیغمبر اسلام صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے اسلام کی تمام چھوٹی بڑی باتیں یا کم از کم اسلام کے تمام کلیات علیؑ سے بیان کر دیئے اور انہیں ایک بے مثال عالم غیر معلم اپنے اصحاب میں سے سب سے ممتاز انہیں کی طرح اپنی باتوں میں خطا و لغزش سے میری اور خدا کی جانب سے نازل ہونے والی تمام باتوں سے واقف شخصیت کے عنوان سے لوگوں کے سامنے پیش

Contact : jabir.abbas@yahoo.com
http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

کیا اور فرمایا اے لوگوں میرے بعد دینی مسائل میں جو کچھ پوچھنا ہو میرے اس وصی و جانشین اور اس کے بعد تمام آنے والے اوصیاء سے سوال کرنا درحقیقت یہاں امامت ایک کامل اسلام شناس کی حیثیت سے سامنے آتی ہے لیکن یہ اسلام شناس ایک مجتہد کی حد سے کہیں بالاتر ہے اس کی اسلام شناسی منجانب اللہ ہے اور ائمہ علیہ السلام یعنی واقعی اسلام شناس البتہ یہ وہ افراد نہیں ہے جنھوں نے اپنی عقل اور فکر کے ذریعے اسلام کو پہچانا ہو جن کے یہاں قہری طور پر خطا اور اشتباہ کا امکان بھی پایا جاتا ہو بلکہ انھوں نے ان غیبی اور مرموز ذرائع سے اسلامی علوم پیغمبر ﷺ سے حاصل کئے ہیں جو ہم پر پوشیدہ ہیں اور یہ علم پیغمبر ﷺ سے علی علیہ السلام تک اور علیؑ سے بعد کے ائمہ تک پہنچا ہے اور ائمہ علیہ السلام کے پورے دور میں یہ علم خطاوں سے بری معصوم علم کی صورت میں ایک امام سے دوسرے امام تک پہنچتا رہا ہے۔

اہل سنت کسی شخص کے لئے اس منزلت ومقام کے قائل نہیں ہیں لہٰذا وہ سرے سے اس طرح کی امامت کے حامل کسی بھی امام کے وجود کو تسلیم نہیں کرتے۔ یعنی وہ امامت کے ہی قائل نہیں ہیں، نہ یہ کہ امامت کے تو قائل ہوں اور کہیں کہ علیؑ امام نہیں ہیں، ابوبکرؓ اس کے اہل ہیں، نہیں بلکہ وہ لوگ ابوبکرؓ، عمرؓ، عثمانؓ بلکہ کلی طور پر کسی ایک صحابی کے لئے بھی اس منصب یا مقام کو تسلیم نہیں کرتے۔ یہی سبب ہے کہ خود اپنی کتابوں میں ابوبکرؓ عمرؓ سے دینی مسائل میں ہزاروں اشتباہات اور غلطیاں نقل کرتے ہیں لیکن شیعہ اپنے اماموں کو خطاؤں سے معصوم جانتے ہیں اور امام سے کسی خطا کے سرزد ہونے کو محال سمجھتے ہیں (مثال کے طور پر اہل سنت کی کتابوں میں مذکور ہے کہ) ابوبکرؓ نے فلاں مقام پر اشتباہ کیا اور بعد میں خود ہی کہا کہ۔

ان لی شیطاناً نعترینی بلاشبہ ایک شیطان ہے جو اکثر میرے اوپر مسلط ہو جاتا ہے اور میں غلطیاں کر بیٹھتا ہوں، یا عمرؓ نے فلاں مقام پر خطا اور غلطی کی

اور بعد میں کہا کہ: یہ عورتیں بھی عمرؓ سے زیادہ عالم وفاضل ہیں۔ کہتے ہیں کہ جب ابوبکرؓ کا انتقال ہوا تو ان کے اہل خاندان منجملہ ابوبکرؓ کی صاحبزادی اور زوجۂ رسول عائشہؓ بھی گریہ وآہ وزاری کرنے لگیں۔ یہ صدائے گریہ جب ابوبکرؓ کے گھر سے بلند ہوئی تو عمرؓ نے پیغام کہلوایا کہ جاکر عورتوں سے کہہ دو کہ خاموش رہیں۔ وہ خاموش نہ ہوئیں دوسری مرتبہ کہلایا کہ اگر خاموش نہ ہوئیں تو میں تازیانہ لیکر آتا ہوں یوں ہی پیغام کے بعد پیغام جاتے رہے لوگوں نے عائشہؓ سے کہا کہ عمرؓ گریہ کرنے پر بگڑ رہے ہیں دھمکیاں دے رہے ہیں اور رونے سے منع کرتے ہیں آپ نے کہا ابن خطاب کو بلاؤ، دیکھیں وہ کیا کہہ رہا ہے۔ عمرؓ عائشہؓ کے احترام میں خود آئے، عائشہؓ نے پوچھا کیا بات ہے یہ بار بار پیغام کیوں کہلا رہے تھے؟ کہنے لگے میں نے پیغمبر ﷺ سے سنا ہے کہ اگر کوئی شخص مرجائے اور لوگ اس پر روئیں تو جس قدر وہ گریہ کریں گے اتنا ہی مرنے والا عذاب میں گرفتار ہوتا جائے گا، لوگوں کا گریہ اس کے لئے عذاب ہے۔ عائشہؓ نے کہا: تم سمجھتے نہیں، تمہیں اشتباہ ہوا ہے۔ مسئلہ کچھ اور ہے، میں جانتی ہوں اصل قصہ کیا ہے۔ ایک مرتبہ ایک خبیث یہودی مرگیا تھا، اس کے اعزا اس پر رو رہے تھے۔ پیغمبر ﷺ نے فرمایا: یہ لوگ رو رہے ہیں، جبکہ اس پر عذاب ہو رہا ہے۔ یہ نہیں فرمایا تھا کہ ان لوگوں کا رونا عذاب کا سبب بن رہا ہے۔ بلکہ فرمایا تھا کہ یہ لوگ اس پر رو رہے ہیں اور یہ نہیں جانتے کہ اس پر عذاب کیا جارہا ہے۔ آخر اس واقعہ کا اس مسئلہ سے تعلق ہے؟! اس کے علاوہ اگر میت پر رونا حرام ہے تو ہم گناہ کر رہے ہیں خدا ایک بے گناہ پر عذاب کیوں کر رہا ہے؟! اس کا اس میں کیا گناہ ہے کہ گریہ ہم کریں اور عذاب میں وہ مبتلا کیا جائے؟! اگر عورتیں نہ ہوتیں تو عمر ہلاک ہو گیا ہوتا۔

خود اہل سنت کہتے ہیں کہ عمرؓ نے ستر جگہوں پر (یعنی ستر مقامات پر) اور واقعہ

Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

بھی یہی ہے کہ ایسے موارد بہت زیادہ ہے کہا لولا علی لھلک عمر اور امیر المومنین علیہ السلام ان کی غلطیوں کو درست کرتے تھے اور خود بھی اپنی خطاؤں کا اقرار کرتے تھے

مختصر یہ کہ اہل سنت اس نوعیت کی امامت کے قائل نہیں ہے اب بحث کا رخ اس مسئلہ کی طرف پلٹتا ہے بلا شبہ وحی فقط پیغمبر ﷺ پر نازل ہوتی تھی ہم یہ نہیں کہتے کہ ائمہ پر نازل ہوتی ہے اسلام صرف پیغمبر ﷺ نے عالم بشریت تک پہنچایا خدا نے بھی اسلام سے متعلق جو کچھ کہنا تھا پیغمبر ﷺ سے فرمادیا ایسا ہرگز نہیں ہے کہ اسلام کے بعض قوانین پیغمبر ﷺ سے نہ کہے گئے ہوں پیغمبر ﷺ سے سب کچھ کہہ دیا گیا تھا لیکن سوال یہ ہے کہ کیا اسلام کے تمام احکام وقوانین عام لوگوں تک پہنچا دیے گئے یا نہیں؟ اہل سنت کہتے ہیں کہ اسلام کے جتنے احکام وقوانین تھے پیغمبر ﷺ نے اپنے اصحاب تک پہنچا دیئے لیکن بعد میں جب صحابہ سے کسی مسئلہ میں کوئی روایت نہیں ملتی تو الجھ جاتے ہیں کہ کیا کریں؟ اور یہیں سے دین میں قیاس کا مسئلہ داخل ہوجاتا ہے اور وہ کہتے ہیں کہ ہم ان مسائل کو قانون قیاس کے ذریعہ مکمل کر لیتے ہیں جس کے متعلق امیر المومنین علیہ السلام نہج البلاغہ میں فرماتے ہیں گویا خدا نے ناقص دین بھیجا ہے کہ تم اسے مکمل کروگے؟ لیکن شیعہ کہتے ہیں کہ نہ خدا نے ناقص اسلامی قوانین پیغمبر ﷺ پر نازل کیے اور نہ پیغمبر ﷺ نے انہیں ناقص صورت میں لوگوں تک پہنچایا پیغمبر ﷺ نے کامل طور پر سب کچھ بیان کردیا لیکن جو کچھ کامل شکل مین پیغمبر ﷺ نے بیان کیا سب کچھ وہی نہیں ہے جو پیغمبر ﷺ نے عوام کے سامنے بیان کیا ہے کتنے ہی احکام ایسے تھے جن کی ضرورت پیغمبر ﷺ کے زمانے میں پیش ہی نہیں آئی اور بعد میں ان سے متعلق سوال اٹھا بلکہ آپ نے خدا کی جانب سے نازل ہونے والے تمام احکام اپنے شاگرد خاص کو تعلیم کیے اور ان سے فرمادیا کہ تم بعد میں ضرورت کے مطابق لوگوں سے بیان کرنا۔

یہیں سے عصمت کا مسئلہ بھی سامنے آتا ہے شیعہ کہتے ہیں کہ جس طرح پیغمبر

ﷺ اپنے بیان وگفتگو میں عمداً یا سہواً غلطی یا اشتباہ سے دوچار نہیں ہوتے یوں ہی ان کا شاگرد خاص بھی خطا یا اشتباہ سے دوچار نہیں ہوسکتا کیوں کہ جس طرح پیغمبر ﷺ کو ایک نوعیت سے تائید الٰہی حاصل تھی یوں ہی ان کے خصوصی شاگرد کو بھی غیبی والٰہی تائید حاصل تھی اور یہ گویا امامت کا ایک اور فضل وشرف ہے۔

امامت، ولایت کے معنی

اس تیسرے مرتبہ میں امامت اپنے اوج کمال کو پہنچتی ہے۔ اور شیعہ کتابیں اس مفہوم سے بھری پڑی ہیں۔ مزید یہ ہے کہ امامت کی یہی حیثیت تشیع اور تصوّف کے درمیان مشترک پہلو رکھتی ہے۔ البتہ اس وجہ اشتراک کی تعبیر سے کوئی غلط مفہوم نہ لینا چاہیے۔ کیونکہ ہوسکتا ہے اس سلسلہ میں مستشرقین کی باتیں آپ کے سامنے آئیں جو مسئلہ کو اسی حیثیت سے پیش کرتے ہیں۔ یہ مسئلہ عرفا کے یہاں بڑے شد و مد کے ساتھ پایا جاتا ہے اور شیعوں میں بھی صدر اسلام سے ہی موجود تھا۔ مجھے یاد ہے کہ آج سے دس سال پہلے ہنری کاربن نے علامہ طباطبائی سے ایک انٹرویو کے دوران یہ سوال بھی اٹھایا تھا کہ اس مسئہ کو شیعوں نے متصوفہ کے یہاں سے لیا ہے یا متصوفہ نے شیعوں سے اپنایا ہے؟ گویا وہ یہ کہنا چاہتا تھا کہ ان دونوں میں سے ایک نے دوسرے سے حاصل کیا ہے، علامہ طباطبائی نے جواب دیا تھا کہ صوفیوں نے اسے شیعوں سے لیا ہے، اس لئے کہ یہ مسئلہ شیعوں کے یہاں اس وقت سے موجود ہے جب نہ تصوف کو یہ شکل حاصل ہوئی تھی اور نہ یہ مسائل ان کے یہاں پیدا ہوئے تھے۔ بعد میں صوفیا کے یہاں بھی یہ تصور پیدا ہوگیا۔ چنانچہ اگر سوال یہ اٹھے کہ ایک نے دوسرے سے اپنایا تو یہی کہا جائے گا کہ تصوف شیعوں سے صوفیوں کے یہاں پہنچا ہے۔ یہ مسئلہ ایک انسان کامل یا دوسرے الفاظ میں حجت زمانہ کا مسئلہ ہے۔ عرفا اور صوفیا اس مسئلہ کو بہت اہمیت دیتے ہیں۔ مولانا روم کہتے ہیں

Contact : jabir.abbas@yahoo.com
http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

پس یہ ہر دوری و لیتی قائم است

یعنی ہر دور میں ایک ایسا انسان کامل موجود ہے جو اپنے اندر انسانیت کے تمام معنویات وکمالات رکھتا ہو۔کوئی عہد اورکوئی زمانہ ایسے ولی کامل سے خالی نہیں ہے، جسے وہ اکثر لفظ قطب سے بھی تعبیر کرتے ہیں۔اور ایسے ولی کامل کے لئے جس میں انسانیت کامل طور پر جلوہ گر ہو یہ لوگ ایسے مدارج ومراتب کے قائل ہیں جو ہمارے افکار سے بہت بعید ہیں۔منجملہ اس کی ایک منزلت یہ بھی ہے کہ ولی لوگوں کے ضمیروں یعنی دلوں پر تسلط رکھتا ہے۔مطلب یہ ہے کہ وہ ایک ایسی روح کلی ہے جو تمام ارواح کا احاطہ کئے ہوئے ہے۔یہاں بھی مولانا روم ابراہیم ادہم کی داستان میں، جو ایک افسانہ سے زیادہ حیثیت نہیں رکھتی، اس سلسلہ میں اشارہ کرتے ہیں۔اصل میں وہ ان افسانوں کا ذکر اپنے مطلب کی وضاحت کے لئے کرتے ہیں ان کا مقصد تاریخ بیان کرنا نہیں ہے۔وہ کہتے ہیں: ابراہیم ادہم دریا کے کنارہ گئے اور ایک سوئی دریا میں ڈال دی اور پھر آپ نے اس سوئی کو واپس طلب کیا۔مچھلیوں نے پانی سے منہ نکالا تو سب کے دہن میں ایک ایک سوئی موجود تھی۔یہاں مولانا روم کہتے ہیں

دل نگہ دارید ای بی حاصلان
در حضور حضرت صاحبدلان

یہاں تک کہ فرماتے ہیں شیخ یعنی ان پیر صاحب نے ان کے افکار سے حقیقت وواقعیت معلوم کرلی

شیخ واقف گشت از اندیشہ اش
شیخ چون شیراست و دلھا بیشہ اش

ہم شیعوں کے یہاں ولایت کا مسئلہ اس عامیانہ تصور کے مقابلہ میں بڑا دقیق اور عمیق مفہوم رکھتا ہے۔ولایت کا مطلب ہے حجت زمان یعنی کوئی زمانہ اورکوئی عہد اس

حجت سے خالی نہیں ہے: ولولا الحجة لساخت الارض باھلھا مطلب یہ ہے کہ نہ کوئی ایسا زمانہ گزرا اور نہ کوئی ایسا زمانہ ہوگا جب زمین کسی انسان کامل یا حجت خدا سے خالی رہے (ورنہ زمین اپنی تمام موجودات کے ساتھ ہی ختم ہو جوئے گی) شیعہ اس انسان کامل کے لئے عظیم درجات ومراتب کے قائل ہیں۔ہم اپنی اکثر وبیشتر زیارتوں میں اس طرح کی ولایت وامامت کا اقرار واعتراف کرتے ہیں، یعنی یہ عقیدہ رکھتے ہیں کہ امام ایسی روح کلی رکھتا ہے جو تمام ارواح کا احاطہ کئے ہوئے ہے۔(ہم ان کلمات کو نہ صرف ہمیشہ پڑھتے ہیں بلکہ یہ ہمارے شیعی مسلمات واصول کا جزو ہے۔: اشھد انك تشھد مقامی و تسمع کلامی و ترد سلامی (مزید کہ ہم یہ کلمات ان کے لئے کہتے ہیں جو مر چکے ہیں۔البتہ ہماری نظروں میں ان کی زندگی اور موت میں کوئی فرق نہیں پڑتا۔یعنی ایسا نہیں ہے کہ وہ اپنی زندگی میں اس کمال پر فائز نہ تھے، مرنے کے بعد ایسے ہو گئے ہیں) میں گوہی دیتا ہوں کہ آپ اس وقت میرے وجود کو یہاں محسوس اور درک کر رہے ہیں۔میں گواہی دیتا ہوں کہ اس وقت جو کچھ میں کہہ رہا ہوں السلام علیك یا علی بن موسی الرضا اسے آپ سن رہے ہیں۔میں اعتراف کرتا ہوں اور گواہی دیتا ہوں کہ میں آپ کو جو سلام کر رہا ہوں اسلام علیک آپ اس کا جواب دیتے ہیں۔یہ وہ مراتب ہیں جن کا ہمارے سوا کوئی کسی کے لئے قائل نہیں ہے۔اہل سنت (وہابیوں کے علاوہ) صرف پیغمبر اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے لئے اس مرتبہ کے قائل ہیں پیغمبر صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے علاوہ دنیا میں کسی اور کے لئے اس روحی کمال اور روحانی مرتبہ کے قائل نہیں ہیں۔جبکہ یہ بات ہم شیعوں کو اصول مذہب میں داخل ہے اور ہم ہمیشہ اس کا اقرار کرتے ہیں۔

بنابریں مسئلہ امامت کے تین درجے ہیں۔اگر ہم ان تینوں درجوں کو ایک دوسرے سے جدا نہ کریں تو امامت سے متعلق دلائل میں ہمیشہ شبہات سے دوچار ہوں گے۔یہی سبب ہے کہ شیعوں میں بھی الگ الگ درجے ہیں۔بعض شیعہ امامت کا مطلب

Contact : jabir.abbas@yahoo.com
http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

وہی انسان معاشرہ کی رہبری سمجھتے ہیں اور کہتے ہیں کہ پیغمبر صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے علیؑ کو اپنے بعد رہبری کے لئے معین فرمادیا تھا۔ابوبکرؓ وعمرؓ وعثمانؓ ان کی جگہ پر غلط آئے۔ یہ لوگ اسی حد تک شیعہ ہیں اور امامت کے بقیہ دونوں مرتبوں کا یا عقیدہ نہیں رکھتے یا اس سلسلہ میں سکوت اختیار کرتے ہیں۔بعض لوگ دوسرے مرحلے کے بھی قائل تر ہیں (یعنی امام دینی مرجع ہوتا ہے) لیکن تیسرے مرحلہ کو تسلیم نہیں کرتے، کہتے ہیں کہ مرحوم آقا سید محمد باقر درچہای جو آقائے بروجردی کے استاد تھے،امامت کے اس تیسرے مرحلہ کے منکر تھے۔
لیکن شیعہ اور علمائے شیعہ کی اکثریت اس تیسرے مرحلہ کا بھی عقیدہ رکھتی ہے۔

ہمیں دراصل امامت کے موضوع پر تین مرحلوں میں بحث کرنی چاہئے:۔

۱۔امامت قرآن کی روشنی میں۔

۲۔امامت احادیث کی روشنی میں۔

۳۔امامت عقل کی روشنی میں۔

پہلے مرحلہ میں دیکھنا چاہئے کہ قرآنی آیات پر جسے شیعہ تسلیم کرتے ہیں دلالت کرتی ہیں یا نہیں؟ اور اگر دلالت کرتی ہیں تو کیا امام کو صرف معاشرہ کے سیاسی و اجتماعی رہبر کے معنی میں پیش کرتی ہیں یا اس کی دینی مرجعیت حتیٰ کہ معنوی و روحانی ولایت کو بھی بیان کرتی ہیں؟ اس مرحلہ سے فارغ ہونے کے بعد ہم احادیث پیغمبر صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کا جائزہ لیں کہ حضور نے امامت کے سلسلہ میں کیا بیان فرمایا ہے۔اس کے بعد عقل کی روشنی میں اس مسئلہ کا تجزیہ کریں کہ عقل ان تینوں مرحلوں میں امامت کو کس حیثیت سے تسلیم کرتی ہے؟ کیا عقل یہ فیصلہ کرتی ہے کہ معاشرہ کا رہبر ہونے کی حیثیت سے حق اہل سنت کے ساتھ ہے، اور جانشین پیغمبر صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو شوریٰ کے ذریعہ منتخب ہونا چاہئے، یا پیغمبر صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے خود اپنا جانشین معین فرمادیا ہے؟ اس طرح امامت کی بقیہ دونوں حیثیتوں کے سلسلہ میں عقل کیا کہتی ہے۔

امامت کے بارہ میں ایک حدیث

امامت کے سلسلہ میں قرآنی آیات کے ذکر سے پہلے ایک مشہور و معروف حدیث پیش کرتا ہوں۔اس حدیث کی روایت شیعوں نے بھی کی ہے اور اہل سنت نے بھی۔اور جس حدیث پر شیعہ و سنی متفق ہوں، اسے معمولی نہ سمجھنا چاہئے کیونکہ جب دو فریق دو الگ الگ طریقوں سے اس کی روایت کرتے ہیں تو ایک بات تقریباً یقینی ہو جاتی ہے کہ پیغمبر اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم یا امامؑ نے یہ بات بہر حال فرمائی ہے۔البتہ اگر چہ عبارتوں میں تھوڑا سا فرق ہے لیکن مضمون تقریباً ایک ہی ہے۔ہم شیعہ اس حدیث کو زیادہ تر ان الفاظ میں نقل کرتے ہیں:

من مات ولم یعرف امام زمانه مات میتة
جاهلية دلائل الصدوق ص۶،۱۳

یعنی جو شخص اپنے زمانہ کے امام یا رہبر کو پہچانے بغیر
مرجائے، وہ جاہلیت کی موت مرا۔

حدیث کی یہ تعبیر بہت شدید ہے کیونکہ زمانہ جاہلیت میں مرنے والا نہ توحید پر ایمان رکھتا تھا نہ نبوت پر بلکہ سرے سے مشرک ہوتا تھا۔یہ حدیث شیعہ کتابوں میں کثرت سے نقل ہوئی ہے اور شیعی اصول و مسلمات سے بھی صد فیصد مطابقت و موافقت رکھتی ہے شیعوں کی معتبر ترین حدیث کی کتاب کافی میں یہ حدیث نقل ہوئی اہل سنت کی کتابوں میں بھی یہ حدیث موجود ہے لیکن اسے ایک روایت میں ان الفاظ کے ساتھ نقل کیا گیا ہے۔

ممات بغیر امام مات میتة الجاهلية

Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

جوشخص امام کے بغیر مرجائے گویا وہ جاہلیت کی موت مرا

ایک دوسری عبارت میں اس طرح نقل ہے۔

من مات ولیس فی عنقه بیعة مات میتة جاهلیة

جوشخص اس حالت میں مرے کہ اس کی گردن میں کسی امام کی بیعت کا قلادہ نہ ہواس کی موت جاہلیت کی موت ہے

ایک اورعبارت جوشیعوں کے یہاں بھی ملتی ہے لیکن اہل سنت کے یہاں کثرت سے نقل ہے۔

من مات ولا امام له مات میتة جاهلیة

جوشخص اس حالت میں مرے کہ اس کا کوئی امام نہ ہو وہ جاہلیت کی موت مرا۔

اس طرح کی عبارتیں بہت زیادہ ہیں اور اس کا مطلب یہ ہے کہ پیغمبر اسلام ﷺ نے مسئلہ امامت کے سلسلہ میں خاصہ اہتمام فرمایا ہے

جولوگ امامت کا مطلب صرف اجتماع ومعاشرے کی رہبری سمجھتے ہیں وہ کہتے ہیں کہ دیکھو پیغمبر ﷺ نے رہبری کو اس قدر اہمیت دی ہے کہ خود معتقد ہیں اگر امت کا کوئی رہبر پیشوا نہ ہوتو لوگوں کی موت جاہلیت کی موت ہوگی کیونکہ احکام اسلام کی صحیح تشریح اوران کا صحیح نفاذ اسی صورت میں ہوسکتا ہے جب امت ایک صالح رہبر موجود ہواورامت اپنے رہبر کے ساتھ مضبوط ارتباط قائم رکھے اسلام انفرادی دین نہیں ہے کہ کوئی یہ کہے میں خدااوررسول پر ایمان رکھتا ہوں اب مجھے کسی اورکی ضرورت نہیں۔ بلکہ خدااوررسول پر ایمان رکھنے کے بعدبھی آپ کو بہرحال یہ دیکھنا اورسمجھنا پڑے گا کہ

زمانے میں رہبراورامام کون ہے تاکہ بہرحال اسی کی سرپرستی اوررہبری میں عملی زندگی گزاریں اورجولوگ امامت کودینی مرجعیت کے معنی میں دیکھتے ہیں۔ وہ (اس حدیث کی روشنی میں) کہتے کہ جسے اپنا دین محفوظ رکھنا ہو اسے اپنے دینی مرجع کی معرفت حاصل کرنا ہوگی۔ اور یہ سمجھنا ہوگا کہ حقیقی دین کہاں سے حاصل کیا جائے۔ اور یہ کہ انسان دین تورکھتا ہے لیکن وہ اپنا دین خوداس کے مخالف منابع ومراکز سے حاصل کرے توسراسر جہالت ہوگی۔

اور جو امامت کو ولایت معنوی کی حدتک لے جاتا ہے، وہ کہتا ہے کہ اس حدیث کا مفہوم یہ ہے کہ اگرانسان کسی ولی کامل کے لطف وکرم اوراس کی توجہ کا مرکزقرار نہ پائے توگویا اس کی موت جاہلیت کی موت ہے۔ یہ حدیث چونکہ متواترات سے ہے لہٰذا میں نے چاہا کہ پہلے عرض کردوں تاکہ ذہنوں میں باقی رہے" انشاءاللہ اس پرآئندہ بحث کی جائے گی۔

امامت قرآن کی روشنی میں:

قرآن کریم میں کئی آیتیں مذکور ہیں جن سے شیعہ امامت کے سلسلہ میں استدلال کرتے ہیں اتفاق سے ان تمام آیتوں کے سلسلہ میں اہل سنت کے یہاں بھی ایسی روایتیں موجود ہیں جو شیعہ مطالب کی تائید کرتی ہیں۔ ان میں سے ایک آیت یہ ہے:

إِنَّمَا وَلِيُّكُمُ اللَّهُ وَرَسُولُهُ وَالَّذِينَ آمَنُوا الَّذِينَ
يُقِيمُونَ الصَّلَاةَ وَيُؤْتُونَ الزَّكَاةَ وَهُمْ رَاكِعُونَ ﴿٥٥﴾

سورۂ مائدہ

ایمان والو بس تمہارا ولی اللہ ہے اور اس کا رسول اور وہ

Contact : jabir.abbas@yahoo.com
http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

صاحبانِ ایمان جو نماز قائم کرتے ہیں اور حالت رکوع میں
زکوٰۃ دیتے ہیں

اِنَّمَا کے معنی ہیں صرف اور صرف (کیونکہ یہ اداۃ حصر ہے) "ولی" کے اصل معنی ہیں سرپرست ولایت یعنی تسلط وسرپرستی۔ قرآن کہتا ہے۔ تمہارا سرپرست صرف اور صرف خدا ہے، اس کا رسول ہے اور وہ مومنین ہیں جو نماز قائم کرتے ہیں اور حالت رکوع میں زکوٰۃ دیتے ہیں۔" اسلام میں ایسا کوئی حکم نہیں ہے کہ انسان حالت رکوع میں زکوٰۃ دے۔ تا کہ کہا جائے کہ یہ قانون ولی ہے اور تمام افراد اس حکم میں شامل ہیں۔ یہ ایک ایسے واقعہ کی طرف اشارہ ہے جو خارج میں صرف ایک بار ظہور پذیر ہوا۔ شیعہ اور سنی دونوں نے متفقہ طور پر اس کی روایت کی ہے، واقعہ کا خلاصہ یوں ہے کہ حضرت علیؑ حالت رکوع میں تھے کہ ایک سائل نے آ کر سوال کیا۔ حضرتؑ نے اپنی انگلی کی طرف اشارہ فرمایا۔ سائل قریب آیا، اس نے حضرت علیؑ انگلی سے انگھوٹی اتاری اور لیکر چلا گیا۔ یعنی آپ نے اتنا انتظار بھی نہیں کیا کہ نماز تمام ہو جائے اس کے بعد انفاق کریں آپ اس فقیر کے سوال کو جلد از جلد پورا کرنا چاہتے تھے لہٰذا اسی رکوع کی حالت میں اسے اشارہ سے سمجھا دیا کہ انگھوٹی اتار لے جائے اور اسے بیچ کر اپنا خرچ پورا کرے۔ اس واقعہ میں کوئی اختلاف نہیں ہے، سنی شیعہ سب متفق ہیں کہ حضرت علیؑ نے یہ عمل انجام دیا ہے۔ دونوں فریق اس بات پر بھی متفق ہیں کہ یہ آیت حضرت علیؑ کی شان میں نازل ہوئی ہے۔ جبکہ رکوع کی حالت میں انفاق کرنا اسلامی قوانین کا جزو نہیں ہے۔ نہ واجب ہے نہ مستحب کہ یہ کہا جائے کہ ممکن ہے کچھ لوگوں نے اس قانون پر عمل کیا ہو۔ لہٰذا آیت کا یہ انداز" جو لوگ یہ عمل انجام دیتے ہیں" ایک اشارہ و کنایہ ہے۔ جسے خود قرآن میں اکثر آیا ہے" یقولون" یعنی (وہ لوگ کہتے ہیں) جبکہ معلوم ہے کہ ایک شخص نے یہ بات کہی ہے۔ لہٰذا یہاں اس

مفہوم سے مراد وہ فرد ہے جس نے یہ عمل انجام دیا ہے۔ بنابرایں اس آیت کے حکم کے مطابق حضرت علیؑ لوگوں پر ولی حیثیت سے معین کئے گئے ہیں۔ چنانچہ شیعہ اس آیت کو استدلال کے طور پر پیش کرتے ہیں۔ البتہ اس پر اس سے کہیں زیادہ بحث و گفتگو ہونی چاہئے جسے ہم آئندہ پیش کریں گے۔

دوسری آیات واقعۂ غدیر سے متعلق ہیں۔ اگر چہ خود واقعہ غدیر احادیث کے ذیل میں آتا ہے اور ہم اس پر بعد میں بحث کریں گے لیکن اس واقعہ سے متعلق سورۂ مائدہ میں جو آیتیں وارد ہوئی ہیں۔ ان میں ایک آیت یہ ہے:

يَاأَيُّهَا الرَّسُولُ بَلِّغْ مَا أُنْزِلَ إِلَيْكَ مِنْ رَبِّكَ ۖ وَإِنْ
لَمْ تَفْعَلْ فَمَا بَلَّغْتَ رِسَالَتَهُ ۚ وَاللَّهُ يَعْصِمُكَ مِنَ
النَّاسِ ۗ إِنَّ اللَّهَ لَا يَهْدِي الْقَوْمَ الْكَافِرِينَ ﴿٦٧﴾

سورہ مائدہ

اے پیغمبر ﷺ آپ اس حکم کو پہنچا دیں جو آپ کے پروردگار کی طرف سے نازل کیا گیا ہے اور اگر آپ نے یہ نہ کیا تو گویا اس کے پیغام کو نہیں پہنچایا اور خدا آپ کو لوگوں کے شر سے محفوظ رکھے گا کہ اللہ کافروں کی ہدایت نہیں کرتا ہے

(یہاں لہجہ بہت تند ہو گیا) اے پیغمبر ﷺ! جو کچھ تم پر تمہارے پروردگار کی طرف سے نازل ہوا ہے اس کی تبلیغ کر دو، اور اگر تم نے اس کی تبلیغ نہیں کی تو گویا تم نے سرے سے رسالت الٰہی کی تبلیغ نہیں کی۔ اس آیت کا مفہوم اتنا ہی شدید اور تند ہے جتنا حدیث "من مات ولم یعرف امام زمانه مات میتة جاهلیة" کا

Contact : jabir.abbas@yahoo.com
http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

اجمالی طور سے خود آیت ظاہر کر رہی ہے کہ موضوع اتنا اہم ہے کہ اگر پیغمبر ﷺ نے اس کی تبلیغ نہ کی تو گویا کار رسالت ہی انجام نہیں دیا۔

شیعہ وسنی اس پر متفق ہیں کہ پیغمبر اسلام ﷺ پر نازل ہونے والا آخری سورہ، مائدہ ہے۔ اور یہ آیتیں ان آیتوں کا جز ہے جو سب سے آخر میں پیغمبر ﷺ پر نازل ہوئی یعنی اس وقت نازل ہوئی جب پیغمبر اسلام ﷺ تیرہ سال مکہ کی زندگی اور دس سال مدینہ کی حیات میں اسلام کے تمام دوسرے قوانین واحکام بیان کر چکے تھے یہ حکم ان احکام کا آخر جز تھا اب ایک شیعہ سوال کرتا ہے کہ یہ حکم جو آخری احکام کا جز ہے اور اس قدر اہم ہے کہ اگر پیغمبر ﷺ اسے نہ پہنچائیں تو ان کی گذشتہ تمام محنتوں پر پانی پھر جائے۔ آخر ہے کون سا حکم؟ آپ لاکھ تلاش کے بعد کسی ایسے مسئلہ کی نشان دہی نہیں کر سکتے جو پیغمبر ﷺ کی زندگی کے آخر دنوں سے مربوط ہو اور اس قدر اہم ہو کہ اگر حضور ﷺ اس کی تبلیغ نہ کریں تو گویا انھوں نے کچھ بھی نہیں کیا۔ لیکن ہم یہ کہتے ہیں کہ وہ مسئلہ امامت ہے۔ اگر وہ نہ ہوتا سب کچھ بیکار رہے یعنی اسلام کا شیرازہ بکھر کے رہ جاتا ہے۔ مزید یہ کہ شیعہ خود اہل سنت کی روایت سے یہ دلیل پیش کرتے ہیں کہ یہ آیت غدیر خم میں نازل ہوئی ہے

اسی سورۂ مائدہ میں ایک اور آیت ہے"

اَلْیَوْمَ اَکْمَلْتُ لَکُمْ دِیْنَکُمْ وَاَتْمَمْتُ عَلَیْکُمْ نِعْمَتِیْ وَرَضِیْتُ لَکُمُ الْاِسْلَامَ دِیْنًا ط "(سورہ مائدہ آیت نمبر ۳)

آج میں نے دین کو تم لوگوں کے لئے کمال کی منزلوں تک پہونچا دیا۔ اس پر اپنی نعمتیں آخر حدوں تک تمام کر دی اور

آج کے دن میں نے اسلام کو ایک دین کے عنوان سے تمہارے لئے پسندیدہ قرار دیا۔

خود آیت ظاہر کر رہی ہے کہ اس دن کوئی واقعہ گزرا ہے جو اتنا اہم ہے کہ دین کے کامل ہونے اور انسانیت پر خدا کی طرف سے اتمام نعمت کا سبب بن گیا ہے۔ جس کے ظہور پذیر ہونے سے اسلام درحقیقت اسلام ہے اور خدا اس دین کو ویسا ہی پاتا ہے جیسا وہ چاہتا ہے اور اگر وہ نہ ہوتو اسلام، اسلام ہی نہیں ہے۔ آیت کا لب ولہجہ بتاتا ہے کہ واقعہ کتنا اہم ہے۔ اسی بنا پر شیعہ اس سے استدلال کرتے ہیں اور کہتے ہیں کہ وہ موضوع جو دین کی تکمیل اور اتمام نعمت کا سبب بنا اور جو اگر واقع نہ ہوتا تو اسلام دراصل اسلام ہی نہ رہتا۔ وہ کیا تھا؟ شیعہ کہتے ہیں کہ ہم ہی بتا سکتے ہیں کہ وہ کون سا موضوع ہے جسے اتنی اہمیت دی گئی ہے۔ اس کے علاوہ بہت سی روایتیں اس بات کی تائید کرتی ہے کہ یہ آیت بھی اسی موضوع امامت کے تحت نازل ہوئی ہے۔

www.ziaraat.com
jabir.abbas@yahoo.com
Sabeel-e-Sakina

Contact : jabir.abbas@yahoo.com
http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

دوسری بحث

امامت اور تبلیغ دین:

گزشتہ بحث میں امامت کے مختلف پہلوؤں کی تشریح وتوضیح کرتے ہوئے عرض کیا تھا کہ ان مختلف پہلوؤں کو کامل طور پر مشخص ہونا چاہیئے۔ جب تک امامت کے تمام پہلو مشخص ومعین نہ ہونگے، ہم اس مسئلہ پر بخوبی بحث نہیں کرسکتے۔ ہم عرض کرچکے ہیں کہ امامت میں ایک مسئلہ حکومت بھی ہے۔ یعنی پیغمبر اسلام صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے بعد حکومت کیسی ہونا چاہیئے؟ کیا حکومت کی تعیین خود مسلمانوں کے ذمہ ہے اور عوام کا فریضہ ہے کہ اپنے درمیان کسی کو اپنا حاکم معین کریں یا پیغمبر صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے اپنے بعد کے لئے اپنا نائب اور حاکم معین کردیا ہے؟ ان دنوں اس مسئلہ کو کچھ اس ڈھنگ سے پیش کیا جانے لگا ہے کہ قہری طور سے ذہن پہلے اہل سنت کے نظریہ کی جانب متوجہ ہوتا ہے اور انسان سوچنے لگتا کہ ان کا نظریہ فطرت سے زیادہ قریب ہے۔

غلط روش

یہ مطلب کچھ اس طرح بیان کرتے ہیں کہ اصل میں ہمیں ایک حکومت کا مسئلہ درپیش ہے، اب ہمیں یہ دیکھنا ہے کہ اسلامی نقطہ نظر سے حکومت کیسی ہونا چاہیئے؟ کیا حکومت موروثی اور تعیینی ہے کہ ہر حاکم اپنے بعد کے لئے ایک حاکم معین کردے اور عوام کو حکومت کے معاملات میں کسی طرح کی دخل اندازی کا حق حاصل نہ ہو؟ پیغمبر صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے ایک شخص کو معین فرمایا پھر اس شخص نے اپنے بعد کے لئے کسی تیسرے کو معین کیا۔ اور صبح قیامت تک اور حکومت کی یہی صورت رہی کہ ہمیشہ نص وتعین کا سلسلہ چلتا رہا

۔ اب قہری طور پر یہ امر صرف ائمہ تک مخصوص ومحدود نہیں رہ سکتا۔ کیونکہ ائمہ معصومین علیہم السلام صرف بارہ ہیں اور شیعہ عقیدہ رکھتے ہیں کہ یہ تعداد نہ کم ہوسکتی ہے نہ زیادہ۔ اس فکر کے مطابق حکومت کے سلسلہ میں اسلامی نقطۂ نظر سے قانون کلی یہ ہوگا کہ پیغمبر صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم جو خود حاکم ہے اپنے بعد اپنا نائب معین کرے اور وہ اپنے بعد کسی دوسرے کو حاکم معین کرے اور یوں ہی یہ سلسلہ صبح قیامت تک چلتا رہے۔ چنانچہ اگر اسلام پوری دنیا پر حاکم ہوجائے (جیسا کہ آج تقریباً آدھی دنیا اس کے زیر نگی ہے تو تقریباً ایک عرب مسلمان پرچم۔ اسلام کے سائے میں زندگی گزار رہے ہیں) اور یہ طے پائے کہ دنیا کے کونے کونے میں اسلامی قوانین نافذ کئے جائیں، چاہے ایک عالمی حکومت کی شکل میں یا چند چھوٹی بڑی حکومتوں کی صورت میں قانون یہی نصی وتعیینی ہے، پس یہ جو ہم کہتے ہیں کہ پیغمبر صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے علیؑ کو معین فرمایا تو تعین بھی اسی کلی قانون کے تحت تھی کہ حکومت تعیینی وتنصیصی ہونی چاہیئے۔" اور اس فلسفہ کے تحت اس کی ضرورت بھی نہیں رہ جاتی کہ پیغمبر صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے علیؑ کو خدا کی جانب سے معین فرمایا ہو۔ کیونکہ پیغمبر صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم تو وحی کے ذریعہ، احکام خدا بیان کرسکتے تھے اور ائمہ معصومین پر بھی ایک تو ایسا الہام ہوتا ہے دوسرے انھوں نے خود پیغمبر صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے علوم اخذ کئے ہیں، لیکن ان کے بعد تو ایسا نہیں ہے! بس اگر حکومت کے سلسلہ میں اسلامی نقطۂ نظر سے بنیادی قانون (کہ حکومت تنصیصی تعیینی ہونی چاہیئے) تو اس کی ضرورت نہیں کہ پیغمبر صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے علیؑ کو وحی کے ذریعہ معین فرمایا ہو بلکہ یہ کہا جاسکتا ہے کہ حضرت صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے خود اپنی صوابدید پر معین فرمایا ہے۔ اسی طرح ائمہ نے اپنے مصالح کے مطابق اپنے جانشین معین فرمائے ہیں۔ بنابرایں پیغمبر صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی نظر میں خلافت کے لئے علیؑ کی تعیین ویسی ہی ہے جیسے آپ نے کسی کو مکہ کا حاکم یا حاجیوں کے لئے امیر الحاج معین فرمایا ہو، جس طرح وہاں یہ کوئی نہیں کہتا کہ اگر پیغمبر صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فلاں شخص کو مکہ کا حاکم بنایا۔ یا معاذ بن جبل کو تبلیغ کے لئے

Contact : jabir.abbas@yahoo.com
http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

یمن بھیجا، تو یہ سب وحی کے حکم سے تھا، بلکہ یہ کہا جاتا ہے کہ چونکہ پیغمبرﷺ خداوند عالم کی جانب سے لوگوں پر حاکم وسرپرست ہیں لہٰذا جن مسائل میں ان پر وحی نہیں نازل ہوتی، ان میں ذاتی تدبر وفرات سے اقدام فرماتے ہیں (یوں ہی یہاں بھی کہا جائے گا کہ پیغمبرﷺ نے خود اپنی ذاتی تشخیص وتدبر سے علیؑ کو خلافت و نیابت کے لئے معین فرمایا)

اگر ہم مسئلہ امامت کو اتنی ہی سادگی سے پیش کریں کہ یہ دنیاوی حکومت کا مسئلہ بن جائے تو اسکے علاوہ ہم اور کیا کہہ سکتے ہیں کہ یہ مسئلہ اس امامت سے الگ ہے جس پر بحث کی جاری ہے کیونکہ اگر مسئلہ اسی شکل میں ہوتا تو میں عرض کر چکا ہوں کہ اس میں وحی کی کوئی ضرورت ہی نہیں رہ جاتی، زیادہ سے زیادہ اس میں وحی کو اسی قدر دخل ہوتا کہ اے پیغمبرﷺ! تمہارا فرض ہے کہ اپنی مصلحت کے مطابق جسے چاہو اپنا جانشین معین کردو اور وہ جسے بہتر سمجھے اپنا جانشین بنائے تا صبح قیامت اگر ہم امامت کو اتنے ہی سادہ طور سے حکومت کی سطح پر پیش کریں اور کہیں کہ امامت کا مطلب حکومت ہے تو ایسی صورت میں ہم دیکھتے ہیں کہ شیعی نقطۂ نظر کے مقابل میں اہل سنت کا نظریہ زیادہ پرکشش نظر آتا ہے۔ کیونکہ وہ کہتے ہیں کہ ایک حاکم کو اپنے بعد حاکم معین کرنے کا کوئی حق نہیں ہے بلکہ یہ حق امت اور ارباب حل وعقد کو حاصل ہے۔ عوام اس کے حقدار ہیں، حاکم کا انتخاب ڈیموکریسی کے اصول پر ہونا چاہیئے۔ یہ حق عوام کا ہے لہٰذا عوام ہی حاکم منتخب کریں گے۔ لیکن حقیقتاً مسئلہ اتنا سادہ اور ہلکا پھلکا نہیں ہے۔ مجموعی طور سے شیعوں کے یہاں علیؑ اور تمام ائمہ معصومین کی خلافت کا مسئلہ تنصیصی تعیینی ہے۔ اس کا مدار ایک دوسرے مسئلہ پر ہے اور وہ مسئلہ اس سے بھی زیادہ بنیادی حیثیت کا حامل ہے۔

یہاں سوال یہ پیدا ہوتا ہے کہ ائمہ علیہم السلام کی تعداد فقط بارہ افراد پر مشتمل ہے، پھر ان ائمہ کے بعد حکومت کی صورت کیا ہوگی؟ ہم فرض کرلیں کہ جس طرح

پیغمبرﷺ اسلامﷺ نے علیؑ کو معین فرمایا، آپ کے بعد امام حسنؑ پھر امام حسینؑ حاکم ہوئے اور یہ سلسلہ حضرت حجتؑ تک جاری رہتا ہے۔ ایسی صورت میں قہری طور پر اس نقطۂ نظر کے مطابق جو ہم شیعہ اس سلسلہ میں رکھتے ہیں۔ امام زمانہؑ کی غیبت کی کوئی ضرورت نہیں رہتی حضرتؑ بھی اپنے آبائے کرام کی طرح ایک مختصر سی زندگی گزار کر اس دنیا سے رخصت ہوجاتے۔ اس کے بعد کیا ہوتا؟ کیا ائمہ کی تعداد بارہ سے بڑھ جاتی؟ نہیں لہٰذا کوئی دوسری صورت عوام کے سامنے ہونی چاہئے، ایک عادی صورت بالکل ویسی ہی جیسے آج بھی موجود ہے۔ حضرت حجتؑ غیبت کے زمانہ میں تو مسلمانوں کے حاکم ہو نہیں سکتے۔ لہٰذا دنیاوی حکومت کا مسئلہ اپنی جگہ پھر باقی رہ جاتا ہے!

حکومت، امامت کی ایک فرع:

ہمیں ہرگز اس اشتباہ اور مغالطہ میں نہیں پڑنا چاہیے کہ جہاں کہیں شیعوں کے نزدیک امامت کا مسئلہ درپیش ہو، اسے حکومت کا مسئلہ قرار دیں۔ نتیجہ میں یہ مسئلہ بہت ہی معمولی صورت اختیار کرلے اور صرف ایک فرعی حیثیت رہ جائے اور یہ کہا جائے کہ اب جبکہ حکومت اور حاکم کا مسئلہ درپیش ہے تو کیا حاکم کو سب سے افضل ہونا چاہیے؟ ممکن ہے جو شخص حاکم ہو وہ نسبی طور سے تو افضل ہو واقعی افضل نہ ہو؟ یعنی سیاست اور نظم وتدبر میں تو دوسروں سے بہتر ہو لیکن دوسرے اعتبارات سے بہت ہی پست ہو۔ ایک اچھا سیاست دان اور منتظم ہو خائن بھی نہ ہو لیکن کیا ضروری ہے کہ وہ معصوم بھی ہو؟ کیا ضروری ہے کہ نماز شب پڑھتا ہے یا نہیں؟ فقہی مسائل جانتا ہے یا نہیں؟ کیا ضروری ہے کہ جانے؟ ان مسائل میں وہ دوسروں سے معلومات حاصل کرلیتا ہے، فقط ایک نسبی و اعتباری افضلیت اس کے لئے کافی ہے۔ یہ تمام باتیں اس کا نتیجہ ہیں کہ ہم نے مسئلہ امامت کو فقط حکومت کی سطح پر دیکھا اور معمولی قرار دے دیا یہ بہت بڑا مغالطہ ہے اور ایسا مغالطہ ہے جس میں

www.ziaraat.com
jabir.abbas@yahoo.com
sabeel-e-sakina

Contact : jabir.abbas@yahoo.com
http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

بعض قدیم (علماء علم کلام) بھی مبتلا ہو چکے ہیں۔آج اسی مغالطہ کو بار بار دہرایا جاتا ہے اور ہوا دی جاتی ہے۔ یہاں تک کہ جب بھی امامت کا ذکر آتا ہے اس سے حکومت مراد لی جاتی ہے۔جبکہ حکومت مسئلہ امامت کی ایک چھوٹی سی شاخ اور معمولی فرع کی حیثیت رکھتی ہے۔ان دونوں کو آپس میں مخلوط نہیں کرنا چاہیے۔پھر امامت کیا ہے؟

امامت دین بیان کرنے میں پیغمبر ﷺ کا جانشین:

امامت کے سلسلہ میں جس چیز کو سب سے زیادہ اہمیت ہے وہ یہ ہے کہ امام دین کی تشریح اور اسے بیان کرنے میں پیغمبر ﷺ کا جانشین ہے، فرق صرف یہ ہے کہ امام پر وحی نہیں نازل ہوتی۔ بلاشبہ وحی صرف پیغمبر اکرم ﷺ پر نازل ہوتی تھی اور ان کی رحلت کے بعد رسالت کا سلسلہ قطعی طور پر بند ہوگیا۔ امت کا مسئلہ یہ ہے کہ کیا پیغمبر اسلام ﷺ کے بعد وہ تمام آسمانی تعلیمات جس میں نہ اجتہاد کو دخل ہے نہ شخصی رائے کو، ان کا بیان یا تشریح و تبلیغ کسی ایک ہی فرد تک محدود ہے؟ اور اس طرح جیسے پیغمبر ﷺ کی شان تھی کہ جب لوگ ان سے دینی مسائل دریافت کرتے تھے وہ یہ جانتے تھے کہ ان کا قول حق درحقیقت پر مبنی ہے۔اس میں شخص فکر یا رائے کو دخل نہیں ہے جس میں اشتباہ یا غلطی کا امکان ہو اور دوسرے روز وہ اپنی بات کی تصحیح فرمائیں۔ہم پیغمبر ﷺ کے بارے میں ہرگز یہ بات نہیں کہتے اور نہ یہ کہہ سکتے ہیں ہماری نظر میں ان کا فلاں جواب درست نہیں ہے اور یہاں پر آپ جان بوجھ کو خواہشات نفسانی سے متاثر ہو گئے ہیں کیونکہ یہ باتیں عقیدۂ نبوت کے خلاف ہیں۔اگر قطعی دلائل سے ثابت ہوجائے کہ یہ جملہ پیغمبر اسلام ﷺ کا ارشاد ہے، تو ہرگز یہ نہیں کہہ سکتے کہ پیغمبر ﷺ نے فرمایا تو ہے لیکن اس میں ان سے اشتباہ ہوگیا ہے۔ایک مرجع تقلید کے لئے تو یہ کہنا ممکن ہے اس نے فلاں سوال کے جواب میں اشتباہ اور غفلت کی یا جیسا کہ اور سب کے

بارے میں کہہ دیتے ہیں کہ حالات سے متاثر ہو گئے۔لیکن پیغمبر ﷺ کے بارے میں ایسی باتیں نہیں کہی جاسکتیں۔ یوں سمجھئے کہ جس طرح ہم قرآن کی آیت کے بارے میں یہ نہیں کہہ سکتے کہ یہاں وحی نے اشتباہ کیا ہے یا نفسانی خواہشات اور بے انصافی سے کام لیا ہے، وحی کے اشتباہ کا مطلب یہ ہوا کہ یہ آیت وحی نہیں ہے (اسی طرح پیغمبر ﷺ کے اقوال کے لئے بھی یہ سب نہیں کہہ سکتے) اب سوال یہ ہے کہ کیا پیغمبر ﷺ کے بعد بھی کوئی ایسا شخص موجود تھا جو احکام دین کی تشریح و تفسیر کے لئے پیغمبر ﷺ کے مانند مرکزی حیثیت کا حامل ہو؟ ایک انسان کامل ان خصوصیات کا حامل موجود تھا یا نہیں؟ ہم کہتے ہیں کہ ایسا شخص موجود تھا (اور وہ علیؑ اور ان کے بعد ائمہ معصومینؑ تھے) بس فرق یہ ہے کہ پیغمبر ﷺ براہ راست وحی کے ذریعہ دینی احکام بیان فرماتے ہیں اور ائمہ جو کچھ فرماتے ہیں پیغمبر ﷺ سے اخذ کرکے فرماتے ہیں پیغمبر اسلام ﷺ نے میرے لئے علم کا ایک باب کھولا۔اس باب کے ذریعہ مجھ پر علم کے ہزار باب کھل گئے۔ہم اس کی وضاحت نہیں کر سکتے کہ ایسا کیسے ہوا۔جس طرح وحی کے لئے ہم یہ نہیں کہہ سکتے کہ پیغمبر اسلام ﷺ خدا کی طرف سے کیسے علم حاصل کرتے تھے۔ یوں ہی ہم اس کی وضاحت بھی نہیں کر سکتے کہ پیغمبر اکرم ﷺ اور حضرت علی کے درمیان کس نوعیت کا معنوی و روحانی رابطہ تھا کہ پیغمبر اسلام ﷺ نے تمام حقائق و معارف کما ھو حقہ و بتمامہ، جو اس کا حق تھا کامل طور پر حضرت علیؑ کو تقسیم فرمادیئے اور آپ کے علاوہ کسی سے بیان نہ فرمائے۔حضرت علیؑ خود نہج البلاغہ میں (اس طرح کی عبارتیں دوسری جگہوں پر بھی بہت ہیں) فرماتے ہیں کہ: میں پیغمبر اکرم ﷺ کے ہمراہ غار حرا میں تھا، (اس وقت آپ کمسن تھے) کہ میں نے ایک دردناک گریہ کی آواز سنی، عرض کیا یا رسول اللہ ﷺ، جب آپ پر وحی نازل ہو رہی تھی میں نے شیطان کے رونے کی آواز سنی ہے۔آپ نے فرمایا:

Contact : jabir.abbas@yahoo.com
http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

یا علی ! انك تسمع ما اسمع و تریٰ ما اریٰ ولکنّك
لست بنبیّ (نہج البلاغه، خطبه نمبر ۱۹۲)

اے علیؑ ! جو کچھ میں سنتا ہوں تم بھی سنتے ہو اور جو کچھ میں
دیکھتا ہوں تم بھی دیکھتے ہو۔

بس فرق یہ ہے کہ تم نبی نہیں ہو) اگر وہیں حضرت علیؑ کے پاس کوئی دوسرا شخص بھی موجود ہوتا تو وہ آواز نہیں سن سکتا تھا۔ کیونکہ یہ سماعت فضا میں گردش کرنے والی عام آواز کے سننے والی سماعت نہیں تھی جسے ہر صاحب گوش سن سکتے بلکہ، یہ سماعت، بصارت اور احساس کچھ اور ہی ہے۔

حدیث ثقلین اور عصمت ائمہ علیہم السلام:

مسئلہ امامت کی بنیاد اس کا وہی معنوی پہلو ہے۔ ائمہ یعنی پیغمبر ﷺ کے بعد ایسے معنوی انسان، جو انہیں معنوی طریقوں سے اسلام کی معرفت رکھتے ہیں اور اسے پہچانتے ہیں اور پیغمبر ﷺ ہی کے مانند خطاؤں، لغشوں اور گناہوں سے محفوظ و معصوم ہیں۔ امام ایک ایسے قطعی ویقینی مرجع ومرکزی کی حیثیت رکھتا ہے کہ اگر اس سے کوئی بات سنی جائے تو اس میں نہ کسی خطا یا لغزش کا احتمال دیا جا سکتا ہے۔ نہ ہی اس سے جان بوجھ کر انحراف ہوسکتا ہے۔ اور اس کو دوسرے الفاظ میں عصمت کہتے ہیں۔ یہی وہ منزل ہے جہاں شیعہ کہتے ہیں کہ پیغمبر گرامی ﷺ کا ارشاد:

"انی تارك فیکم الثقلین کتاب الله و عترتی"
(صحیح مسلم جزء ہفتم صفحه ۲۲)

میں تمہارے درمیان دو گراں قدر چیزیں چھوڑے جا رہا

ہوں ایک قرآن ہے اور دوسرے میری عترت

یہ حدیث مسئلہ عصمت میں نص کی حیثیت رکھتی ہے۔ اور جہاں تک یہ سوال ہے کہ آیا پیغمبر ﷺ نے یہ بات کہی یا نہیں؟ کوئی شخص پیغمبر ﷺ کی اس حدیث سے انکار نہیں کر سکتا ہے۔ یہ ایسی حدیث نہیں ہے جسے صرف شیعوں نے نقل کیا۔ بلکہ شیعوں سے زیادہ اہل سنت نے اپنے مقالہ میں اس حدیث کو یوں نقل کیا تھا۔

انی تارك فیکم ثقلین کتاب الله وسنتی مرحوم آیۃ اللہ بروجردی جو واقعاً تمام معنی میں عالم روحانی تھے اور ان مسائل میں عاقلانہ فکر اور گہری بصیرت رکھتے تھے۔ آپ نے ایک فاضل طالب علم آقای شیخ قوام الدین وشنوہ ای کی رہنمائی اس امر کی طرف فرمائی کہ مذکورہ حدیث کو اہل سنت کی کتابوں سے نقل کریں۔ یہ بزرگ بھی کتابوں پر گہری نظر رکھتے تھے انھوں نے اہل سنت کی تقریباً دوسو سے زیادہ معتبر اور قابل اعتماد کتابوں سے اس حدیث کو انہیں لفظوں میں نقل فرمایا۔ انی تارک فیکم الثقلین کتاب اللہ وعترتی " یہ حدیث متعدد مقامات پر نقل ہوئی ہے۔ کیونکہ پیغمبر ﷺ نے اسے مختلف موقعوں اور متعدد جگہوں پر انہیں الفاظ میں ارشاد فرمایا ہے۔ البتہ کہنے کا مطلب یہ نہیں ہے کہ پیغمبر ﷺ نے ایک مرتبہ بھی یہ نہ فرمایا ہوگا کہ میں تمہارے درمیان دو چیزیں چھوڑے جا رہا ہوں "کتاب و سنت" کیونکہ قرآن وعترت" اور "کتاب وسنت" میں کوئی ٹکراؤ نہیں ہے۔ اس لئے کہ عترت ہی سنت کو بیان کرنے والی اور اس کی وضاحت کرنے والی ہے۔ بات یہ نہیں ہے کہ ہم سنت وعترت میں سے کس کی طرف رجوع کریں۔ ایک طرف پیغمبر ﷺ کی ایک سنت (حدیث) ہو اور ایک طرف عترت کی ایک فرد موجود ہو تو اس صورت میں کسے انتخاب کرے! بلکہ بات یہ ہے کہ عترت کی سنت پیغمبر ﷺ کی صحیح اور واقعی وضاحت کرنے والی ہے اور پیغمبر ﷺ

Contact : jabir.abbas@yahoo.com
http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

کی تمام سنتیں انہیں کے پاس محفوظ ہیں۔ "کتاب اللہ وعترتی" کا مطلب یہ ہے کہ ہماری سنت کو ہماری عترت سے حاصل کرو اس کے علاوہ خود یہ حدیث "انی تارك فیکم الثقلین کتاب اللہ وعترتی" سنت ہے یعنی حدیث پیغمبر ﷺ ہے۔ لہٰذا ان دونوں میں کوئی ٹکراؤ نہیں ہے پھر بھی اگر کسی ایک جگہ وہ غیر قطعی طور پر۔ پیغمبر ﷺ نے "کتاب اللہ وسنتی" فرمایا ہو تو بہت سی جگہوں پر قطعی طور سے "کتاب اللہ وعترتی" فرمایا ہے۔ اگر کسی ایک کتاب میں حدیث اس شکل میں ذکر ہوئی ہے، تو کم ازکم دوسو کتابوں میں یہ حدیث کتاب اللہ وعترتی" کے ساتھ ذکر ہوئی ہے

بہر حال شیخ قوام الدین وشنوہای نے وہ تمام حوالے ایک رسالے کی شکل میں تحریر فرمائے اور اسے "دارالتقریب مصر" بھیجا ہے۔ ادارہ دارالتقریب نے بھی اسے کم وکاست چھاپ دیا کیونکہ اسے کسی طرح رد نہیں کیا جا سکتا تھا اب اسے مرحوم آیۃ اللہ بروجردی بھی دوسروں کی طرح صرف شوروغوغا اور فریاد بلند کرتے اور فرماتے یہ غلط اور بکواس کرتے ہیں۔ حق اہل بیت سے کھیلنا چاہتے ہیں، ہمیشہ بدنیتی سے کام لیتے ہیں ؟ اب دیکھیں کہ امامت کی اصل روح کیا ہے، اسلام جو ایک جامع، وسیع و ہمہ گیر اور کلی دین ہے، کیا اسی قدر ہے جتنا قرآن میں اصول وکلیات کے طور پر بیان ہوا ہے یا پیغمبر اکرم ﷺ کے کلمات میں جنہیں خود اہل سنت نے بھی نقل کیا ہے، اس کی توضیح وتفسیر بیان ہوئی ہے؟ کیا جو کچھ تھا یہی اسلام تھا؟ یقیناً اسلام کا نزول پیغمبر ﷺ پر تمام ہو چکا لیکن جو کچھ بیان ہوا کیا یہی کامل اسلام تھا؟ (یعنی تمام نازل شدہ اسلام بیان بھی ہو چکا ؟) یا آنحضرت کے بعد بھی پیغمبر ﷺ پر نازل شدہ اسلام کی بہت سی باتیں ابھی اس لئے بیان سے باقی رہ گئی تھیں کہ ابھی ان کی ضرورت پیش نہیں آئی تھی اور زمانہ کے ساتھ رفتہ رفتہ جب حالات ومسائل پیش آتے تو بیان شدہ مسائل بیان کئے جاتے۔ چنانچہ یہ ساری دینی امانتیں حضرت علیؑ کے پاس محفوظ تھیں اور ان کے اوپر انہیں عوام کے سامنے

بیان کرنے کی ذمہ داری تھی۔ یہی امامت کی روح اور اصل حقیقت ہے۔ ایسی صورت میں یہی حدیث "کتاب اللہ وعترتی" ائمہ کی عصمت کو بھی بیان کرتی ہے۔ کیونکہ پیغمبر اسلام ﷺ فرماتے ہیں: "دین ان ہی دونوں سے حاصل کرو۔ جس طرح قرآن معصوم ہے اور اس میں کسی خطا کا امکان نہیں ہے یوں ہی عترت بھی معصوم ہے۔ اور یہ محال ہے کہ پیغمبر ﷺ پوری قاطعیت اور یقین کے ساتھ فرمائیں کہ دین فلاں شخص سے حاصل کرو، جبکہ وہ شخص جس کے لئے آنحضرت فرمائیں، بعض مواقع پر اشتباہ و غلطیاں بھی کرتا ہو!

یہی وہ نقطہ ہے جہاں دین کے اجزا بیان کرنے میں شیعہ اور سنی نظریات میں بنیادی فرق نظر آتا ہے۔ اہل سنت یہ کہتے ہیں کہ: جہاں پیغمبر اسلام ﷺ کی رحلت کے بعد وحی کا سلسلہ منقطع ہوا وہیں دین کے واقعی اور حقیقی بیان کا وہ عصمتی سلسلہ بھی جس میں کسی قسم کی خطا یا اشتباہ کا امکان نہ تھا، تمام ہو گیا۔ اب جو کچھ ہم تک قرآن و احادیث پیغمبر اسلام ﷺ کی شکل میں پہنچا اور ہم نے اس سے استنباط کیا۔ وہی سب کچھ ہے اس کے علاوہ کچھ بھی نہیں۔

حدیثیں نہ لکھی جائیں۔

ان لوگوں نے خود ایسے حالات پیدا کر دیئے جنھوں نے ان کے نظریہ کو کمزور بنا دیا۔ اور وہ یہ ہے کہ عمرؓ نے پیغمبر ﷺ کی حدیثیں لکھنے پر روک لگا دی اور حکم دیا کہ حدیثیں نہ لکھی جائیں۔ اور یہ ایک تاریخی واقعیت ہے۔ اگر ہم بدبینی کے الزام سے بچنے کی غرض سے ایک شیعہ کی حیثیت سے بات نہ کریں اور اپنی جگہ ایک یورپی مستشرق کا خیال کریں۔ تو وہ بھی اگر بہت زیادہ خوش بینی سے کام لے گا تو یہی کہے گا کہ عمرؓ نے یہ حکم اس لئے دیا تھا کہ وہ صرف قرآن کو دینی احکام کا واحد منبع ومرجع بنانے پر بے انتہا زور

Contact : jabir.abbas@yahoo.com
http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

دیتے تھے اور اگر لوگ حدیثوں کی طرف زیادہ مائل ہوجاتے تو قرآن سے ان کا رابطہ کم ہوجاتا۔ اسی لئے انہوں نے حدیثیں لکھنے سے منع کر دیا۔ یہ واقعہ تاریخ کے قطعیات میں سے ہے، صرف شیعوں کی کہی ہوئی بات نہیں۔ عمرؓ کے زمانہ میں لوگ نہ حدیث پیغمبر ﷺ لکھنے کی جرأت کرتے تھے اور نہ یہ کہتے تھے کہ یہ پیغمبر ﷺ کی حدیث ہے۔ حتیٰ کہ پیغمبر ﷺ سے حدیث کی روایت بھی نہیں کر سکتے تھے (البتہ حدیث بیان کرنا منع نہ تھا) یہاں تک کہ عمر ابن عبدالعزیز (۹۹ ہجری تا ۱۰۱ ہجری) نے یہ جمود توڑا اور حکم دیا کہ حدیثیں لکھی جائیں۔ اب جبکہ عمر ابن عبدالعزیز نے عمرؓ ابن خطاب کی سیرت پر نسخ کھینچ دیا اور کہا کہ پیغمبر ﷺ کی حدیثیں ضرور لکھی جائیں تو وہ افراد جنھوں نے سینہ بہ سینہ احادیث پیغمبر ﷺ سے کچھ محفوظ کر رکھا تھا، آئے، روایت لی اور انھیں نوشتوں کی شکل میں محفوظ کر لیا گیا۔ بہر حال احادیث رقم کرنے سے لوگوں کو مدت تک روک دیئے جانے کا نتیجہ یہ ہوا کہ ان کا ایک بڑا حصہ تلف ہو گیا۔

سب جانتے ہیں کہ قرآن میں جو احکام بیان ہوئے ہیں بہت ہی مجمل، مختصر اور جزئی ہیں۔

قرآن سراسر کلی احکام کا مجموعہ ہے۔ مثلاً قرآن جو نماز پر اس قدر زور دیتا ہے، اس میں اس عبادت کے لئے "اقیموا الصلاۃ" اور "اسجدوا وارکعوا" یعنی نماز قائم کرو یا سجدہ کرو اور رکوع کرو، سے زیادہ کچھ اور نہیں آتا ہے۔ حتیٰ کہ اس کی بھی وضاحت نہیں کی گئی کہ نماز کس انداز میں پڑھی جائے گی۔ اسی طرح حج جس کے بارے میں اتنے سارے احکام بیان کئے ہیں۔ اور پیغمبر ﷺ خود بھی ان احکام کے پابند تھے لیکن قرآن میں ان سے متعلق کوئی چیز بیان نہیں کی گئی ہے۔ دوسری طرف سنت پیغمبر ﷺ یعنی حدیثوں کا جو حال ہوا ہم اسے بیان کر چکے ہیں۔ اور فرض کریں اگر یہ صورت حال پیدا نہ بھی ہوئی تھی، پھر بھی پیغمبر ﷺ کو اتنا موقع کہاں ملا کہ تمام حلال و

حرام کو بیان فرما دیتے۔ مکہ کی وہ تیرہ سالہ زندگی۔ جس میں لوگ شدید دباؤ اور سختیوں کے باوجود مسلمان ہوئے تھے شاید ان کی تعداد چار سو افراد تک بھی نہیں پہنچی۔ ایسے سخت حالات میں آنحضرت سے ملاقات بھی ڈھکے چھپے ہوا کرتی تھی۔ ان میں سے بھی ستر خانوادوں پر مشتمل مسلمانوں کا ایک گروہ جو مسلمانوں کی نصف جمعیت یا اس سے بھی زیادہ تھے، حبشہ ہجرت کر گیا۔ ہاں مدینہ اس حیثیت سے امن کی جگہ تھی لیکن وہاں بھی پیغمبر ﷺ کی مصروفیت بہت زیادہ تھیں اگر رسول اکرم ﷺ اس پورے تیئیس سال کے عرصہ میں ایک معلم کی حیثیت سے لوگوں کو مدرسہ کی صورت میں جمع کر کے صرف احکام بیان کرنے کے لئے وقت کافی نہ ہوتا۔ چہ جائیکہ ان حالات میں خصوصاً جبکہ اسلام انسانی زندگی کے ہر موڑ اور ہر پہلو پر ایک حکم رکھتا ہے۔

قیاس کی پناہ میں:

نتیجہ یہ ہوا کہ اہل سنت اپنے مفروضہ کے مطابق عملی طور پر احکام اسلام کی تنگ دستی کا احساس کرنے لگے۔ جب مسئلہ پیش آتا، اور دیکھتے تھے کہ قرآن میں اس سے متعلق کوئی حکم بیان نہیں ہوا ہے، تو (باقی ماندہ محفوظ) حدیثوں میں حل تلاش کرتے تھے، جب وہاں بھی مایوسی ہوتی تھی تو ظاہر ہے مسئلہ بغیر کسی حکم کے چھوڑا نہیں جا سکتا، لہٰذا کسی نہ کسی طرح مسئلہ کا حکم تلاش کرنے کے لئے قیاس کا سہارا لیتے تھے، قیاس، یعنی جن مسائل کا حکم قرآن یا حدیث میں بیان ہوا ہے اور چونکہ یہ مسئلہ بھی اس سے ملتا جلتا ہے لہٰذا اس کا حکم بھی وہی ہوگا۔ خلاصہ یہ کہ احکام دین کی بنیاد،، شاید،، پر کھڑی کی گئی۔ ایسے مقامات ایک دو نہیں تھے جہاں حدیث ناکافی ثابت ہوئی۔ دنیائے اسلام میں خاص طور سے عباسیوں کے زمانہ میں زیادہ وسعت پیدا ہوئی مختلف ممالک فتح ہوئے اور صورتیں نت نئے مسائل کی شکل میں سر اٹھانے لگیں اور جب لوگ قرآن و احادیث

Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

میں ان کا حل نہیں پاتے تو دھڑا دھڑ قیاس آرائیوں سے کام لیتے تھے۔ نتیجہ یہ ہوا کہ دو گروہ بن گئے ایک فرقہ قیاس کا منکر ہو گیا جس میں احمد بن حنبل اور مالک بن انس شامل تھے (مالک بن انس کے بارے میں کہا جاتا ہے کہ انہوں نے پوری زندگی میں صرف دو مسئلہ میں قیاس کیا) دوسرا گروہ تھا جس نے قیاس کے رہوار کو بے لگام چھوڑ دیا اور وہ ساتویں آسمان پر پہنچ گیا۔ اس کے علم بردار ابوحنیفہ تھے۔ ابوحنیفہ کہتے تھے کہ یہ تمام حدیثیں جو پیغمبر ﷺ سے ہم تک پہنچی ہیں بالکل قابل اعتماد نہیں ہیں کیونکہ نہیں معلوم کہ واقعی پیغمبر ﷺ نے یہ باتیں ارشاد فرمائی ہیں؟ لوگ کہتے ہیں کہ آنحضرت نے ارشاد فرمایا ہے: میرے نزدیک تو آنحضرت کی صرف پندرہ حدیثیں ثابت ہیں جن کے بارے میں کہہ سکتا ہوں کہ انہیں پیغمبر ﷺ نے فرمایا ہے اور بس۔ بقیہ مسائل میں ابوحنیفہ قیاس کرتے تھے۔ شافعی نے میانہ روی اختیار کر رکھی تھی یعنی بعض مسائل میں احادیث پر اعتقاد کرتے تھے اور بعض مواقع پر قیاس سے کام لیتے تھے۔ نتیجہ فقہ ایک عجیب وغریب کھچڑی کی شکل اختیار کر گئی۔ کہتے ہیں کہ ابوحنیفہ چونکہ نسلی طور پر ایرانی تھے اور ایرانیوں کی توجہ عقلی مسائل کی طرف زیادہ ہوا کرتی ہے مزید یہ کہ وہ مرکز حدیث یعنی مدینہ سے دور عراق میں زندگی بسر کرتے تھے لہٰذا بہت زیادہ قیاس واقع ہوئے تھے۔ بیٹھے بیٹھے قیاس کے تانے بانے بنا کرتے تھے۔ خود اہل سنت نے لکھا ہے کہ ایک روز آپ حجام کے یہاں گئے، آپ کی داڑھی کے بال کھچڑی تھے، ابھی سفید بال زیادہ نہیں تھے، حجام سے کہا، سارے سفید بال اکھاڑ دو۔ خیال یہ تھا کہ اگر تمام سفید بال جڑ سے اکھڑ جائیں گے تو انکا وجود ہی ختم ہو جائے گا۔ حجام نے کہا، اتفاق سے سفید بالوں کی خاصیت یہ ہے کہ اگر اکھاڑ دئے گئے تو اور زیادہ نکل آئیں گے۔ آپ نے فوراً قیاس کر کے فرمایا، تو سیاہ بالوں کو اکھاڑ ڈالو، یہ قیاس ہے۔ آپ نے قیاس یہ کیا کہ اگر سفید بال اکھاڑنے سے زیادہ اگتے ہیں تو جب سیاہ بال اکھاڑے جائیں گے وہ بھی زیادہ اگیں گے۔! جبکہ اگر یہ قاعدہ

ہو بھی تو صرف سفید بالوں کے لئے جاری کیا جائے گا۔ کالے بالوں کے لئے نہیں۔ چنانچہ آپ فقہ میں بھی یہی طریقہ عمل میں لاتے تھے۔

قیاس اور شیعوں کا نظریہ:

جب ہم شیعوں کی روایات کو دیکھتے ہیں تو نظر آتا ہے کہ قیاس کو سرے سے قبول ہی نہیں کرتے بلکہ بنیادی طور سے اس فکر ہی کو غلط اور اشتباہ سمجھتے ہیں کہ کتاب خدا اور احادیث پیغمبر ﷺ کافی و وافی نہیں ہیں۔ قیاس کا سوال تو وہاں پیدا ہوتا ہے جب یہ کہا جائے کہ کتاب وسنت تمام احکام دین بیان کرنے کی صلاحیت نہیں رکھتے اور چونکہ وہ ناکافی ہیں اس لئے قیاس سے کام لیا جائے۔ جبکہ یہ سراسر غلط ہے کیونکہ خود پیغمبر اسلام ﷺ سے براہ راست یا بالواسطہ طور پر ان کے اوصیاء کرام کے ذریعہ احادیث کا اتنا بڑا ذخیرہ ہم تک پہنچا ہے کہ ان حدیثوں کے کلیات کی طرف رجوع کرنے کے بعد قیاس کی ضرورت ہی نہیں رہ جاتی۔ دینی نقطۂ نظر سے امامت کی روح یہی ہے کہ اس کے ذریعہ احادیث کا ذخیرہ ہم تک پہنچا۔ اسلام صرف ایک مسلک نہیں ہے، جس کا بانی اپنے افکار ونظریات کا اجراء کرنے کے لئے حکومت کا محتاج ہوتا ہے۔ حکومت کا اس میں کیا دخل، اسلام ایک دین ہے ایک دین کی وضع اور وہ بھی اسلام جیسے دین کی اہمیت وہمہ گیری کو پیش نظر رکھنا چاہیے۔

معصوم کی موجودگی میں انتخاب کی گنجائش ہی نہیں

امت کی قیادت رہبری کی رو سے امامت کا مسئلہ یہ ہے کہ اب جبکہ پیغمبر ﷺ کے بعد ان ہی کے زمانہ کی طرح ایک معصوم موجود ہے اور پیغمبر ﷺ نے خود ایسے شخص کو اپنا نائب ووصی معین فرما دیا ہے جو عام افراد کی سطح کا نہیں ہے بلکہ اس میں

Contact : jabir.abbas@yahoo.com
http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

پیغمبر ﷺ جیسی ہی استثنائی صلاحیتیں موجود ہیں ۔ چنانچہ ایسے شخص کی موجودگی میں کسی بھی انتخاب یا شوریٰ وغیرہ کی ضرورت باقی نہیں رہتی ،جس طرح پیغمبر ﷺ کے زمانہ میں یہ سوال نہیں اٹھتا تھا کہ پیغمبر ﷺ تو صرف پیغام لانے والے ہیں اوران پر وحی نازل ہوتی ہے اب حکومت کا مسئلہ طے کرنا شوریٰ یا عوام کی ذمہ داری ہے،عوام آئیں اور رائے دیں کہ خود پیغمبر ﷺ کو حاکم قرار دیا جائے یا کسی دوسرے کو حاکم بنایا جائے بلکہ سب کا یہی خیال تھا کہ پیغمبر اسلام ﷺ کے ایسے بارہ جانشین موجود ہیں ، جو دو تین صدیوں کے عرصہ میں اسلام کی بنیادوں کو پورے طور سے مستحکم کردیں اور اسلام میں صاف وشفاف سرچشمہ اورمعصوم افراد کے ہوتے ہوئے کسی انتخاب یا شوریٰ کی گنجائش بہرحال نہیں ہے ۔ کیا یہ بات عقل میں آنے والی ہے کہ ہمارے درمیان ایک ایسا شخص موجود ہو جو معصوم ہونے کے ساتھ ایسا عالم بھی ہو جس سے کسی خطا یا اشتباہ کا امکان بھی نہ پایا جاتا ہو اس کے باوجود اس کی جگہ پر ہم کسی دوسرے کا انتخاب کریں؟!

اس کے علاوہ جب علیؑ پیغمبر ﷺ کی جانب سے ایک ایسی امامت وجانشین پر فائز ہوئے تو قہری طور پر دنیاوی حاکمیت ورہبری بھی ان ہی کے شایان شان ہوگی ۔ پیغمبر ﷺ نے بھی علیؑ کے لئے اس منصب کی صراحت کردی ہے ۔لیکن آنحضرت نے منصب امامت کی صراحت ووضاحت اس لئے فرمائی ہے کہ وہ اس دوسرے منصب کے حقدار بھی ہیں ۔ بنابرایں غیبت امام زمانہؑ کے دوران جبکہ ویسے ہی وسیع اختیار کا حامل کوئی معصوم امام موجود نہیں ہے یوں اگر فرض کرلیں کہ اگر صدر اسلام میں وہ حالات پیش نہ آتے اور حضرت علیؑ ہی خلیفہ وجانشین ہوتے ، ان کے بعد امام حسن علیہ السلام ، پھر امام حسینؑ اور یہ سلسلہ حضرت ولی عصرؑ تک قائم رہتا اور وہ صورت رونما ہوتی جو امام کی غیبت کا سبب بنی اور ان کے بعد جب کوئی امام معصوم ہمارے درمیان موجود نہ ہوتا تب حکومت کا مسئلہ دوسرا ہو جاتا ۔اور اس وقت یہ سوال اٹھتے کہ یہ حکومت کس کا حق ہے؟ کیا حاکم ،فقیہ جامع

الشرائط ہی ہوسکتا ہے؟ یا یہ چیز حکومت کے لئے لازم نہیں ہے ۔کیا عوام کو حاکم کے انتخاب کا حق ہے؟ یا؟!

بنابرایں ہمیں مسئلہ امامت کو ابتدا سے ہی حکومت جیسا سادہ اور دنیاوی مسئلہ نہیں بنا دینا چاہیے، تاکہ پھر اس کی روشنی میں یہ سوال اٹھایا جائے کہ اسلام کی نظر میں حکومت زبردستی کی تخصیص وتعیینی ہے یا انتخابی؟ اور پھر یہ سوال پیدا ہو کہ آخر شیعہ اس طرح کی حکومت پر کیوں اصرار کرتے ہیں؟ اصل میں مسئلہ یوں نہیں ہے بلکہ شیعوں کے یہاں تو امامت کا مسئلہ ہے اور امام کی ایک شان حکومت بھی ہے ۔ اور یہ طے ہے کہ امام معصوم کے ہوتے ہوئے کسی اور کو حکومت کا حق نہیں ہے ۔ اور پیغمبر اکرم ﷺ نے علیؑ کو منصب امامت پر معین فرمایا ہے، جس کا لازمہ حکومت بھی ہے اس کے علاوہ بعض مواقع پر لفظ حکومت سے بھی علیؑ کی حاکمیت کی صراحت فرمائی ہے لیکن اس کی بنیاد بھی امامت ہی کو قرار دیا ہے ۔

روحانی ومعنوی ولایت:

میں اس موضوع پر اس سے قبل ایک بات کرچکا ہوں ۔ البتہ میں خود ذاتی طور پر اس کا اعتقاد رکھتا ہوں اور اس کو ایک بنیادی مسئلہ سمجھتا ہوں لیکن وہ بات شاید شیعیت کے ارکان میں شمار نہیں ہوتی ۔ اور وہ یہ کہ کیا پیغمبر اکرم ﷺ کی حیثیت اتنی تھی کہ آپ پر خدا کی طرف سے الٰہی احکام اور اسلام کے اصول وفروع وحی ہوتے تھے ۔ اور وہ صرف اسلام ظاہری وواقعی سے ہی متعلق معلومات رکھتے تھے، کیا آپ کی شان یہ نہیں تھی کہ خدا کی جانب سے اس کے علاوہ اور بھی کچھ جانتے اور کیا منزل عمل و تقوائے پروردگار میں بھی وہ (صرف) خطاؤں سے محفوظ ومعصوم تھے اور بس؟ یوں ہی کیا ائمہ معصومین علیہم السلام کا مرتبہ بھی فقط اتنا ہی ہے کہ اگرچہ ان پر وحی نازل نہیں

Contact : jabir.abbas@yahoo.com
http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

ہوتی تھی۔انہوں نے اسلام کے اصول وفروع اورکلیات وجزئیات، پیغمبرصلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے حاصل کئے ہیں اورجس طرح پیغمبرصلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے علم وعمل میں کوئی غلطی یا اشتباہ نہیں ہوتا یوں ہی وہ بھی خطاؤں سے محفوظ ومعصوم ہیں اوربس؟ یا پیغمبراسلام صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم اورائمہ علیہم السلام کے مراتب اس سے بڑھ کربھی کچھ اور ہیں؟ یہ حضرات دین ومعارف سے مظبوط اسلامی مسائل کے علاوہ اورکن علوم سے آگاہ تھے؟ کیا یہ سچ ہے کہ انسانوں کے اعمال پیغمبرصلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی مبعث میں پیش کئے جاتے ہیں؟ حتیٰ ہرامام کے زمانہ میں اس عہد کے لوگوں کے اعمال ان کی خدمت میں بھی پیش ہوتے ہیں؟ مثال کے طورپرآج امام زمانہ نہ صرف شیعوں بلکہ تمام انسانوں پر حاضر وناظر ہیں ان کے اعمال سے واقف ہیں اورکسی سے بھی غافل نہیں ہیں؟ حدیہ ہے کہ امام کے لئے حیات اورموت میں کوئی فرق نہیں ہے۔یعنی جیسا کہ میں عرض کرچکا ہوں، جب آپ امام رضا علیہ السلام کی زیارت کوجاتے ہیں اورکہتے ہیں "السلام علیک" تو اس کا مطلب یہ ہے کہ آپ اس دنیا میں ایک زندہ انسانوں کے روبروکھڑے ہیں اورکہہ رہے ہیں: "السلام علیک" اور وہ بھی یوں ہی آپ کودیکھتے اورمحسوس کرتے ہیں۔یہی ولایت معنوی ہے۔

یہ بھی عرض کرچکا ہوں کہ اس نقطہ پرعرفان اورتشیع میں مشابہت اوریک رنگی پائی جاتی ہے، یعنی دونوں کے افکارایک دوسرے سے کافی نزدیک ہیں۔اہل عرفان کا اعتقاد ہے کہ ہردورمیں ایک نہ ایک قطب اورانسان کامل ضرورہونا چاہیے۔ اورشیعہ کہتے ہیں کہ ہردورمیں روئے زمین پرایک امام وحجت ضروررہتا ہے اوروہی انسان کامل ہے اورہم فی الحال اس بحث کوچھیڑنا نہیں چاہتے کیونکہ اس مسئلہ میں ہم میں اوراہل سنت میں کوئی اختلاف نہیں ہے۔شیعہ اوراہل سنت میں اختلاف ان دو مسئلوں میں ہے جن کا ہم پہلے بھی ذکرکرچکے ہیں۔ایک یہ کہ امامت، احکام دین بیان کرنے کی ذمہ دارہے اوردوسرے امامت یعنی مسلمانوں کی قیادت ورہبری۔

حدیث ثقلین کی اہمیت:

امامت کے مسئلہ میں "حدیث ثقلین" کوفراموش نہیں کرنا چاہیے۔اورآپ کسی عام اہل سنت یاایک عام سنی سے ہی ملاقات کریں تواس سے پوچھیں کہ آیا کوئی جملہ پیغمبر اسلام صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا ہے کہ نہیں؟ اگروہ انکارکرے تواس کے جواب میں ان ہی کی متعدد کتابیں ان کے سامنے پیش کی جاسکتی ہیں۔آپ دیکھیں گے کہ علماء اہل سنت کسی طرح بھی اس حدیث کے وجود یااس کی صحت سے انکارنہیں کرسکتے اورحقیقتاً انکارکرتے بھی نہیں۔ [1]

اس کے بعدآپ ان سے پوچھیں کہ یہ جوپیغمبرصلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے قرآن اورعترت و اہل بیت کودین کے حصوں کے لئے الگ الگ مرجع قراردیا ہے، آخر یہ اہل بیت علیہ السلام کون سے افراد ہیں؟ اصل میں یہ حضرات پیغمبرصلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی عترت اورغیرعترت میں

---

[1] بعض اہل منبراورمجلسیں پڑھنے والے افراد نے اس حدیث کی عظمت واہمیت کوکم کرڈالا ہے، اوراسے یوں پیش کرنے لگے کہ مفہوم حدیث بدل کررہ گیاہے۔چونکہ یہ لوگ اکثروبیشتراس حدیث کومصائب بیان کرنے کے لئے گریزکے طورپرپڑھنے لگے لہٰذا انسان یہ سوچنے لگا کہ اس حدیث سے پیغمبرصلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کا مقصدصرف یہ تھا کہ میں تمہارے درمیان دوچیزیں چھوڑے جارہاہوں یعنی قرآن وعترت۔ان دونوں کا احترام تم پرلازم وواجب ہے۔دیکھوان کی توہین واہانت نہ کرنا۔جبکہ حدیث کا اصل مقصد یہ ہے کہ ایک قرآن ہے جس سے تمسک اختیارکرواوراسکے احکام پرعمل کرواوردوسرے اہل سنت ہیں جن کی طرف رجوع کرواوران کی تعلیمات وہدایات پرعمل کروکیونکہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم اسی حدیث میں آگے فرماتے ہیں: "لن تضلوا ما ان تمسکتم بهما ابداً"، جب تک ان دونوں سے متمسک رہوگے ہرگزگمراہ نہیں ہوگے۔ معلوم ہوا یہاں دونوں کی طرف رجوع کرنے اورتمسک اختیارکرنے کی بات کہی جارہی ہے۔پیغمبر صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے تمسک ورجوع کی منزل میں عترت کوقرآن کا ہم پلہ قراردیا ہے کہ ان سے قرآن ہی کے مانند تمسک اختیارکیا جائے۔خودپیغمبرصلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا ہے کہ قرآن ثقل اکبرہے اورعترت ثقل اصغرہے۔

Contact : jabir.abbas@yahoo.com
http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

کسی فرق و امتیاز کے قائل نہیں ہیں ۔ بلکہ وہ صحابہ سے روایتیں بھی نقل کرتے ہیں تو علیؑ سے کہیں زیادہ دوسروں سے نقل کرتے ہیں اور علیؑ سے اگر کبھی کوئی روایت نقل کی بھی ہے تو صرف ایک راوی کے عنوان سے، نہ کہ ایک مرجع و مصدر کی حیثیت سے ۔

حدیث غدیر:

ہم عرض کر چکے ہیں کہ جو دین کے منبع و مرجع کی حیثیت رکھتا ہے، وہی دین کا رہبر بھی ہوگا۔ پیغمبر ﷺ نے حضرت علی علیہ السلام کی رہبری کے سلسلہ میں بھی صراحت سے ذکر کیا ہے۔ اس کا ایک نمونہ حدیث غدیر ہے، جسے پیغمبر اکرم ﷺ نے حجۃ الوداع کے دوران غدیر خم کے مقام پر ارشاد فرمایا تھا ۔ حجۃ الوداع پیغمبر اسلام ﷺ کا آخری حج ہے ۔ شاید آپ ﷺ نے فتح مکہ کے بعد ایک سے زیادہ حج نہیں فرمایا ۔ البتہ حجۃ الوداع سے پہلے حج عمرہ ادا کیا تھا ۔ چنانچہ حجۃ الوداع کے موقع پر آپ نے عام اعلان فرمایا اور لوگوں کو خصوصیت سے اس حج میں شرکت کی دعوت دی۔ گویا مسلمانوں کے کثیر مجمع کو اپنے ہمراہ لیا اور مختلف مقامات یعنی مسجد الحرام میں، عرفات میں، منیٰ میں اور منیٰ سے باہر نیز غدیر خم وغیرہ میں تمام مسلمانوں سے خطاب کرتے ہوئے متعدد خطبے ارشاد فرمائے ۔ مجملہ غدیر خم میں جبکہ آپ جگہ پُرمغز مطالب بیان فرما چکے تھے، ایک مسئلہ کو آخری مطلب کے طور پر بڑے شدومد کے ساتھ بیان فرمایا۔

يَآيُّهَا الرَّسُوْلُ بَلِّغْ مَآ اُنْزِلَ اِلَيْكَ مِنْ رَّبِّكَ ؕ وَاِنْ
لَّمْ تَفْعَلْ فَمَا بَلَّغْتَ رِسَالَتَهٗ ؕ وَاللّٰهُ يَعْصِمُكَ مِنَ
النَّاسِ ؕ اِنَّ اللّٰهَ لَا يَهْدِي الْقَوْمَ الْكٰفِرِيْنَ ﴿٦٧﴾

(مائدہ)

اے پیغمبر آپ اس حکم کو پہنچا دیں جو آپ کے پروردگار کی طرف سے نازل کیا گیا ہے اور اگر آپ نے یہ نہ کیا تو گویا اس کے پیغام کو نہیں پہنچایا اور خدا آپ کو لوگوں کے شر سے محفوظ رکھے گا کہ اللہ کافروں کی ہدایت نہیں کرتا ہے

"اگر پیغمبر اکرم ﷺ نے اس سے قبل عرفات، منیٰ اور مسجد الحرام میں اپنے خطبوں کے درمیان اصول وفروع کے تمام اسلامی کلیات بیان کر دیئے تھے ۔ اور وہ بیانات آپ کے اہم ترین خطبات میں ہیں۔ پھر اچانک غدیر خم میں فرماتے ہیں کہ اب میں وہ بات بیان کر رہا ہوں کہ اگر اسے ذکر نہ کیا تو گویا رسالت ہی انجام نہ دی "فَمَا بَلَّغْتَ رِسَالَتَهٗ" ۔ یعنی مجھ سے فرمایا گیا ہے کہ اگر اسے نہ بیان کیا تو کچھ بھی بیان نہ کیا یعنی پوری رسالت کی محنت بے کار ہو کر رہ جائے گی ۔ اس کے بعد آپ فرماتے ہیں: الست اولیٰ بکم من انفسکم؟ (کیا میں تمہارے نفسوں (یا تم سے زیادہ حاکم نہیں ہوں) یہ قرآن کی اس آیت کی طرف اشارہ ہے۔

اَلنَّبِيُّ اَوْلٰى بِالْمُؤْمِنِيْنَ مِنْ اَنْفُسِهِمْ

نبی مومنین کے نفسوں پر ان سے زیادہ حاکم وولی ہے

سورہ احزاب

چنانچہ جب آپ ﷺ نے فرمایا: کیا تم پر میرا حق تسلط اور ولایت خود تم سے زیادہ نہیں ہے؟ سب نے ایک ساتھ کہا: بلیٰ (ہاں) یا رسول اللہ تو حضرت ﷺ نے فرمایا:

"من کنت مولاہ فھذا علی مولاہ"

یہ حدیث بھی حدیث ثقلین کی طرح بہت سے اسناد رکھتی ہے

www.ziaraat.com Sabeel-e-Sakina jabir.abbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

حدیث غدیر جو متواتر ہے اگر ہم اس کے مدارک واسناد کی تحقیق کے میدان میں قدم رکھیں یا یوں ہی حدیث ثقلین جس کے اسناد و مدارک میر حامد حسین طاب ثراہ نے "عبقات الانوار" میں جمع کئے ہیں جو بڑی سائز کے چار سو صفحات میں پھیلے ہوئے ہیں۔ اگر ان حدیثوں کی تحقیق کی جائے تو بحث بہت طویل ہوجائے گی۔ ممکن ہے اس سلسلہ میں مزید تحقیق کی ضرورت ہو پھر بھی میں چاہتا ہوں کہ مسئلہ امامت کے تحت بحث کا ایک خلاصہ آپ کی خدمت میں پیش کردوں۔ ساتھ ہی ان ثبوت و مدارک کا بھی ایک اجمالی جائزہ پیش کردوں جنھیں شیعہ امامت کے سلسلہ میں سند کے طور پر بیان کرتے ہیں۔

تیسری بحث

مسئلہ امامت کی کلامی تحقیق:

امامت کی بحث میں علماء شیعہ کی منطق کیا ہے اور اگر دوسرے اس بارے میں کچھ کہتے ہیں تو کیا کہتے ہیں اسے پورے طور سے روشن و واضح کرنے کے لئے میں نے مناسب سمجھا کہ اس سلسلہ میں خواجہ نصیر الدین طوسی کی تحریر کردہ اصل عبارت ضروری وضاحت کے ساتھ آپ کی خدمت میں پیش کروں۔ یہ متن عبارت بہت ہی مختصر اور خلاصہ ہے اور ان کے عہد کے بعد شیعہ اور اہل سنت دونوں فرقوں کے علماء کے درمیان موردذکر رہی ہے۔

آپ نے اس کتاب کا نام ضرور سنا ہوگا۔ خواجہ کی تصنیف کردہ یہ کتاب "تجرید" کے نام سے مشہور ہے اس کا ایک حصہ علم منطق پر مبنی ہے جسے "منطق تجرید" کہتے ہیں اور دوسرا حصہ علم کلام میں ہے جس میں توحید، نبوت، امامت، معاد جیسے مسائل پر بحث کی گئی ہے۔ توحید کا باب زیادہ تر فلسفیانہ طرز کا ہے، اور اس باب میں خواجہ نے فلاسفہ کی روش پر بحث کی ہے۔ علامہ حلی نے اس کتاب کے دونوں حصوں کی شرح فرمائی ہے۔ علامہ حلی بھی، جن کے بارے میں آپ نے یقیناً بہت کچھ سنا ہوگا، عالم اسلام کے عظیم ترین فقہا میں شمار ہوتے ہیں۔ انھیں نہ صرف فقہائے شیعہ میں بلند مقام حاصل ہے بلکہ پورے عالم اسلام کے فقہا میں ایک عظیم درجہ پر فائز ہیں۔ وہ منطق، فلسفہ، کالم اور ریاضت وغیرہ میں خواجہ نصیر الدین طوسی کے شاگرد تھے اور فقہ میں آپ کو محقق حلی صاحب کتاب "شرائع الاسلام" سے شرف تلمذ حاصل تھا۔ جو خود بھی دنیائے شیعیت میں صف اول کے فقیہ تھے۔ علامہ اور خواجہ دنیائے علم میں نادر روزگار شمار کئے گئے ہیں۔ خواجہ نصیر

Contact : jabir.abbas@yahoo.com
http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

الدین طوسی دنیا کے صف اول کے ریاضی دانوں میں گنے جاتے ہیں۔ابھی کچھ دنوں پہلے اخباروں میں اعلان ہوا ہے کہ چاند کے کچھ حصوں کو چند ایرانی ریاضی دانوں کے نام دیئے گئے ہیں، مثلاً عمر خیام ابن سینا، اور خواجہ نصیرالدین۔اس کی وجہ یہ ہے کہ ان لوگوں نے کرۂ ماہ کے بارے میں بعض فرضیات قائم کئے تھے۔علامہ بھی اپنے فن یعنی فقہ میں بلاشبہ نادر زمانہ ہیں۔آپ نے بے شمار کتابیں تصنیف فرمائی ہیں۔ان میں سے ایک کتاب کا نام" تذکرہ افقہا" ہے، جو دو جلدوں پر مشتمل ہے۔حقیقت میں جب انسان اس کتاب کا مطالعہ کرتا ہےتو ان کے تبحر علمی پر دنگ رہ جاتا ہے۔

" تذکرۃ افقہا" ایک فقہی کتاب ہے، لیکن اس میں صرف شیعہ فقہ ہی بیان نہیں ہوئی ہے بلکہ ہر مسئلہ میں تمام علماء اہل سنت کے فتوے بھی نقل کئے گئے ہیں۔اور لطف یہ ہے کہ اس میں نہ صرف اہل سنت کے چاروں امام، ابوحنیفہ، شافعی، مالک اور احمد حنبل کے فتوے موجود ہیں مذہب کے ان چار اماموں میں منحصر ہونے سے پہلے کے تمام بزرگ فقہا کے فتاوے بھی اس میں نقل کئے گئے ہیں۔ہر مسئلہ کے تحت یہ صراحت موجود ہے کہ یہاں ابوحنیفہ نے یوں کہا ہے، شافعی یہ کہتے ہیں اور ہم امامیہ کا قول یہ ہے۔اکثر کسی مسئلہ کی کاٹ یا نکتہ چینی بھی کرتے نظر آتے ہیں مثال کے طور پر شافعی نے ایک جگہ یہ کہا ہے، دوسری جگہ اس کے مخالف مطالب بیان کئے ہیں۔پہلے یہ کہا اور بعد میں اپنے قول سے عدول کر کے دوسری بات کہی ہے۔آقائے شیخ محمد تقی فرماتے تھے جب تذکرہ جیسی کتاب چھاپی گئی تو تمام مذاہب اہل سنت کے قابل و ماہر علماء کو بلایا گیا۔انھیں یہ کتاب دیکھ کر حیرت ہوئی کہ یہ کیسا شخص ہے، جو ہمارے اقوال و مسائل پر ہم سے بھی زیادہ حاوی ہے۔آپ ایسی ہی غیر معمولی استعداد کے حامل تھے۔

ان ہی علامہ نے کتاب تجرید کی شرح لکھی ہے۔منطق کا حصہ" الجوہر النضید" کے نام سے مشہور ہے جو منطق کی ایک بہترین کتاب ہے، اور علم کلام کے حصہ کی شرح

کا نام" کشف المراد" ہے جسے آج کل شرح تجرید کہتے ہیں۔منطق اور کلام دونوں میں علامہ کی شرح بہت مختصر ہے۔ان کے بعد اس کتاب پر برابر شرحیں اور حاشیے لکھے جاتے رہے کسی نے اس کی رد کی تو کسی نے تائید، اور شاید دنیائے اسلام میں کوئی کتاب ایسی نہ ہوگی جو" تجرید" کے برابر بحث کا موضوع بنی ہو۔یعنی اس کتاب کے متن پر جتنی شرحیں اور حاشیے لکھے گئے کسی اور کتاب پر نہیں لکھے گئے۔ہر زمانہ میں یا اس کی رد میں شرحیں لکھی جاتی رہیں یا تائید میں۔اس کی وجہ یہ ہے کہ جب خواجہ نے شیعی مزاق کے مطابق مسائل ومطالب بیان کرنا چاہا ہے تو بڑے ہی مختصر اور جامع انداز میں اجمالی طور پر اشاروں میں بات کہتے ہوئے سرسری طور پر گزر گئے ہیں۔آپ نے کتاب تجرید کے آخری ابواب میں امامت کے موضوع پر بحث فرمائی ہے۔یہ بحث چونکہ تمام علماء شیعہ کی نگاہ میں مورد قبول واقع ہوئی ہے لہٰذا اس سے سمجھتا ہے کہ امامت کے سلسلہ میں علماء شیعہ کی منطق یہ کیا ہے۔ اس وقت جو کتاب میرے پیش نظر ہے۔کتاب تجرید پر ملا علی قوشجی کی شرح ہے۔ملا علی قوشجی اہل سنت کے بزرگ علماء میں شمار ہوتے ہیں۔فطری بات یہ ہے کہ چونکہ وہ مخالف نظریہ رکھتے ہیں لہٰذا اس میں اہل سنت کے نظریات کو منعکس کرتے ہیں اور زیادہ تر خواجہ نصیرالدین کی رد کرتے نظر آتے ہیں۔چنانچہ اس کتاب میں خواجہ کے شیعہ نظریات کے ساتھ اہل سنت کے نظریات بھی بیان ہوئے ہیں۔

امامت کی تعریف:

اس میں سب سے پہلی بات جو امامت کے سلسلہ میں بیان کی گئی ہے، وہ امامت کی تعریف ہے۔اس تعریف میں کوئی اختلاف نہیں ہے۔کہتے ہیں: (الامامۃ)" ریاسۃ عامۃ فی امور الدین و الدنیا" یعنی (امامت) دینی و دنیاوی امور میں ریاست وامارت عامہ کو کہتے ہیں۔خواجہ نصیرالدین علم کلام کی تعبیر میں فرماتے ہیں:" الامام

Contact : jabir.abbas@yahoo.com
http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

لطف" یعنی امام لطف پروردگار ہے۔ مقصد یہ ہے کہ امامت بھی نبوت کے مانند ان مسائل میں سے ہے جو بشری حدود و اختیارات سے بالاتر ہیں، یہی وجہ ہے کہ" امامؑ کا انتخاب" بھی انسانی استطاعت اور قوت سے باہر کی چیز ہے۔ اسی لئے اس کا تعین خدا کی طرف سے ہے۔ امامت بھی نبوت کی طرح ہے جسے خدا کی جانب سے وحی کے ذریعہ معین و مقرر ہونا چاہیے۔ بس ان دونوں میں فرق یہ ہے کہ پیغمبر صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم براہ راست خدا کی جانب سے وحی کے ذریعہ معین ہوتا ہے اور اس کا تعلق بھی خدا سے براہ راست ہوتا ہے جبکہ امامت کی تعیین خدا کی طرف سے پیغمبر صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے ذریعہ عمل میں آتی ہے۔

امامت کے بارے میں شیعہ عقلی دلیل:

خواجہ نصیر الدین اس مقام پر اس ایک جملہ سے زیادہ کچھ بیان نہیں کرتے۔ لیکن علماء شیعہ اس سلسلہ میں جو وضاحت فرماتے ہیں۔ اسکی بنیاد وہی ہے جسے میں پہلے عرض کر چکا ہوں۔ پہلے ایک تاریخی بحث پیش کرتے ہوئے کہتے ہیں کہ سردست بحث حضرت علیؑ کی امامت میں ہے اگر یہ ثابت ہوگئی تو بقیہ ائمہ کی امامت بھی پہلے امام کی نص سے تمسک کے ذریعہ بدرجہ اولیٰ ثابت ہوجائے گی۔ شیعہ علماء کہتے ہیں کہ یہ بات روشن وواضح ہے کہ دین اسلام دین خاتم ہے اور یہ طے ہے کہ اس کے بعد اب کوئی دوسری شریعت آنے والی نہیں ہے۔ اور یہ ایسا کلی اور جامع دین ہے جو انسان کی پوری زندگی پر حاوی ہے۔ اس دین کی حقیقت بھی یہی ثابت کرتی ہے کیونکہ یہ انسانی زندگی کے ہر پہلو کو مدنظر رکھتا ہے اور تمام مسائل میں دخیل ہے۔ اس کے بعد کہتے ہیں، کیا حیات پیغمبر اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی تاریخ سے یہ ثابت ہوتا ہے کہ انھیں ذاتی طور پر اس قدر فرصت ملی ہو اور مواقع فراہم ہوئے ہوں کہ انھوں نے مکمل اسلام لوگوں کو تعلیم فرما دیا ہو؟ جب ہم تاریخ کا مطالعہ کرتے ہیں معلوم ہوتا ہے کہ اس تئیس سالہ زندگی میں پیغمبر صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو اس قدر

فرصت اور موقع حاصل نہ ہوسکا۔ یقیناً پیغمبر اسلامؐ نے خود کوئی بھی موقع ہاتھ سے جانے نہیں دیا اور بہت سی باتیں تعلیم فرمادیں۔ لیکن پیغمبر اکرمؐ کی مکی و مدنی زندگی اور اس میں آپ کی مصروفیات، مشکلات اور دشواریوں کو دیکھتے ہوئے یہ بات ماننی پڑے گی کہ بلاشبہ یہ مختصر سی مدت پورے احکام اسلام کو کامل طور پر تمام لوگوں میں بیان کرنے کے لئے ناکافی تھی۔ ساتھ ہی اس کا بھی امکان نہیں ہے کہ یہ دین جو خاتم ہے ناقص بیان کیا گیا ہو۔ چنانچہ ایسے کسی ایک یا چند افراد کا اصحاب پیغمبر صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم میں ہونا ضروری ہے، جنھوں نے کامل و تام اسلام پیغمبر صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے حاصل کر لیا ہو اور جو پیغمبر اسلام صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے پورے آراستہ و پیراستہ شاگرد رہے ہوں تاکہ آپ کے رخصت ہونے کے بعد اسلام کے بیان اور اس کی وضاحت میں آپ ہی کے مثل و نظیر ہوں۔ بس فرق یہ ہو کہ پیغمبر صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم وحی کے ذریعہ دین بیان فرماتے تھے اور یہ افراد پیغمبر صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے علوم حاصل کر کے بیان کرنے والے ہوں اس کے بعد علماء فرماتے ہیں، چونکہ آپ (اہل سنت نے پیغمبر صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے بعد کسی ایسے شخص کا سراغ حاصل نہیں کیا جب یہ سوال پیدا ہونے لگا کہ وہ مسائل جن کا حکم جاننا ضروری ہو لیکن اس سلسلہ میں کوئی حدیث پیغمبر صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے ہم تک نہ پہنچی ہو تو کیا کریں؟ کہنے لگے اس کے علاوہ کوئی چارہ نہیں ہے کہ ایک موضوع کا دوسرے موضوع سے مقابلہ کر کے ظنّی اور گمانی مشابہت کی بنیاد پر ایسے مسائل کا حکم استنباط کیا جائے یہ بات علماء شیعہ کی کہی ہوئی نہیں ہے بلکہ حضرت علیؑ کے عہد سے یہ صورت شروع ہوچکی تھی نہج البلاغہ اور دیگر ائمہ کرام کے اقوال میں بھی اس روش پر صاف اعتراف موجود ہیں کہ یہ کیا باطل خیال ہے؟ حضرت علیؑ فرماتے ہیں: "ام انزل اللہ دینا ناقصاً"؟ کیا خداوند عالم نے ناقص دین نازل فرمایا ہے جس میں انسان کی اپنی ناقص رائے کی بھی ضرورت ہے؟ دیگر تمام ائمہ علیہم السلام نے بھی اس مسئلہ پر بڑا زور صرف کیا ہے کہ دین میں کسی طرح کا نقص ہے ہی نہیں کہ ہم سوچیں

Contact : jabir.abbas@yahoo.com
http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

کہ بعض مسائل میں نقص پایا جاتا ہے، اور چونکہ بعض دینی مسائل میں نقص پایا جاتا ہے لہٰذا ہم اپنی رائے اور گمان کے ذریعہ ان کا حکم معلوم کریں۔ اصول کافی میں (باب الردّ الی الکتاب والسنة وانه لیس شئی من الحلال والحرام الاوقد جاء فیه کتاب اوسنة) کے نام سے مستقل ایک باب موجود ہے، جس کا مقصد یہ ہے کہ کوئی مسئلہ ایسا نہیں ہے کہ کتاب وسنت میں کم از کم اس کی صورت میں موجود نہ ہو۔ تمام کلی مسائل ذکر ہو چکے ہیں صرف ان کا مصداق تلاش کرنے کی ضرورت ہے۔ شیعی نقطہ نظر سے اجتہاد اسی کو کہتے ہیں۔ یعنی اسلام کے تمام کلی احکام موجود ہیں۔ مجتہد کا کام یہ ہے کہ ان کلیات کو جزئیات پر منطبق کرتا چلا جائے لیکن قیاس یہ ہے کہ کلیات بھی کافی نہیں ہیں، مسائل سے مشابہت رکھنے والے احکام کو دیکھ کر گمان اور قیاس کے ذریعہ فقط اندازہ کی بنیاد پر مسئلہ کا حکم حاصل کیا جائے۔

چنانچہ (علماء شیعہ) کہتے ہیں کہ ہم دونوں کو اس کا اعتراف ہے کہ پیغمبر اکرمؐ اپنی تیئس سالہ زندگی میں اسلام کے تمام احکام کلی طور پر سبھی لوگوں سے بیان نہیں کر سکتے ۔ البتہ آپ کہتے ہیں کہ پیغمبر اکرمؐ یوں ہی سب کچھ ادھورا چھوڑ کر چلے گئے اور ہم کہتے ہیں کہ ایسا نہیں ہوا بلکہ جس دلیل کے تحت پیغمبر ﷺ لوگوں پر مبعوث ہوئے تھے اسی دلیل سے پیغمبر ﷺ کی جانب سے بھی کچھ افراد معین ہوئے جو قدسی صفات کے حامل تھے۔ پیغمبر اسلامؐ نے اسلام کے تمام حقائق ان میں سے پہلی فرد یعنی حضرت علیؑ کو تعلیم کر دیئے اور یہ افراد بھی ہر سوال کا جواب دینے کی پوری طور سے صلاحیت وآمادگی رکھتے تھے۔ حضرت علیؑ ہمیشہ فرمایا کرتے تھے، مجھ سے اسلام کے بارے میں جو کچھ پوچھنا ہو پوچھ لو تا کہ میں اسے بیان کر دوں۔

امام یعنی احکام دین کا ماہر:

اب ہم اس مفہوم کو آج کی زبان میں بیان کرتے ہیں۔ (علماء شیعی کہتے ہیں کہ یہ جو آپ ان خصوصیات کے حامل امام کے وجود کے منکر ہیں تو در حقیقت اسلام کی تحقیر وتذلیل کرتے ہیں۔ ایک معمولی مشین بھی جب کہیں بھیجی جاتی ہے تو یہ ضروری ہوتا ہے کہ اس کا ماہر بھی اسکے ہمراہ بھیجا جائے مثال کے طور پر اگر امریکہ اپنے جنگی جہاز کسی ایسے ملک کو دیتے ہیں جہاں کے لوگ اس کی مشیزی سے واقف نہیں ہوتے تو لوگوں کو اس کی باریکیوں سے آگاہ کرنے کے لئے ماہرین بھی ان کے ہمراہ روانہ کرتے ہیں۔ ہاں کوئی عام اور سادہ سی چیز ہو تو اس کی ضرورت نہیں پڑتی مثلاً اگر کوئی ملک کسی کو کپڑا فرخت کرے تو اس کے لئے ماہرین کی ضرورت نہیں ہوتی۔ اب آپ کیا خیال کرتے ہیں؟ کیا وہ ایک کپڑے کی مانند سادہ اور معمولی ہے کہ جب ایک جگہ سے دوسری جگہ جائے تو اس کے ہمراہ کسی ماہر شخص کی ضرورت نہیں پڑتی؟ یا اسے ایک پیچیدہ مشین کی طرح سمجھتے ہیں کہ جب وہ کسی دوسرے ملک میں برآمد ہوتی ہے، اس کے ہمراہ اس کے ماہرین کا بھیجا جانا بھی ضرورت ہوتا ہے تاکہ وہ ایک مدت تک وہاں کے لوگوں کو اس کی باریکیوں سے آگاہ کرسکیں؟

امام یعنی امر دین کا ماہر جان کار، ایسا حقیقی ماہر جو کسی گمان یا شبہ میں نہ پڑتا ہو اور نہ اس سے کسی خطا کا امکان ہو۔ پیغمبر اسلامؐ انسانوں کے لئے اسلام لے کر آئے ہیں اب ضروری یہ ہے کہ از کم ایک مدت تک خداوند عالم کی طرف سے دین کے ماہر افراد لوگوں کے درمیان موجود رہیں تاکہ لوگوں کو اچھی طرح سے اسلام بتا اور سمجھا سکیں۔ ایسے شخص کو پیغمبر اکرمؐ نے لوگوں کے لئے معین فرمایا ہے۔ علماء شیعہ نے اس مطلب کو "لطف" سے تعبیر کیا ہے۔ یعنی یہ تعیین، لطف پروردگار ہے۔ جس کا مقصد یہ ہے کہ یہ اقدام انسان

Contact : jabir.abbas@yahoo.com
http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

کی ہدایت کے لئے مفید ہے۔ کیونکہ پیغمبر صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے بعد خدا کی جانب سے انسان کی راہ بند ہے۔ اب لطف الٰہی کا تقاضا یہ ہے کہ اس کی جانب سے عنایت انسان کے شامل حال ہو، ویسے ہی جس طرح نبوت کے سلسلہ میں اس کی عنایت کو لطف کہتے ہیں، یہ بات اصول شیعہ میں سے ایک اصل کی حیثیت رکھتی ہے جسے دوسرے الفاظ میں امامت کے موضوع پر شیعوں کی عقلی دلیل بھی کہا جاسکتا ہے۔

عصمت کا مسئلہ:

یہاں عصمت کا مسئلہ پیش آتا ہے۔ جب شیعہ امام [1] کو شریعت کے محافظ و نگہبان اور لوگوں کو اسلام کی تعلیم دینے کے سلسلہ میں ایک مرجع و منبع تسلیم کرتے ہیں، تو جس طرح وہ پیغمبر صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے لئے عصمت کے قائل ہیں یوں ہی امام کو بھی معصوم جانتے ہیں۔ پیغمبر صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی عصمت کے سلسلہ میں کوئی شخص شک وشبہ نہیں کرتا اور یہ ایک واضح

---

[1] شیعہ زیادہ تر امامت کے دینی پہلو کو پیش نظر رکھتے ہیں۔ میں پہلے عرض کر چکا ہوں کہ آج کل جہاں امامت کا مسئلہ سامنے آتا ہے اسے فوراً مسئلہ حکومت کے مساوی قرار دے دیتے ہیں جس میں مسئلہ کا دنیاوی پہلو نمایاں ہوتا ہے، یہ صحیح نہیں ہے، مسئلہ امامت کا بڑا حصہ دینی پہلو کا حامل ہے۔ اصل میں امامت اور حکومت میں نحوی اعتبار سے عموم خصوص من وجہ جیسا ارتباط پایا جاتا ہے۔ امامت بذات خود ایک مستقل مسئلہ ہے اور حکومت کے جو امامت کے مختلف پہلوؤں میں سے ایک پہلو ہے، ایک دوسرا مسئلہ ہے غیبت امام کے زمانہ میں حکومت کے سلسلہ میں تو گفتگو کی جاتی ہے لیکن امامت کی بات سامنے نہیں آتی۔ امامت کو حکومت کے مساوی قرار نہیں دینا چاہئے۔ علماء کی تعبیر میں امامت سے مراد دین ودنیا دونوں کی رہبری ہے۔ اور چونکہ امام دین کا رہبر ہوتا ہے لہٰذا قہری طور پر دنیا کا بھی حاکم ہے۔ مثلاً خود پیغمبر جو دین کے رہبر تھے ہی، ساتھ ہی تبعی طور پر دنیا کے حاکم بھی تھے۔ اگر ہم فرض کرلیں کہ کسی زمانہ میں امام موجود نہ ہو یا پردۂ غیب میں ہو اور اس عنوان سے دین کی رہبری کا مسئلہ درپیش نہ ہو۔ اس وقت دنیاوی حاکمیت کا مسئلہ سامنے آئے گا کہ اس پر کیا حاکم ہونا چاہئے۔ امام کی موجودگی میں تو یہ سوال ہی پیدا نہیں ہوتا۔

سی بات ہے۔ اگر ہمارے لئے یہ بات یقینی ہوجائے کہ یہ پیغمبر صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کا قول ہے تو ہم اس کی صحت میں شک نہیں کرتے، اور صاف کہ دیتے ہیں کہ یہ ارشاد پیغمبرؐ ہے تو درست اور حق ہے۔ ہم کبھی یہ نہیں کہتے کہ یہاں پیغمبرؐ نے اشتباہ یا غلطی کی ہے۔ جس شخص کو خداوند عالم نے لوگوں کی ہدایت کے لئے بھیجا ہو جبکہ لوگ الٰہی ہدایت کے محتاج ہوں، وہ شخص ہرگز ایسا انسان نہیں ہوسکتا جو خود خطا کار یا گناہ گار ہو۔ خطا دو طرح کی ہوتی ہے: ایک یہ کہ عمداً اور جان بوجھ کر خطا کی جائے۔ مثال کے طور پر خداوند عالم پیغمبرؐ کو حکم دے کہ فلاں پیغام پہنچادو اور پیغمبر صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم یہ دیکھے کہ اس کی اپنی مصلحت یا منفعت کا "تقاضا" کچھ اور ہے۔ اور اس بات کو دوسرے انداز سے لوگوں سے بیان کرے۔ ظاہر ہے کہ یہ بات نبوت کے سراسر خلاف ہے۔ اگر ہم امامت کی تعریف یوں کریں کہ امامت دین کے بیان کرنے میں نبوّت کی متمّم ہے، یعنی اس دلیل سے اس کا وجود لازم ہے کہ احکام دین کے بیان کرنے کے سلسلہ میں پیغمبر اکرمؐ کا معصوم اور گناہوں سے بری ہونا ضروری ہے اسی دلیل سے امام کو بھی معصوم ہونا چاہیے۔ اگر کوئی کہے امام کو معصوم ہونا لازم نہیں ہے، اگر وہ کوئی غلطی یا اشتباہ کرے گا تو کوئی دوسرا اسے آگاہ کردے گا۔ تو ہم یہ کہیں گے کہ پھر ہم اسی دوسرے شخص کی طرف رجوع کریں گے۔ اور اگر یہ سلسلہ چل پڑا تو آخر کار کوئی نہ کوئی شخص ایسا ہوگا ہی جو (معصوم ہونے کے اعتبار سے) شریعت کا حقیقی محافظ ہوگا۔ اس کے علاوہ (بقول شخصے) اگر امام خطا کار وگنہگار ہو تو دوسروں کا فریضہ ہے کہ اسے راہ راست پر لائیں۔ جبکہ دوسروں کا فریضہ یہ ہے کہ امام کے مطیع وفرمانبردار رہیں۔ یہ دونوں باتیں آپس میں میل نہیں کھاتیں۔

تنصیص وتعیین کا مسئلہ:

(علماء شیعہ) مسئلہ عصمت کے ذریعہ تنصیص وتعیین کے مسئلہ کو ثابت کرتے

Contact : jabir.abbas@yahoo.com
http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

ہیں ۔ چنانچہ اس قضیہ کی کلامی صورت یہ ہے کہ اس سلسلہ کو خدا سے شروع کرتے ہوئے کہتے ہیں کہ امامت خدا کی جانب سے بندوں پر لطف ہے ۔ اور چونکہ لطف ہے لہٰذا اس کا وجود بھی لازمی وضروری ہے ۔ اور یہ لطف چونکہ بغیر عصمت کے ممکن نہیں ہے لہٰذا امام کو معصوم ہونا چاہیے اور اسی دلیل کے تحت منصوص بھی ہونا چاہیے ۔ کیونکہ یہ امر (عصمت) ایسا مسئلہ نہیں ہے جسے عام انسان تشخیص دے سکیں ۔ بالکل یوں ہی جیسے پیغمبر صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی تشخیص عوام یا بندے نہیں کر سکتے بلکہ یہ خدا کے ہاتھ میں ہے کہ وہ کس کو پیغمبری کے لئے معین کرتا ہے اور اس کی دلائل وآثار اور معجزات کے ذریعہ پہچان کرواتا ہے ۔ امام کی تعیین بھی انسانوں کے ہاتھ میں نہیں ہے، وہ بھی خدا کی جانب سے معین ہونا چاہیے ۔ بس یہ دونوں میں فرق یہ ہے کہ پیغمبرؐ کے تعارف کی منزل میں کوئی دوسرا شخص دخیل نہیں، لہٰذا معجزات کے ذریعہ اس کا تعارف کرایا جانا چاہیے ۔ لیکن امام، پیغمبر صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے ذریعہ پہچنوایا جاتا ہے ۔ یہیں سے (علماء شیعہ) تنصیص کے مرحلہ میں قدم رکھتے ہیں اور کہتے ہیں کہ مذکورہ معنی کے تحت امامت نص کے ذریعہ پیغمبرؐ کی جانب سے معین ہونی چاہیے نہ کہ عوام کی طرف سے منتخب ۔ بنا برایں لطف کے مسئلہ سے مسئلۂ عصمت تک اور مسئلہ عصمت سے تنصیص کے مسئلہ تک پہنچتے ہیں ۔ یہاں تک پہنچتے ہیں تو اب چھوٹا زینہ بھی طے کریں اور وہ یہ کہ یہ سب تو ٹھیک ہے لیکن اس کا حضرت علیؑ کی ذات سے کیا تعلق ہے؟ یہاں (خواجہ نصیرالدین طوسی) فرماتے ہیں: " **وھما مختصان بعلیؑ** " یعنی یہ دونوں باتیں (معصوم اور منصوص ہونا) حضرت علی علیہ السلام سے مخصوص ہیں ۔ مراد یہ ہے کہ اس سلسلہ میں کسی ایک شخص نے بھی اختلاف نہیں کیا ہے کہ " علیؑ کے علاوہ کوئی دوسرا منصوص نہیں ہے " یعنی بحث یہ نہیں ہے کہ دوسرے کہتے ہوں کہ پیغمبرؐ نے کسی اور کو معین فرمایا ہے اور ہم کہیں کہ پیغمبر صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے حضرت علیؑ کو معین فرمایا ہے ۔ بلکہ بحث یہ ہے کہ آیا پیغمبرؐ نے کسی کو معین بھی فرمایا ہے یا نہیں؟ اگر معین فرمایا ہے تو اس صورت میں حضرت علیؑ کے

علاوہ کوئی اور شخص سامنے نہیں آتا ۔ یا کسی کو سرے سے معین ہی نہیں فرمایا؟ اس صورت میں ہم کہیں گے کہ نص و تنصیص لازم و واجب ہے اور پیغمبرؐ نے یہ فریضہ انجام دیتے ہوئے ایک شخص کو لوگوں پر معین فرمایا ہے اور وہ شخص حضرت علیؑ کے سوا کوئی دوسرا نہیں ہوسکتا، کیونکہ دوسروں نے ایسا کوئی دعویٰ نہیں کیا ہے بلکہ اس سے انکار ہی کرتے رہے ہیں ۔ حتی کہ خلفاء بھی (اپنے سلسلہ میں) تنصیص و تعیین کا ادعا نہیں کرتے پھر دوسروں کا کیا ذکر ہے ۔ حد یہ ہے کہ خلفاء کے پیرو بھی ان کی تنصیص و تعیین کے مدعی نہیں ہیں ۔ چنانچہ نص کے سلسلہ میں حضرت علیؑ کے علاوہ کسی اور کی بحث ہی نہیں ہے ۔

عصمت کے سلسلہ میں بھی یہی بات پائی جاتی ہے ۔ خلفاء اپنی عصمت کا نہ صرف ادعا نہیں کرتے تھے بلکہ صاف لفظوں میں اپنے اشتباہات اور غلطیوں کا اعتراف بھی کر لیتے تھے اور خود اہل سنت بھی ان کی عصمت کے قائل نہیں ہیں ۔ کیونکہ ہم عرض کر چکے ہیں مسئلہ امامت ان کی نظر میں حکومت کا ہم معنی ہے ۔ اور حکومت کے مسئلہ میں یہ ضروری نہیں ہے کہ حاکم اشتباہ یا گناہ نہ کرے ۔ بلکہ ان ہی کے کہنے کے مطابق یہ افراد اشتباہ بھی کرتے تھے اور گناہ کے مرتکب بھی ہوتے تھے لیکن ایک عادل انسان کی حد یں جو پیش نمازی کی لیاقت رکھتا ہے اہل سنت ان کے لئے اس سے زیادہ مرتبہ کے قائل نہیں ہیں ۔ لہٰذا اس جملہ کی عام طور سے اہل سنت نے روایت کی ہے اور " ملا قوشجی " بھی اسے قبول کرتے ہیں کہ ابوبکرؓ کہا کرتے تھے: **ان لی شیطاناً یعترینی** " ایک شیطان اکثر میرے اوپر مسلط ہو جاتا ہے اور مجھے بہکا دیتا ہے ۔ لوگو: اگر مجھے غلط راہ پر چلتے ہوئے دیکھو تو مجھے راہ راست پر لا کر کھڑا کر دو ۔ گویا آپ خود اپنے اشتباہ و گناہ کا اعتراف کیا کرتے تھے ۔ عمرؓ نے بہت سی جگہوں پر (اور بعض محققین کے مطابق ستر مقامات پر بہر حال شیعہ، سنی دونوں اس پر متفق ہیں کہ بہت سی جگہوں پر) فرمایا: " **لولا علی لھلك عمر** " اگر علی علیہ السلام نہ ہوتے تو عمرؓ ہلاک ہو جاتے ۔ اکثر ایسا ہوتا تھا کہ وہ کوئی

Contact : jabir.abbas@yahoo.com

http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

حکم دیتے تھے بعد میں حضرت علیؑ آ کر انھیں غلطی سے آگاہ کرتے تھے اور وہ اسے مان لیا کرتے تھے۔ چنانچہ نہ خود خلفاء اپنی عصمت کے دعویدار ہیں اور نہ دوسرے ان کی عصمت کے مدعی ہیں۔

اگر مسئلہ امامت کو اسی اعلیٰ سطح یعنی لطف، عصمت اور تنصیص کے معیار پر دیکھا جائے تو سوائے حضرت علی علیہ السلام کوئی اور اس کا دعویدار نظر ہی نہیں آتا۔ یہاں تک تو مسئلہ امامت کی کلامی بحث تھی یعنی جیسا کہ ہم عرض کر چکے ہیں بات اوپر سے شروع ہوتی ہے اور وہ یہ کہ جس دلیل سے نبوت لازم اور لطف پروردگار ہے یوں ہی امامت بھی لازم اور لطف خدا ہے تا آخر جیسا کہ ہم عرض کر چکے ہیں اگرچہ بات یہیں پر کامل ہو جاتی ہے پھر بھی ہم ذرا اور آگے بڑھ کر دیکھتے ہیں کہ کیا عملی طور پر بھی ایسا ہوا ہے اور پیغمبرؐ نے حضرت علیؑ کو امام منصوص فرمایا ہے یا نہیں؟ چنانچہ یہاں سے نصوص کی بحث شروع ہوتی ہے۔

یہاں میں ایک بات عرض کرتا چلوں کہ ہم میں بعض کہتے ہیں کہ آخر ہمیں کلامی روش اپنانے کی کیا ضرورت ہے کہ اس بلندی سے مسئلہ شروع کریں؟ ہم نیچے ہی سے کیوں نہیں چلتے جہاں سے یہ مسئلہ وجود میں آیا ہے۔ متکلمین اوپر سے چلتے ہوئے یہاں تک پہنچتے ہیں لیکن اگر ہم اس مشرب کی بنیاد پر گفتگو کریں تو بات یہاں سے شروع ہوتی ہے کہ ہمیں اس بحث میں پڑنے کی کیا ضرورت ہے کہ امامت خدا کا لطف ہے یا نہیں، اور چونکہ لطف ہے اس لئے امام کو معصوم ہونا چاہیے اور جب معصوم ہے تو منصوص بھی ہونا چاہیے؟ یہ "چاہیے چاہیے" خدا کے فرائض مشخص کرنے کے مترادف ہے۔ ہم خدا کی ذمہ داریاں معین کرنا نہیں چاہتے، بلکہ ہمیں تو سیدھے سیدھے یہ دیکھنا چاہیے کہ پیغمبرؐ نے کسی کو منصوص فرمایا ہے یا نہیں؟ اگر فرمایا ہے تو یہی ہمارے لئے کافی ہے۔ اس کے لطف ہونے اور عصمت و تنصیص کو عقلاً ثابت کرنے کے بغیر بھی مسئلہ حل ہے۔ آیئے دیکھتے ہیں کہ پیغمبرؐ نے کسی کو معین بھی کیا ہے یا نہیں؟ اب ہم یہ دیکھیں گے کہ شیعہ اس سلسلہ میں کیا

استدلال پیش کرتے ہیں؟ ان دلائل کو ہم سربستہ ذکر کرنے پر مجبور ہیں۔ کیونکہ ان میں سے زیادہ تر شیعوں کو اہل سنت آنحضرتؐ کی جانب سے نص کی صورت میں یا تو قبول نہیں کرتے (البتہ صاف انکار بھی نہیں کرتے بلکہ کہہ دیتے ہیں کہ یہ خبر واحد ہے متواتر نہیں ہے) یا پھر ان کے معانی ومفاہیم کی توجیہ کرتے ہوئے کہتے ہیں کہ اس کے وہ معنی نہیں جو آپ مراد لیتے ہیں۔

رسول اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی جانب سے حضرت علیؑ کی امامت پر نصوص کی تحقیق

پہلی دلیل یہ ہے کہ رسول اکرمؐ نے اپنے اصحاب سے خطاب کرتے ہوئے فرمایا: "سلموا علیّ بأمرة المومنین" حضرت علیؑ کو امیر المومنینؑ کی حیثیت سے سلام کرو۔ یہ جملہ واقعہ غدیر سے متعلق ہے۔ البتہ حدیث غدیر کے اس جملہ کو علیحدہ ذکر کرتے ہیں۔ اہل سنت اس جملہ کو متواتر حدیث کی شکل میں نہیں مانتے۔ بعد کے علماء شیعہ نے جو کام کئے ہیں ان میں یہی ثابت کیا ہے کہ اس طرح کی حدیثیں متواتر ہیں تجرید میں مذکورہ عبارت سے زیادہ کچھ اور ذکر نہیں ہوا ہے اور یہ حدیث ارسال مسلّم قرار دی گئی ہے۔ شارح (ملا علی قوشجی) بھی کہتے ہیں کہ ہم اسے قبول نہیں کرتے کہ یہ حدیث متواتر ہوگی، بلکہ یہ خبر واحد ہے، بعض نے اسے نقل کیا ہے، سب نے نقل بھی نہیں کیا ہے۔ "عبقات الانوار، اور الغدیر" جیسی کتابوں مین ان حدیثوں کو متواتر ثابت کیا گیا ہے۔ ان دونوں کتابوں میں خصوصیت سے الغدیر میں حدیث غدیر کے ناقلین طبقہ بہ طبقہ پہلی صدی سے چودہ صدی تک ذکر کئے گئے ہیں۔ ابتدا میں ساٹھ سے کچھ زیادہ نام اصحاب پیغمبرؐ کے طبقہ سے تعلق رکھتے ہیں (یہ سب کے سب اہل سنت کی

Contact : jabir.abbas@yahoo.com
http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

کتابوں سے مندرج ہیں) اس کے بعد تابعین کا طبقہ ہے جنھوں نے اصحاب سے یہ حدیث نقل کی ہے۔ یہ لوگ تقریباً پہلی صدی سے مربوط ہیں۔ بعد کی صدیوں میں بھی طبقہ بہ طبقہ افراد کا ذکر ہے۔" الغدیر" میں خاص طور سے جو کام انجام دیا گیا ہے وہ یہ ہے کہ اس واقعہ کے ادبی پہلو سے استفادہ کیا گیا ہے اور یہ بہت اہم کام ہے۔"عبقات الانوار" اوراس طرح کی دوسری کتابوں میں زیادہ تر اسپر زور دیا گیا ہے کہ مختلف صدیوں میں کن کن لوگوں نے یہ حدیث نقل کی ہے۔ لیکن" الغدیر" میں واقعۂ غدیر کے ادبی پہلو کو بھی اجاگر کر کے اس سے بھر پور استفادہ کیا گیا ہے کیونکہ ہر زمانہ میں جو خاص بات لوگوں میں مشہور ہوتی ہے شعراء اپنے اشعار میں اس کی عکاسی ضرور کرتے ہیں۔ شعر ان ہی چیزوں کو اپنے اشعار میں منعکس کرتے ہیں جو ان کے زمانہ میں پائی جاتی ہیں۔ خود صاحب" الغدیر" کہتے ہیں کہ اگر اہل سنت کے مطابق غدیر کا مسئلہ چوتھی صدی ہجری کا مسئلہ ہوتا تو پہلی، دوسری اور تیسری صدی ہجری میں شعرا نے اس موضوع پر اس قدر شعر نہ کہے ہوتے ۔ہم دیکھتے ہیں کہ ہر صدی میں مسئلہ غدیر اس عہد کے ادبیات کا جزو بنا ہوا ہے۔ بنا برایں ہم اس حدیث سے کس طرح انکار کر سکتے ہیں۔ اور یہ تاریخی اعتبار سے واقعہ کے اثبات کی بہترین روش ہے۔ ہم اکثر و بیشتر کسی تاریخی واقعہ یا موضوع کے وجود کو ثابت کرنے کے لئے شعراء وادباء کی طرف رجوع کرتے ہیں اور جب دیکھتے ہیں کہ ہر صدی کے شعراء وادبا نے اس موضوع کو اپنے ادبیات میں منعکس کیا ہے تو بات صاف ہو جاتی ہے کہ یہ فکر ان لوگوں کے زمانہ میں بھی موجود تھی۔ صاحب "عبقات" نے بھی اکثر ایک حدیث پر پوری ایک کتاب لکھ ڈالی ہے اور اس میں راویوں کے ذکر کے ساتھ ان کی چھان بین کی ہے کہ یہ راوی معتبر ہے یا غیر معتبر، فلاں شخص نے یہ بات کہی ہے، صحیح ہے گویا شجروں سے بھرا ہوا ایک توانا درخت کھڑا کر دیا ہے جسے دیکھ کر انسان کی عقل دنگ رہ جاتی ہے کہ اس شخص نے کتنی تحقیق کی ہے۔

ایک اور جملہ جو پیغمبر صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے ہی نقل کیا گیا ہے۔ اس میں آنحضرت صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے حضرت علیؑ کو مخاطب کرتے ہوئے فرمایا، "انت الخلیفة بعدی" تم میرے بعد میرے خلیفہ ہو۔ ان دو جملوں کے علاوہ بھی اس ضمن میں اور بہت سے جملے ہیں۔

" سیرت ابن ہشام" ایک کتاب ہے جو دوسری صدی ہجری میں لکھی گئی ہے ۔خود ابن ہشام تو بظاہر تیسری صدی ہجری کے ہیں لیکن اصل سیرت ابن اسحاق کی ہے جو دوسری صدی کے اوائل میں موجود تھے۔ ابن ہشام نے ان ہی کی کتاب کی تلخیص و تدوین کی ہے۔ یہ وہ کتاب ہے جس پر اہل سنت بھر پور اعتماد کرتے ہیں۔ اس میں دو واقعہ نقل ہیں جن کو (تجرید) میں تو نقل نہیں کیا گیا ہے لیکن چونکہ موضوع وہی ہے لہٰذا میں انہیں نقل کئے دیتا ہوں۔

دعوت ذوالعشیرہ:

واقعہ یہ ہے کہ اوائل بعثت میں پیغمبر اکرمؐ پر آیت نازل ہوئی:

وَاَنۡذِرۡ عَشِيۡرَتَكَ الۡاَقۡرَبِيۡنَۙ﴿۲۱۴﴾ (سورہ شعراء ۲۱۴)

اے رسولؐ اپنے خاندان والوں کو ڈرائیے (دعوت اسلام دیجئے)۔

پیغمبر اسلامؐ نے ابھی اس حیثیت سے عمومی تبلیغ ودعوت شروع نہیں کی تھی۔ سب جانتے ہیں کہ اس وقت حضرت علیؑ کافی کم سن تھے اور پیغمبرؐ کے گھر میں ہی رہتے تھے (حضرت علیؑ بچپن سے ہی پیغمبر صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے گھر میں ان کے زیر سایہ پروان چڑھ رہے تھے جس کا ایک الگ واقعہ ہے) چنانچہ رسول اکرمؐ نے حضرت علیؑ سے فرمایا۔ کچھ کھانے کا انتظام کرو اور بنی ہاشم و بنی عبدالمطلب کو دعوت دیدو۔ حضرت علیؑ نے گوشت سے غذا

Contact : jabir.abbas@yahoo.com
http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

درست کی اور کچھ دودھ کا بھی انتظام کیا جسے کھانے کے بعد لوگوں نے پیا۔ پیغمبر اکرمؐ نے اسلام کی دعوت کا اعلان کرتے ہوئے فرمایا: میں خدا کا رسول ہوں اور خدا کی جانب سے مبعوث کیا گیا ہوں ۔ مجھے مامور کیا گیا ہے کہ پہلے تم لوگوں کو دعوت حق دوں ، اگر تم نے میری بات مانی تو دنیا و آخرت کی سعادت تمہارا نصیب ہوگی ۔ ابولہب ، جو پیغمبر صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کا چچا تھا، اس نے جب یہ جملہ سنا آگ بگولہ ہوگیا اور بولا تم نے ہمیں اسی لئے بلایا ہے کہ ہم سے یہ فضول باتیں کہو؟ بہرحال اس نے ہنگامہ برپا کر کے جلسہ کو درہم برہم کر دیا پیغمبر صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے حضرت علیؑ کو دوسری مرتبہ پھر دعوت کا انتظام کرنے اور لوگوں کو بلانے کا حکم دیا۔ خود امیر المومنینؑ جو اس واقعہ کے راوی بھی ہیں، فرماتے ہیں، یہ لوگ تقریباً چالیس افراد تھے۔ دوسری مرتبہ پیغمبرؐ نے ان لوگوں سے فرمایا، تم میں سے جو شخص سب سے پہلے میری دعوت قبول کرے گا۔ میرے بعد میرا وصی، وزیر اور جانشین ہوگا۔ حضرت علیؑ کے سوا کسی اور نے پیغمبرؐ کی بات کا مثبت جواب نہ دیا اور جتنی مرتبہ پیغمبر صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے اعلان کیا اتنی مرتبہ حضرت علیؑ اپنی جگہ سے کھڑے ہوئے۔ آخر پیغمبرؐ نے فرمایا کہ میرے بعد تم ہی میرے وصی، وزیر اور جانشین ہوگے۔

ایک سردار قبیلہ کی پیغمبر اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے ملاقات:

دوسرا واقعہ۔ یہ بھی سیرت ابن ہشام میں ہے، مذکورہ واقعہ سے کہیں بڑھ کر ہے۔ وہ زمانہ جب پیغمبرؐ ابھی مکہ میں تھے اور قریش آپ کی تبلیغات میں الجھنیں ڈالتے تھے۔ حالات بہت سخت اور دشوار تھے۔ پھر بھی یہ لوگ محترم [1] مہینوں میں پیغمبر صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو پریشان نہیں کرتے تھے یا کم از کم زیادہ اذیتیں نہیں دیتے تھے۔ یعنی جسمانی اذیتیں نہیں دیتے تھے لیکن تبلیغات میں رکاوٹیں ضرور پیدا کرتے تھے۔ رسول اکرمؐ ہمیشہ ان موقعوں سے فائدہ اٹھاتے اور جب لوگ رعفات کے بازار عکاظ میں جمع ہو جاتے (اس وقت بھی حج کئے جاتے تھے لیکن اس کا مخصوص انداز ہوا کرتا تھا) تو وہاں پہنچ کر مختلف قبائل کے درمیان گھوم گھوم کر لوگوں کو دعوت حق دیا کرتے تھے ۔ مورخین لکھتے ہیں کہ اس ہنگامہ میں ابو لہب سایہ کی طرح پیغمبر صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے پیچھے لگا رہتا تھا اور جو کچھ پیغمبر صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم فرماتے تھے وہ جواب میں لوگوں سے کہا کرتا تھا یہ (معاذ اللہ) جھوٹ بول رہے ہیں، ان کی باتوں میں نہ آنا۔ ایک قبیلہ کا سردار جو بہت ذہین اور چالاک تھا پیغمبرؐ سے کچھ دیر باتیں کرنے کے بعد اپنے قبیلہ والوں سے کہنے لگا، اگر یہ شخص ہم میں سے ہوتا تو "لاکلت بہ العرب" یعنی میں اس شخص میں وہ استعداد دیکھ رہا ہوں کہ اگر یہ ہم میں سے ہوتا تو" میں اس کے ذریعہ پورے عرب کو کھا جاتا۔" چنانچہ اس نے پیغمبر اکرمؐ سے کہا کہ میں اور میری قوم آپ پر ایمان لانے کے لئے تیار ہیں (بلاشبہ ان کا ایمان حقیقی ایمان نہ تھا) لیکن ایک شرط ہے: آپ بھی ہم سے یہ وعدہ کیجئے کہ اپنے بعد کے لئے

[1] ذی قعدہ، ذی الحجہ اور محرم چونکہ ماہ حرام تھے۔ لہٰذا یہ آزادی کے مہینے ہوتے تھے یعنی ان مہینوں میں جنگیں رک جاتی تھیں۔ دشمن ایک دوسرے سے انتقام نہیں لیتے تھے۔ اور آپس میں آمد و رفت معمول پر آجاتی تھی۔ لوگ عکاظ کے بازار میں جمع ہوتے تھے۔ یہاں تک کہ اگر کوئی اپنے باپ کے قاتل کو بھی پا جاتا تھا، جس کی ایک مدت سے تلاش رہی ہے، تو ان حرام مہینوں کے احترام میں اس سے کوئی تعرض نہیں کرتا تھا۔

Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

مجھے یا ہم میں سے کسی شخص کو اپنا نائب و وصی معین کریں گے۔ پیغمبرؐ نے فرمایا میرے بعد کون میرا جانشین ہوگا یہ مجھ سے مربوط نہیں ہے۔ اس کا تعلّق خدا سے ہے (یعنی وہ جسے چاہے گا میرا جانشین مقرر کرے گا) یہ وہ بات ہے جو اہل سنت کی تاریخی کتابوں میں ذکر ہوئی ہے۔

حدیث غدیر اور اس کا متواتر ہونا:

ایک اور دلیل جسے شیعوں نے ذکر کیا ہے حدیث غدیر ہے۔ (خواجہ نصیر الدین) فرماتے ہیں: " ولحدیث الغدیر المتواتر " حدیث غدیر، جو متواتر ہے۔ " متواتر" علم کی ایک اصطلاح ہے کہتے ہیں کہ خبر واحد اور خبر متواتر۔ خبر واحد کا مطلب یہ نہیں ہے کہ اس کا ناقل کوئی ایک شخص ہو بلکہ اس سے مراد ایسی خبر یا حدیث ہے جس کا نقل کیا جانا یقین کیا جانا یقین کی حد کو نہ پہنچا ہو یعنی اس کے سننے سے یقین نہ پیدا ہوتا ہو۔ چاہے اس کا ناقل ایک ہو یا دس ہوں۔ مثال کے طور پر ایک شخص آپ سے بیان کرتا ہے کہ میں نے فلاں خبر ریڈیو سے سنی ہے۔ آپ کو گمان تو ہو جاتا ہے یہ بات صحیح ہوگی۔ لیکن ابھی آپ منتظر ہیں کہ دیکھیں دوسرے کیا کہتے ہیں۔ وہی بات آپ دوسرے سے سنتے ہیں۔ آپ کا گمان اور قوی ہو جاتا ہے۔ بعد میں آپ دیکھتے ہیں کہ بہت سے لوگ وہی بات کہہ رہے ہیں اب آپ یہ احتمال نہیں دے سکتے کہ یہ سب کے سب جھوٹ بول رہے ہیں کیونکہ ایک حد تک تو ممکن ہے چند افراد کسی بات پر اتفاق کر لیں۔ لیکن اگر اس حد سے زیادہ ہوں تو باہم اتفاق کر لینے کا امکان ختم ہو جاتا ہے۔ تواتر کے معنی یہ ہے کہ (نقل خبر کی تعداد) آپس میں اتفاق کر لینے کی امکانی حد سے کہیں زیادہ ہو۔ مثلاً اسی مذکورہ مثال میں یہ تو ممکن ہے کہ دس آدمی باہم تفاہم کر کے کہیں کہ ہم نے فلاں خبر ریڈیو سے سنی ہے۔ یہ دو سو افراد تک بھی ممکن ہے۔ لیکن اکثر قضیہ اس حد کو پہنچ جاتا ہے کہ اس میں اتفاق و باہمی تفاہم کا احتمال یا امکان ہی نہیں رہ جاتا۔ مثلاً آپ شہر کے جنوب میں چلے جائیں اور وہاں آپ سے کوئی کہے کہ ریڈیو نے فلاں خبر دی ہے

، پھر آپ مشرق میں جائیں وہاں بھی کچھ افراد اسی خبر کو نقل کرتے ہوئے نظر آئیں۔ یوں ہی آپ مغرب وشمال میں جائیں اور وہاں بھی وہی بات سنیں اب آپ یہ احتمال نہیں دے سکتے کہ سب نے آپس میں تفاہم کر کے ایک بات کہی ہے اسی کو تواتر کہتے ہیں۔ شیعہ اس کے دعویدار ہیں کہ حدیث غدیر اس قدر نقل ہوئی ہے کہ اس میں باہمی تفاہم یا تبانی کا امکان ہی نہیں پیدا ہوتا۔ اور ہم یہ نہیں کہہ سکتے کہ مثلاً اصحاب پیغمبرؐ میں سے چالیس افراد نے باہم ایکا کر کے ایک جھوٹی بات گڑھ لی ہے۔ خصوصاً جبکہ اس کی خبر کے بہت سے نقل کرنے والے دشمنانِ علیؑ میں شمار ہوتے رہے ہیں۔ یا اگر دشمن نہیں ہیں تو ان کے طرفدار بھی شمار نہیں ہوتے اگر اس حدیث کے نقل کرنے والے صرف سلمان ، ابوذر اور مقداد جیسے افراد ہوتے جو حضرت علیؑ کے گرد سایہ کی طرح موجود رہتے تھے، تو کہا جا سکتا تھا کہ چونکہ یہ افراد حضرت علیؑ سے بے انتہا محبت رکھتے ہیں لہٰذا ان سب نے مل جل کر ایک بات کہہ دی ہے۔ جبکہ اس خبر کے نقل کرنے والے ایسے افراد ہیں جن کو حضرت علیؑ سے کوئی لگاؤ نہیں تھا۔ ملا علی قوشجی وغیرہ کہتے ہیں کہ یہ خبر واحد ہے متواتر نہیں ہے۔ جبکہ شیعہ کہتے ہیں کہ نہیں یہ خبر متواتر ہے اور دلیل میں کتابیں پیش کرتے ہیں۔

حدیث غدیر میں پیغمبر اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: الست اولیٰ بکم من انفسکم [1] قالو بلیٰ" کیا میں تم سب سے زیادہ خود تم پر اولویت نہیں رکھتا؟

[1] یہاں پیغمبر اسلام کا ارشاد قرآن کے (سورۂ احزاب آیت نمبر ٦) کی طرف ہے جس میں ارشاد ہے: النبی اولی بالمومنین من انفسھم پیغمبرؐ کا تعلق چونکہ خدا کی ذات سے ہے لہٰذا وہ تمام لوگوں کو جان و مال پر ان سے زیادہ اولویت رکھتے ہیں۔ اگر چہ ہر شخص اپنے مال اور اپنی جان کا خود مختار سے زیادہ با اختیار ہیں۔ البتہ معاذ اللہ پیغمبرؐ کبھی کوئی کام اپنے ذاتی نفع کے تحت انجام نہیں دیتے۔ وہ خداوند عالم کی طرف سے اسلامی معاشرہ کے نمائندہ ہیں۔ یہاں عام لوگوں اور پیغمبرؐ میں فرق یہ ہے کہ لوگ اپنی جان و مال کے مختار اپنی ذات کے لئے ہیں جبکہ پیغمبر صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم اسلامی معاشرہ کی فلاح کے تحت یہ اختیار رکھتا ہے۔

Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

سب نے مل کر کہا: ہاں یا رسول اللہ، تو آپ نے فرمایا: من کنت مولاہ فھذا علی مولاہ، ظاہر ہے کہ پیغمبرؐ اس حدیث کے ذریعے حضرت علیؑ کے لئے لوگوں پر اپنی جیسی اولویت کا اعلان کر رہے ہیں۔

حدیث منزلت:

یہ حدیث جسے خواجہ نصرالدین طوسی متواتر فرماتے ہیں اور ملا علی قوشجی اس سے ایک دم انکار تو نہیں کرتے البتہ اسے خبر واحد قرار دیتے ہیں۔ اس پر بھی میر حامد حسین نے عبقات میں اور علامہ امینی نے الغدیر میں اور خاص طور سے میر حامد حسین نے پوری ایک جلد میں بحث کی ہے۔ (صاحب الغدیر نے حدیث غدیر کے علاوہ دوسری حدیثوں پر زیادہ کام نہیں کیا ہے) اس حدیث کو حدیث منزلت کہتے ہیں، جس میں پیغمبر اسلامؐ نے حضرت علیؑ کو مخاطب کرتے ہوئے فرمایا: انت منی بمنزلۃ ھارون من موسی الّا انہ لانبیّ بعدی "تم کو مجھ سے وہی نسبت ہے جو ہارون علیہ السلام کو موسیٰ علیہ السلام سے تھی بس فرق یہ ہے کہ میرے بعد کوئی نبی نہیں ہے۔ آنحضرتؐ نے یہ جملہ اس وقت فرمایا جب آپ غزوہ تبوک کے لئے تشریف لے جا رہے تھے۔ غزوۂ تبوک کوئی جنگ نہ تھی بلکہ صرف ایک لشکر کشی تھی۔ یہ لشکر کشی غزوۂ موتہ کے بعد عمل میں آئی، جو عرب اور رومیوں کے درمیان عہد پیغمبرؐ میں پہلی اور آخری جنگ تھی۔ اور مدینہ کے شمال میں لڑی گئی تھی۔ مشرقی روم کی شہنشاہیت کا مرکز اسلامیوں یعنی (قسطنطنیہ) تھا۔ شام کا علاقہ بھی ان ہی کی حمایت اور سرپرستی میں تھا۔ رومی شام میں جمع ہو کر مدینہ پر حملہ کے لئے تیاریاں کر رہے تھے۔ پیغمبر اکرمؐ نے مناسب سمجھا کہ روم کی سرحد تک ایک لشکر کشی کی جائے۔ چنانچہ آپ نے یہ اقدام فرمایا جو غزوۂ تبوک کے نام سے مشہور ہے۔

سیاست دانوں کے بقول پیغمبرؐ اپنی طاقت کا مظاہرہ کرنے کے لئے روم کی

سرحد تک تشریف لے گئے تھے کہ آؤ ہم بھی آمادہ ہیں اور پھر واپس ہو لئے۔ آنحضرت ﷺ اس سفر میں حضرت علی علیہ السلام کو اپنے ہمراہ نہیں لے گئے بلکہ آپ کو مدینہ میں اپنا جانشین بنا کر چھوڑ گئے تھے۔ علماء شیعہ کہتے ہیں کہ پیغمبر ﷺ نے یہ اقدام اس وجہ سے فرمایا تھا کہ جانتے تھے کوئی جنگ نہیں لڑی جائے گی۔ حضرت علیؑ جب مدینہ میں اکیلے رہ گئے تو بہت افسردہ اور دل تنگ ہوئے آپ نے آنحضرت ﷺ سے عرض کی: یا رسول اللہ! آپ مجھے اپنے ساتھ نہ لے جا کر یہاں عورتوں اور بچوں کے درمیان چھوڑے جا رہے ہیں؟ اس پر حضرت ﷺ نے فرمایا:

"اما ترضیٰ ان تکون (یا انت) منّی بمنزلۃ ھارون
من موسیٰ الّا انہ لانبیّ بعدی

(گویا آپ یہ کہنا چاہتے تھے کہ میں نے تم کو مدینہ میں اپنا جانشین مقرر کیا ہے۔ یوں ہی چھوڑے نہیں جا رہا ہوں) یعنی سوائے نبوت کے جو نسبت ہارون علیہ السلام کو موسیٰ علیہ السلام سے تھی وہ تمہیں مجھ سے ہے، جب ہم ہارون علیہ السلام اور موسیٰ علیہ السلام کے درمیان نسبتوں کا جائزہ لینے کے لئے قرآن کی طرف رجوع کرتے ہیں تو نظر آتا ہے کہ موسیٰ علیہ السلام ابتدائے کار میں ہی یعنی پیغمبری عطا کئے جانے کے فوراً بعد خدا سے یہ درخواست کرتے ہیں:

رَبِّ اشْرَحْ لِي صَدْرِي ﴿٢٥﴾ وَيَسِّرْ لِي أَمْرِي ﴿٢٦﴾ وَاحْلُلْ
عُقْدَةً مِّن لِّسَانِي ﴿٢٧﴾ يَفْقَهُوا قَوْلِي ﴿٢٨﴾

موسیٰؑ نے عرض کی پروردگار میرے سینے کو کشادہ کر دے
میرے کام کو آسان کر دے اور میری زبان کی گرہ کو
کھول دے (سورہ طٰہ)

Contact : jabir.abbas@yahoo.com
http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

(یہاں تک توصرف اپنے لئے دعا ہے۔اس کا ہمارے موضوع میں سے کوئی ربط نہیں ہے):

وَاجْعَلْ لِّيْ وَزِيْرًا مِّنْ اَهْلِيْ ﴿۲۹﴾

اورمیرے اہل میں سے میرا وزیر قرار دے دے

(اصل میں وزیر کے معنی ہمارے ہاں مدد کے ہیں، وزیر یعنی بوجھ، سنگینی، وزیر یعنی جو ایک حد تک بوجھ بٹائے۔ یہ اصلاح بھی بعد میں اسی لئے مشہور اور رائج ہوئی کہ وزیر بادشاہ کا معاون ہوا کرتا ہے) اے معبود! میرے لئے میرے خاندان سے معاون و مددگار معین فرما۔ پھر خود ہی پیشکش کرتے ہیں:

هٰرُوْنَ اَخِي ﴿۳۰﴾ اشْدُدْ بِهٖٓ اَزْرِيْ ﴿۳۱﴾ وَاَشْرِكْهُ فِيْٓ اَمْرِيْ ﴿۳۲﴾
كَيْ نُسَبِّحَكَ كَثِيْرًا ﴿۳۳﴾ وَّنَذْكُرَكَ كَثِيْرًا ﴿۳۴﴾

ہارون کو جو میرا بھائی بھی ہے اس سے میری پشت کو مضبوط کردے اسے میرے کام میں شریک بنادے تاکہ ہم تیری بہت زیادہ تسبیح کرسکیں اور تیرا بہت زیادہ ذکر کرسکیں۔

میرے بھائی ہارون کو (میرا وزیر معین کردے) اوراس کے ذریعہ سے میری پشت محکم کردے۔ اوراسے اس کام میں میرا شریک قرار دے۔ تاکہ ہم دونوں بیش از بیش تیری تسبیح پڑھیں اور تجھے یاد کریں۔ یعنی تیرے دین کو زیادہ سے زیادہ رواج بخشیں۔

دوسری جگہ قرآن (مذکورواقعہ کے بعد) فرماتا ہے کہ موسیٰ نے ہارون سے کہا:

وَقَالَ مُوْسٰى لِاَخِيْهِ هٰرُوْنَ اخْلُفْنِيْ فِيْ قَوْمِيْ

اور موسیٰؑ نے اپنے بھائی ہارون علیہ السّلام سے کہا کہ تم قوم میں میری نیابت کرو

چنانچہ جب پیغمبرؐ فرماتے ہیں: "انت منی بمنزلة هارون من موسیٰ"
تو اس سے حضرت ﷺ کی مراد یہ ہے کہ وہ تمام نسبتیں جو قرآن کی روشنی میں ہارون علیہ السلام کو موسیٰ علیہ السلام سے تھیں (مثلاً ان کے وزیر تھے، ان کی پیٹھ ان سے محکم تھی، شریک کار تھے، اوران کی قوم میں ان کے جانشین تھے) وہ سب تمہیں مجھ سے ہیں۔ سوائے نبوت کہ میرے بعد کوئی نبی نہ ہوگا۔: اگر پیغمبر اکرم ﷺ الاانه لانبی بعدی نہ فرماتے تو یہ کہا جاتا کہ پیغمبر ﷺ نے کسی ایک پہلو یا کسی مخصوص شباہت کی طرف اشارہ فرمایا ہے۔ لیکن جب آپ صرف نبوت کا استثناء فرماتے ہیں تو گویا آپ یہ کہنا چاہتے ہیں کہ تمام پہلوؤں میں یہ نسبت برقرار ہے (البتہ تمام اجتماعی مراحل میں، طبیعی وفطری نسبت کے تحت نہیں کہ" موسیٰ وہارون بھی بھائی تھے۔ تم اور ہم بھی بھائی ہیں: بلکہ جو نسبت ہارون علیہ السلام کو خدا کی طرف سے موسیٰ علیہ السلام کے ذریعہ تمام مراحل میں حاصل تھی، وہی تمھیں مجھ سے حاصل ہے۔

اہل سنت اس کا جواب دیتے ہیں کہ اگر ایسی کوئی حدیث متواتر ہوتی تو ہم مان لیتے لیکن یہ متواتر نہیں ہے بلکہ خبر واحد ہے۔ لیکن جیسا کہ میں عرض کر چکا ہوں کہ میر حامد حسین جیسے علماء نے اپنی کتابوں میں اہل سنت کے جوانوں سے ثابت کیا ہے کہ یہ حدیث متواتر ہے۔

سوال وجواب:

سوال: گزشتہ جلسہ کی اختتامی اورآج کے جلسہ کی ابتدائی گفتگو سے جو نتیجہ میں نے اخذ کیا ہے اس نے میرے ذہن میں حکومت وامامت کے درمیان ایک طرح سے حد

jabir.abbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

بندی کی لکیر کھینچ دی ہے اور وہ اس طرح کہ آقای مطہری نے فرمایا کہ امامت کے کچھ فرائض ہیں جن کا ایک شعبہ حکومت بھی ہے۔ میں نہیں سمجھ سکا کہ حکومت کے علاوہ اس کے دوسرے کون سے شعبے ہیں جن میں حکومت شامل اور دخیل نہیں ہے۔ ہم اب تک اسلام سے جو کچھ سمجھے ہیں وہ یہ کہ ہماری دنیا وآخرت یا دینوی اور آخروی اعمال کے درمیان حد فاصل نہیں ہے جو کچھ اخروی اعمال کے عنوان سے بیان کیا جاتا ہے وہ ہمارے دنیاوی اعمال کی ضمانت بن کر خود ہماری زندگی میں دخیل ہے اور ہمارے دنیاوی اعمال ہماری انفرادی واجتماعی زندگی کو ارتقاع وکمال کی طرف لے جاتے ہیں ساتھ ہی معاشرہ میں ایک اجتماعی حکومت برقرار کرنے میں معاون ثابت ہوتے ہیں۔ قرآن حکیم میں بھی ہمیں یہ بات نظر آتی ہے کہ خدا ان ہی کو بلند مقام عطا کرتا ہے جو اپنے عبادی اعمال کے ذریعہ اپنی دینوی زندگی کو سنوارتے ہیں۔ عدل وانصاف کی حاکمیت قائم کرنے میں کوشاں رہتے ہیں اور قرآن میں جہاد کو سب سے زیادہ اہمیت دی گئی ہے۔ ائمہ علیہم السلام کی زندگی میں بھی یہی بات نظر آتی ہے۔ ہم دیکھتے ہیں کہ ان کے تمام ارشادات اور ان کی پاکیزہ سیرتیں یہ ظاہر کرتی رہتی ہیں یہ حضرات اپنے حقوق حقہ حاکمیت اور حکومت حاصل کرنے کی مسلسل جدجہد کرتے رہے چاہے وہ اعلانیہ جہاد کرتے رہے یا قید خانوں یا مخفی گاہوں میں خاموشی کے ساتھ ان تحریکوں کی سربراہی کرتے رہے یہی وجہ ہے کہ میں امامت کے لئے حکومت کے علاوہ دوسرے فرائض کی توجیہ نہیں کر پاتا کیونکہ ان کی حکومت ہی امامت کی تمام اعمال کی توجیہ کرسکتی ہے۔ برائے مہربانی وضاحت فرمادیں؟

جواب: حد بندی کی بات تو آپ نے خود اٹھائی ہے، میں نے اس لفظ کا ہی استعمال نہیں کیا اور نہ اسے صحیح سمجھتا ہوں۔ میں نے عرض کیا تھا کہ امامت شیعوں کے یہاں حکومت سے بھی بالاتر ایسا مرتبہ ومقام ہے جو کا ایک پہلو حکومت بھی ہے وہ اعلیٰ منزلت تو معصوم وبے خطا ہونے کی حیثیت سے اسلام بیان کرنا اور اس کی وضاحت کرنا

اور احکام دین کے لئے ان کا مرجع ومنبع قرار پانا ہے۔ ہم کہتے ہیں کہ پیغمبرؐ کی ایک شان حکومت وحاکمیت بھی تھی۔ یہ تو کوئی حد بندی نہیں ہوئی۔ پیغمبر اکرمؐ لوگوں پر حاکم تھے لیکن یہ حکومت انسانوں کی طرف سے ان کو نہیں ملی تھی اور نہ انسانوں نے انھیں یہ حق دیا تھا۔ بلکہ یہ خداداد حق تھا، اس کی دلیل یہ ہے کہ وہ تمام انسانوں میں سب سے مافوق اور بلند تھے (دوسرے لفظوں میں پیغمبرؐ تھے) کیونکہ احکام الٰہی کے بیان کرنے والے اور عالم غیب سے معنوی رابطہ رکھنے والے تھے۔ میں نے نہ تو دنیا وآخرت کے درمیان کسی فاصلہ یا حد بندی کا اظہار کیا ہے اور نہ ہی حاکم وامام کے درمیان کسی جدائی کا قائل ہوں کہ یہ کہوں، امام لوگوں کی آخرت کا ذمہ دار ہے اور حاکم لوگوں کی دنیا کے لئے ہے۔ اگر میں نے یہ کہا ہوتا تو آپ کا اعتراض بجا تھا۔ ہم یہ کہتے ہیں کہ شیعوں کے یہاں امامت کا مسئلہ ہی دوسرا ہے۔ اگر وہ ثابت ہوجائے تو حکومت خود بخود ثابت ہوجائے گی۔ ہم دراصل نبوت کی ایسی جانشین کے قائل ہیں کہ اس کے ہوتے ہوئے کسی دوسرے کی حکومت کا سوال ہی نہیں اٹھتا، جس طرح پیغمبرؐ کی موجودگی میں کسی غیر کی حکومت کی بات مہمل ہے، اسی طرح شیعوں کے یہاں بیان شدہ امام کی موجودگی میں کسی دوسرے کی حکومت کا سوال ہی پیدا نہیں ہوتا آج کل رائج معنی کے مطابق حکومت اسی وقت ممکن ہے جب ہم فرض کرلیں کہ دنیا میں کوئی امام موجود ہی نہ ہو یا ہمارے زمانہ کی طرح امام پردۂ غیب میں ہو۔ ورنہ امام کی موجودگی اور اس کے ظہور کے وقت شیعہ جس سطح کی امامت کے قائل ہیں حکومت کا مسئلہ خود بخود روشن اور حل شدہ ہے۔

سوال: اہل سنت غدیر خم والی روایت کو خبر واحد قرار دیتے ہیں اور متواتر نہیں جانتے یا آپ کی بیان کردہ اس روایت کو جس میں رسول اکرمؐ نے فرمایا کہ: حضرت علیؑ کو سلام کرو کیوں کہ وہ تمہارے امیر ہیں؟

جواب: روایت غدیر کے اس فقرہ میں من کنت مولاہ فھذا علی

Contact : jabir.abbas@yahoo.com

http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

مولاہ کے سلسلہ میں تو شاید اہل سنت بھی اس کے متواتر ہونے سے انکار کر سکتے، اگر چہ ملا علی قوشجی یہی کہتے ہیں کہ یہ جملہ بھی متواتر نہیں ہے۔ دراصل یہ جملہ اتنا زیادہ نقل ہوا ہے کہ اہل سنت کو بھی اس کے (تواتر سے) انکار کی مجال نہیں ہے اس جملہ کے بہت زیادہ نقل ہونے کی وجہ یہ ہے کہ پیغمبرؐ کے زمانے میں آنحضرت کے اقوال اسی وقت لکھ کر محفوظ کئے جاتے تھے بلکہ ذہنوں میں محفوظ کر لئے جاتے تھے۔ لہٰذا فطری طور پر اس حدیث کا وہی جملہ سب سے زیادہ یاد رہا جس میں حضرت علیؑ کا نام موجود تھا: من کنت مولاہ فھذا علی مولاہ۔ بہت سے لوگوں نے اس روایت کے پہلے حصہ کو بھی نقل کیا ہے جس میں پیغمبر ﷺ فرماتے ہیں: "الست اولیٰ بکم من انفسکم" شیعہ اس حصہ کو بھی متواتر جانتے ہیں۔ لیکن حدیث: "سلّموا علی علیّ بامرۃ امیر المومنین" کے تواتر کو اہل سنت، کسی صورت قبول نہیں کرتے بلکہ اسے خبر واحد کہتے ہیں۔ اور شاید ہم بھی اس کے متواتر ہونے کو پورے طور سے ثابت نہ کر پائیں (میں اس سلسلہ میں زیادہ نہیں جانتا) اور کوئی ضروری بھی نہیں ہے۔ لیکن اس حدیث کے اصل حصہ کہ پیغمبرؐ نے فرمایا: "الست اولیٰ بکم من انفسکم" اور لوگوں نے عرض کیا "بلیٰ" ہاں یارسول اللہؐ اس کے بعد حضرت نے فرمایا: من کنت مولاہ فھذا علی مولاہ اللھم وال من والاہ وعاد من عاداہ سفینۃ البحار۔ جلد ۲، ص ۲۰۶۔

اس کا تواتر ہماری نظر میں واضح اور بدیہی ہے۔ جبکہ اہل سنت اس سلسلہ میں اختلاف نظر رکھتے ہیں۔ بعض کہتے ہیں کہ یہ حدیث متواتر ہے، بعض کہتے ہیں کہ خبر واحد ہے۔ اور بعض اسے متواتر تو جانتے ہیں لیکن کہتے ہیں کہ اس کا مطلب وہ نہیں ہے جو شیعہ بیان کرتے ہیں بلکہ اس میں پیغمبرؐ نے یہ فرمایا ہے کہ جو شخص مجھے دوست رکھتا ہے وہ حضرت علیؑ کو بھی دوست رکھے۔ ہم کہتے ہیں کہ یہ کون سی بات ہے کہ پیغمبر ﷺ غدیر خم میں لوگوں کو جمع کریں اور یہ فرمائیں کہ جو مجھے دوست رکھتا ہے علیؑ کو بھی دوست رکھے! آخر یہ کون سی

خاص بات ہوئی کہ حضرت علیؑ کو صرف دوست رکھو؟! جبکہ اس سے قبل خود حضرت فرما چکے ہیں: "الست اولیٰ بکم من انفسکم" کلمۂ مولا بنیادی طور پر کسی بھی جگہ دوست کے معنی میں استعمال نہیں ہوا ہے۔

سوال: کیا آیت: اَلۡیَوۡمَ اَکۡمَلۡتُ لَکُمۡ دِیۡنَکُمۡ وَاَتۡمَمۡتُ عَلَیۡکُمۡ نِعۡمَتِیۡ وَرَضِیۡتُ لَکُمُ الۡاِسۡلَامَ دِیۡنًا ؕ واقعہ غدیر کے بعد نازل ہوئی ہے؟

جواب: نہیں، غدیر خم ہی میں نازل ہوئی ہے۔

www.ziaraat.com
jabir.abbas@yahoo.com
Sabeel-e-Sakina

Contact : jabir.abbas@yahoo.com
http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

چوتھی بحث

آیت: اَلۡیَوۡمَ یَئِسَ اور مسئلہ امامت

گزشتہ بحث میں ہم عرض کر چکے ہیں کہ مسئلہ امامت کے شیعہ اور اہل سنت کے نظریوں کی بنیاد ہی ایک دم الگ الگ ہے۔اور یہ دونوں نظریے بنیادی طور سے مختلف ہیں۔لہٰذا اس مسئلہ میں یہ بحث کرنا ہی غلط ہے کہ ہم بھی امامت کے قائل ہیں اور وہ بھی، لیکن امامت کے شرائط میں ہم دونوں کے نظریوں میں فرق ہے۔کیونکہ شیعہ امامت سے جس مرتبہ ومنصب کے قائل ہیں وہ اس سے بالکل جدا ہے جس امامت کے نام پر اہل سنت معتقد ہیں۔اسی طرح جیسے اس مسئلہ کو یوں اٹھانا صحیح نہیں ہے کہ امامت نص کے ذریعہ معین ہوتی ہے یا شوریٰ کے ذریعہ؟ یعنی امام کی تعیین پیغمبر صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو کرنی چاہیے یا لوگوں کو اس کے انتخاب کا اختیار ہے، کیونکہ امامت کے سلسلہ میں شیعہ جو عقیدہ رکھتے ہیں اور کہتے ہیں کہ امام نص کے ذریعہ معین ہوتا ہے وہ اس سے ایک دم الگ ہے جس کا اہل سنت اظہار کرتے ہیں اور کہتے ہیں کہ اس کا انتخاب شوریٰ سے ہوتا ہے۔ایسا نہیں ہے کہ دونوں ایک ہی چیز کے بارے میں بحث کرتے ہیں اور ایک کہتا ہے کہ یہ نص کے ذریعہ ہے، دوسرا کہتا ہے کہ شوریٰ کے ذریعہ اصل میں کہنا یہ چاہیے کہ شیعہ کی نظر میں امامت سے مراد جو کچھ ہے اہل سنت اسے سرے سے قبول ہی نہیں کرتے، صرف اس کے شرائط ہی میں اختلاف نہیں رکھتے۔اس کی مثال بالکل منکرین نبوت کے نزدیک نبوت کے مانند ہے۔شیعہ امامت سے وہ بلند وبالا مقام مراد لیتے ہیں کہ قہری طور پر اگر کوئی اس مقام کا تصور کر لے اور اسے قبول کر لے تو بہر حال اسے ماننا ہی پڑے گا کہ امام کو خدا کی جانب سے معین کیا جانا چاہیے۔جس طرح نبوت کے سلسلہ میں کبھی یہ نہیں کہا جاتا کہ لوگ

بیٹھ کر نبی منتخب کر لیں۔اسی طرح شیعہ نقطۂ نظر سے امام کی جو حیثیت ومنزلت ہے، اس کے لئے بھی یہ کہنے کی گنجائش نہیں ہے کہ لوگ مل بیٹھ کر ایسے کسی شخص کا انتخاب کر لیں۔

گذشتہ بحث میں ہم شیعی نقطۂ نظر سے امامت کے مراتب وشرائط کا ذکر کرتے ہوئے یہاں تک پہنچتے ہیں کہ شیعہ اس مسئلہ کو اوپر سے شروع کرتے ہیں (یعنی خدا سے) اور وہاں سے زینہ بازینہ نیچے آتے ہیں اس کے بعد وہ یہ کہتے ہیں کہ یہ بات صرف ایک مفروضہ ہی نہ رہ جائے لہٰذا دیکھنا چاہیے کہ ہم امامت کے سلسلہ میں جو اعلیٰ معیار رکھتے ہیں، کیا پیغمبر اکرمؐ نے بھی کسی کو اس مقام کے لئے معین فرمایا ہے؟ اور قرآن بھی اس سلسلہ میں کچھ فرماتا ہے یا نہیں؟

پہلے یہ خیال تھا کہ اسی ترتیب کے ساتھ گفتگو کو آگے بڑھاؤں جس ترتیب سے خواجہ نصیر الدین نے اپنی کتاب تجرید میں اس مسئلہ کو پیش کیا ہے، لیکن چونکہ عید غدیر نزدیک ہے لہٰذا طے کیا کہ بہتر ہے پہلے غدیر سے مربوط آیات پر ہی کچھ روشنی ڈالی جائے۔

آیہ اَلۡیَوۡمَ یَئِسَ الَّذِیۡنَ کی تحقیق:

سورۂ مائدہ کے شروع میں یہ آیت مذکور ہے:

اَلۡیَوۡمَ یَئِسَ الَّذِیۡنَ کَفَرُوۡا مِنۡ دِیۡنِکُمۡ فَلَا تَخۡشَوۡهُمۡ وَاخۡشَوۡنِ ؕ اَلۡیَوۡمَ اَکۡمَلۡتُ لَکُمۡ دِیۡنَکُمۡ وَاَتۡمَمۡتُ عَلَیۡکُمۡ نِعۡمَتِیۡ وَرَضِیۡتُ لَکُمُ الۡاِسۡلَامَ دِیۡنًا ؕ سورۂ مائدہ آیت (۳)

اور کفار تمہارے دین سے مایوس ہو گئے ہیں لہٰذا تم ان سے

www.ziaraat.com
jabir.abbas@yahoo.com
sabeel-e-sakina
Contact : jabir.abbas@yahoo.com
http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

نہ ڈرو اور مجھ سے ڈرو۔ آج میں نے تمہارے لئے دین کو
کامل کر دیا ہے اور اپنی نعمتوں کو تمام کر دیا ہے اور تمہارے
لئے دین اسلام کو پسندیدہ بنا دیا ہے

آیت کے یہ دونوں حصے جو "الیوم" سے شروع ہوتے ہیں ایک ہی آیت کے ضمن میں ہیں۔ اور قدر مسلّم یہ ہے کہ دونوں ایک ہی مطلب سے مربوط ہیں نہ کہ دو الگ الگ مطالب سے۔ پہلے اس آیت کا ترجمہ عرض کردوں پھر قرآن کے لحاظ سے اس کی شروع وتفسیر بھی کروں گا۔

لفظ "یوم" یعنی روز جب "الف ولام" کے ساتھ ذکر ہوتا ہے (الف ولام عہد کے ساتھ) تو کبھی "اُس روز" کے معنی دیتا ہے اور کبھی "آج" کے معنی ظاہر کرتا ہے۔ "اس روز" کے معنی میں وہاں استعمال ہوتا ہے جہاں پہلے ایک روز کا ذکر ہو چکا ہو، بعد میں الیوم کہیں تو وہاں "اُس روز" مراد ہوگا۔ اور اگر کہیں مثلاً الیوم فلاں شخص آیا تو یہاں اس سے مراد آج ہوگا۔ الیوم یئس الذین کفروا من دینکم (ابھی ہم یہ نہیں کہتے کہ اس سے مراد اس روز ہے یا آج۔ اس کی وضاحت ہم بعد میں کریں گے) اس روز یا آج کفار تمہارے دین سے مایوس ہو گئے۔ فلا تخشوھم لہٰذا اب ان سے کوئی خوف محسوس نہ کرو۔ تمہارے دین سے ان کے مایوس ہوجانے کا مطلب یہ ہے کہ اب وہ تمہارے دین پر غلبہ پانے اور اسے نیست و نابود کرنے سے مایوس ہو گئے۔ اور چونکہ مایوس ہو گئے لہٰذا اسلام مخالف اپنی گذشتہ ریشہ دوانیوں سے بھی دست بردار ہو گئے۔ اور اب ان سے ڈرنے کی کوئی ضرورت نہیں ہے۔ بعد کا جملہ بہت عجیب ہے۔ ارشاد ہوتا ہے: "واخشون" اور مجھ سے ڈرو۔ یعنی کہا یہ جا رہا ہے کہ اب کفار کی طرف سے ڈرنے کی ضرورت نہیں لیکن میری طرف سے خوف زدہ رہو جبکہ بات خود دین کی ہو رہی ہے۔ کفار

کی طرف سے خوف کا مطلب تو یہ تھا کہ ان سے دین کو کوئی گزند نہ پہنچے، ان کے لئے تو خدا فرماتا ہے نہ ڈرو اب وہ کچھ نہیں کر سکتے "واخشون" لیکن مجھ سے ڈرو۔ فطری طور پر معنی تو یہی ہوں گے کہ اب اگر دین کو کوئی گزند نہ پہنچے گا تو میری طرف سے پہنچے گا۔ آخر یہ کون سا مفہوم ہے کہ آج کے بعد سے اپنے دین کے لئے کفار سے نہ ڈرو۔" اس سے کیا مقصود ہے اسے بعد میں ذکر کروں گا۔

پھر ارشاد ہوتا ہے: "الیوم اکملت لکم دینکم" اس روز (یا آج) میں نے تمہارے دین کو کامل کیا یعنی حد کمال پر پہنچا دیا۔ "واتممت علیکم نعمتی" یعنی اپنی نعمت کو تم پر تمام کر دیا۔ یہاں دو قریب المعنی لفظ ذکر ہوئے ہیں: "اکمال" و "اتمام" یہ دونوں لفظ ایک دوسرے کے بہت قریب ہیں یعنی میں نے کامل کیا یا تمام کیا۔

اکمال اور اتمام کا فرق:

(فارسی میں اور خصوصاً عربی میں) ان دونوں لفظوں کا باہمی فرق یہ ہے کہ "اتمام" اس جگہ استعمال ہوتا ہے جہاں کسی چیز کے اجزاء یکے بعد دیگرے آتے رہیں جب تک تمام اجزاء نہ آجائیں اس چیز کو ناقص کہتے ہیں اور جب اس کا آخری جزو بھی آجاتا ہے تو کہتے ہیں وہ چیز تمام ہو گئی مثلاً ایک مکان جب وہ پورا بن کر تیار ہو جاتا ہے تو (عربی میں) کہتے ہیں تمام ہو گیا۔ ورنہ چاہے اس کی دیواریں کھڑی کر لیں اور اس پر چھت بھی ڈال دیں مکان تمام نہ کہلائے گا جب تک اس کے تمام ضروری اجزاء اس میں تیار نہ ہو جائیں جو اگر نہ ہوں تو مکان سے استفادہ نہیں کیا جا سکتا۔ اس صورت میں کہتے ہیں یہ عمارت تمام نہیں ہوئی ہے۔ جب اس میں تمام اجزاء تیار ہو جائیں اور وہ رہنے کے قابل ہو جائے تو تب کہا جائے گا مکان اتمام کو پہنچا۔ لیکن لفظ "کامل" میں ایسا نہیں ہے کہ (غیر کامل چیز) کوئی نقص بھی رکھتی ہو بلکہ ممکن ہے کہ اس کا کوئی جزو بھی کسی طرح کا

jabir.abbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com
http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

نقص نہ رکھتا ہو پھر بھی ابھی کامل نہ ہو۔مثال کے طور پر بچہ رحم مادر میں حد اتمام تک تو پہنچ جاتا ہے یعنی اس کے جسم کے تمام اجزاء مکمل ہوجاتے ہیں، بچہ دنیا میں بھی آجاتا ہے لیکن ابھی وہ کامل انسان نہیں ہے۔یعنی ابھی رشد کی آخری منزلوں تک نہیں پہنچا ہے۔رشد کرنے کا مطلب یہ نہیں ہے کہ اس کے جسم کا کوئی جزو ناقص تھا۔درحقیقت کامل اور تمام میں باہم کمّی وکیفی فرق ہے

قرآن ایک طرف کہتا ہے:" **الیوم اکملت لکم دینکم** " اس روز میں نے تمہارے دین کو کامل کردیا۔اوردوسری طرف فرماتا ہے:" **واتممت علیکم نعمتی** " میں نے نعمت بھی تم پر تمام کردی" **ورضیت لکم الاسلام دیناً** " اور آج میں نے اسلام کوایک دین کے عنوان سے تمہارے لئے پسند کرلیا۔یعنی یہ اسلام آج وہ اسلام ہے جیسا خدا چاہتا تھا۔ظاہر ہے کہ اس سے مراد یہ نہیں ہے کہ اسلام تو وہی پہلے ہی والا اسلام ہے لیکن اب اس کے سلسلہ میں خدا کا نظریہ بدل گیا ہے! بلکہ اس کا مقصد یہ ہے کہ اب جبکہ اسلام کمال واتمام کی حد تک پہنچ گیا، اب یہی دین ہے جس میں رضائے خدا شامل ہے۔خدا جیسا دین چاہتا تھا وہ یہی کامل شدہ اورتمام شدہ اسلام ہے۔

آیت کا مفہوم اس سے زیادہ کچھ نہیں ہے۔صرف اس میں جو بات ہے وہ یہ کہ لفظ الیوم سے مراد کون سا روز ہے؟ کون سا روز اس حد تک اہم ہے کہ قرآن کہتا ہے اس روز دین کامل ہوا اورنعمت خدا اس پر تمام ہوگئی۔یہ بہرحال بہت اہم دن ہونا چاہیے یقیناً کوئی بہت ہی غیر معمولی واقعہ اس روز رونما ہوا ہوگا۔اورظاہر ہے یہ بات شیعہ یا سنّی سے تعلق نہیں رکھتی۔

اس قضیہ کے عجائبات میں سے ایک نکتہ یہ بھی ہے کہ اس آیت کے قبل اور بعد کی آیتوں سے بھی کوئی ایسی چیز سمجھ نہیں آتی جو اس روز کو ثابت کرسکے۔مختصر یہ ہے کہ خود آیت کے لفظی قرائن سے" وہ روز" سمجھا نہیں جاسکتا۔ایک موقع ہے جب آیت سے

پہلے کسی بہت اہم واقعہ یا حادثہ کا ذکر ہوا ہو اور بعد میں اسی حادثہ یا واقعہ کی" مناسبت سے " آج" کہا جائے۔یہاں ایسا بھی نہیں ہے۔کیونکہ اس آیت سے پہلے بڑے عام اورسادہ سے احکام بیان کئے گئے ہیں کہ کس جانور کا گوشت تم پر حلال ہے اور کس کا حرام ہے۔مراد کا حکم کیا ہے۔خون اورسور کا گوشت تم پر حرام ہے وغیرہ وغیرہ اور پھر اچانک ارشاد ہوتا : **اَلۡيَوۡمَ يَٮِٕسَ الَّذِيۡنَ كَفَرُوۡا مِنۡ دِيۡنِكُمۡ فَلَا تَخۡشَوۡهُمۡ وَاخۡشَوۡنِ‌ؕ اَلۡيَوۡمَ اَكۡمَلۡتُ لَـكُمۡ دِيۡنَكُمۡ وَاَتۡمَمۡتُ عَلَيۡكُمۡ نِعۡمَتِىۡ وَرَضِيۡتُ لَـكُمُ الۡاِسۡلَامَ دِيۡنًا‌ؕ** اس آیت کے تمام ہونے کے بعد ہی دوبارہ گزشتہ مطالب کا بیان ہوجاتا ہے کہ کون سا گوشت تم پر حرام ہے اوراضطرار ومجبوری کی حالت میں اس کے استعمال میں کوئی حرج نہیں ہے: **فمن اضطرّ فی مخمصة غیر متجانف**

یعنی ان آیات کا سلسلہ کچھ ایسا ہے کہ اگر ہم زیر بحث آیت کو درمیان سے ہٹا بھی دیں تو اس کے ماقبل اور مابعد کی آیتیں آپس میں مربوط ہوجائیں گی اورکوئی معمولی سا خلل یا خلا بھی نظر نہ آئے گا۔جیسا کہ اسی مضمون کی آیتیں مذکورہ آیت کے درمیان میں لائے بغیر قرآن میں مزید دوتین جگہ ذکر ہوئی ہیں اور مفہوم ومطلب بھی ایک دم کامل ہے کہیں سے کوئی نقص یا خلا ظاہر نہیں ہوتا۔

"الیوم" سے مراد کون سا روز؟:

یہی وجہ ہے کہ اس مقام پر شیعہ اورسنی دونوں مفسرین اس کوشش میں سر گرداں ہیں کہ" الیوم" سے مراد کون سا روز ہے؟ اس حقیقت کو معلوم کرنے کے دو طریقے ہیں۔ایک یہ کہ ہم قرائن کے ذریعہ سمجھیں یعنی مضمون کے قرینہ سے دیکھیں کہ یہ مضمون کس روز پر چسپاں ہوتا ہے؟ اورکس روز سے متعلق ایسی اہم بات بیان کی جاسکتی ہے؟ دوسرے یہ کہ تاریخ وحدیث کے ذریعہ سمجھیں کہ اس آیت کا شان نزول کیا ہے؟ جو لوگ

Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

پہلی راہ کا انتخاب کرتے ہیں وہ تاریخ وسنت وحدیث کے ذریعہ آیت کے شان نزول موقع ومحل اوراس کی مناسبت سے کوئی سروکار نہیں رکھتے ، وہ یہ کہتے ہیں کہ ہم نے آیت کے مضمون کودیکھ کر یہ نتیجہ اخذ کیا ہے کہ یہ آیت زمانہ بعثت سے مربوط ہے۔لہٰذا" الیوم" سے مراد"اس روز" ہے نہ کہ" آج"۔

یہاں یہ بات بھی عرض کردوں کہ یہ سورۂ مائدہ کی ابتدائی آیتیں ہیں اور یہ سورہ قرآن کا پانچواں سورہ ہے جو"یا ایھا الذین آمنوا اوفوا بالعقود" سے شروع ہوتا ہے۔اور تمام مفسرین کا اس بات پر اتفاق ہے کہ سورۂ مائدہ پیغمبرؐ پر نازل ہونے والا آخری سورہ ہے یعنی مدنی سورہ ہے۔حتیٰ سورہ اذاجاء نصر اللہ و الفتح" کے بعد نازل ہوا ہے۔البتہ مفسرین کے مطابق ایک دو آیتیں اس سورہ کے بعد بھی نازل ہوئی ہے جنھیں دوسرے سوروں میں شامل کردیا گیا،لیکن یہ طے ہے کہ اس سورہ کے بعد کوئی سورہ نہیں نازل ہوا اور اس میں وہ آیتیں ہیں جو آخر پیغمبر صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم پر نازل ہوئی ہیں۔

"الیوم" سے متعلق مختلف نظریات:

۱۔روز بعثت: ہم عرض کرچکے ہیں کہ بعض مفسرین کے نزدیک" الیوم" سے مراد" اُس روز" سے نہ کہ" آج"۔جب ان سے سوال ہوتا ہے کہ اس کا قرینہ کیا ہے: تو جواب ملتا ہے کہ قرآن" الیوم" کہہ کر ایک روز کی اس قدر تعریف وتوصیف کرتا ہے" کہ اس روز میں نے اسلام کو ایک دین کے عنوان سے تمہارے لئے پسند کرلیا" لہٰذا قاعدتاً یہ بعثت پیغمبرؐ کا روز ہی ہونا چاہیے۔اس کا جواب یہ دیا گیا کہ آپ اپنی بات کے لئے" رضیت لکم الاسلام دیناً" کو قرینہ بنارہے ہیں، یہ قرینہ اس وقت درست ہوتا جب اس سے پہلے کے جملے اس میں موجود نہ ہوتے۔کیونکہ اصل میں بات یہ کہی جارہی ہے کہ آج میں نے دین کو کامل کردیا اور تم پر اپنی نعمتوں کو تمام کردیا (جبکہ) روز بعثت اس

نعمت کے شروع ہونے کا پہلا روز تھا۔اور" رضیت لکم الاسلام دیناً" بھی اس وجہ سے ذکر کیا گیا ہے کہ اب جبکہ اسلام کامل ہوگیا اور اسلام کی نعمت اتمام کو پہنچ گئی تو میں نے اس" دین" کو جیسا میں چاہتا تھا تمہارے لئے پسند کرلیا۔اس اعتبار سے" الیوم" روز بعثت نہیں ہوسکتا۔

۲۔روز فتح مکہ: روز بعثت کے بعد جس دوسرے روز کا احتمال دیا جاتا ہے (البتہ اس میں کوئی قرینہ نہیں پایا جاتا ،صرف ایک احتمال ہی ہے، اور چونکہ بیان کیا گیا ہے لہٰذا ہم بھی نقل کررہے ہیں) وہ روز فتح مکہ ہے۔کہتے ہیں کہ تاریخ اسلام میں ایک اور روز بھی بہت زیادہ اہم ہے(اور صحیح بھی ہے کہ فتح مکہ تاریخ اسلام کا بہت اہم دن ہے) اور وہ فتح مکہ کا روز ہے جس میں یہ آیت نازل ہوئی:

إِنَّا فَتَحْنَا لَكَ فَتْحًا مُّبِينًا ① لِّيَغْفِرَ لَكَ اللَّهُ مَا تَقَدَّمَ مِن ذَنۢبِكَ وَمَا تَأَخَّرَ وَيُتِمَّ نِعْمَتَهُۥ عَلَيْكَ وَيَهْدِيَكَ صِرَٰطًا مُّسْتَقِيمًا ②

بیشک ہم نے آپ کو کھلی ہوئی فتح عطا کی ہے تاکہ خدا آپ کے اگلے پچھلے تمام الزامات کو ختم کردے اور آپ پر اپنی نعمت کو تمام کردے اور آپ کو سیدھے راستہ کی ہدایت دے دے سورۂ فتح،آیت نمبر ۱،۲

مکہ جزیرۃ العرب میں روحانی ومعنوی حیثیت سے ایک عجیب منزلت کا حامل تھا۔عام الفیل کے بعد یعنی جس سال اصحاب فیل نے مکہ پر حملہ کیا اور اس عجیب وغریب انداز سے شکست سے دوچار ہوئے۔جزیرۃ العرب کے تمام لوگ کعبہ کو ایک عظیم عبادت گاہ کی حیثیت سے بڑی ہی گہری عقیدت کی نگاہوں سے دیکھنے لگتے تھے۔اسی وجہ سے

www.ziaraat.com jabir.abbas@yahoo.com Sabeel-e-Sakina

Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

قریش میں غرور بھی پیدا ہوگیا تھا۔قریش اس (واقعہ) کا سہرا اپنے سر باندھتے تھے اور کہتے تھے" دیکھو یہ کعبہ ہے جو اس قدر محترم ہے کہ اتنا عظیم لشکر جب اسے ڈھانے آیا تو اس بُری طرح آسمانی بلا میں گرفتار ہوا کہ ان میں کا ایک شخص بھی بچ نہ سکا دیکھو! ہم کس قدر اہم اور باعظمت ہیں! اسی کے بعد قریش میں عجب وغرور ونخوت کا احساس پیدا ہوگیا۔ اور عرب کے دوسرے قبائل میں بھی ایک طرح سے ان کی اطاعت وفرمانبرداری کی کیفیات پیدا ہوگئیں۔مکہ کے بازار کو بڑی شہرت حاصل ہوئی چنانچہ قریش جو جی چاہتا تھا لوگوں پر حکم لگایا کرتے تھے اور لوگ بھی کعبے سے اپنے اسی روحانی احساس واعتقاد کی بنا پر چون وچرا کئے بغیر ان کی اطاعت کرتے تھے۔

واقعۂ فیل کے بعد لوگوں میں یہ اعتقاد پیدا ہوگیا تھا کہ کعبہ اس قدر عظیم ہے کہ اب اس پر کسی کا قبضہ یا تسلط ہونا محال ہے۔پیغمبر اکرمؐ نے مکہ کو فتح کرلیا جبکہ نہ کوئی خونریزی ہوئی نہ کوئی دشواری پیش آئی اور نہ کسی کو ذرا سا بھی گزند پہنچا۔شاید پیغمبر اکرمؐ جو یہ چاہتے تھے کہ بغیر خونریزی کے فتح ہوجائے ان کی نگاہ مبارک میں حرمت کعبہ کے علاوہ یہ مسئلہ بھی درپیش تھا۔اگر کہیں اور جنگ ہوئی ہوتی، اور سو مسلمان بھی قتل ہوجاتے تو کوئی محسوس کرنے والی بات نہ ہوتی۔لیکن اگر فتح مکہ کے دوران مسلمانوں کو کوئی نقصان پہنچتا تو یہی کہا جاتا کہ دیکھو! (معاذ اللہ) جو کچھ اصحاب فیل کے ساتھ پیش آیا وہی اصحاب محمدؐ کے ساتھ بھی ہوا۔چنانچہ پیغمبر اکرمؐ نے مکہ کو اس طرح فتح کیا کہ ایک قطرہ خون نہیں بہا، نہ مسلمانوں کا اور نہ کفار کا، صرف خالد بن ولید نے اپنے ذاتی کینہ کی بنا پر مکہ کے ایک گوشہ میں مقابلہ کرنے والوں میں سے دو تین افراد کو قتل کردیا لیکن جب اس کی خبر پیغمبر ﷺ کو معلوم ہوئی تو آپ بری طرح ناراض ہوئے کہ تم نے ایسا کیوں کیا؟! ساتھ ہی آپ نے اسکے اس عمل سے بیزاری وبرائت کا اظہار بھی کیا: خدایا جو عمل اس شخص نے انجام دیا ہے میں اس سے بیزاری کا اظہار کرتا ہوں میں اس عمل پر ہرگز راضی نہیں تھا۔

یہی وجہ تھی کہ فتح مکہ نے اہل عرب پر غیر معمولی نفسیاتی اثر ڈالا اور وہ کہنے لگے کہ لگتا ہے حقیقت کچھ اور ہی ہے، محمد ﷺ آئے انہوں نے مکہ کو اتنی آسانی سے فتح بھی کرلیا اور ان کو کوئی گزند بھی نہ پہنچا۔چنانچہ فتح مکہ کے بعد اہل عرب خود بخود تسلیم ہونے لگے۔گروہ آتے تھے اور اسلام اختیار کرتے تھے۔قرآن فرماتا ہے:

لَایَسۡتَوِیۡ مِنۡکُمۡ مَّنۡ اَنۡفَقَ مِنۡ قَبۡلِ الۡفَتۡحِ وَقٰتَلَ ؕ اُولٰٓئِکَ اَعۡظَمُ دَرَجَۃً مِّنَ الَّذِیۡنَ اَنۡفَقُوۡا مِنۡۢ بَعۡدُ وَقٰتَلُوۡا ؕ

اور تم میں سے فتح سے پہلے انفاق کرنے والا اور جہاد کرنے والا اس کے جیسا نہیں ہوسکتا ہے جو فتح کے بعد انفاق اور جہاد کرے۔ پہلے جہاد کرنے والے کا درجہ بہت بلند ہےسورہ حدید، آیت نمبر ۱۰

کیونکہ فتح مکہ سے قبل مسلمان اقلیت میں تھے (اور ان کی فداکاریاں) ان کے کامل ایمان کی بنیاد پر تھیں۔لیکن فتح مکہ کے بعد لوگ خود بخود آکر اسلام قبول کرنے لگے لہٰذا فتح مکہ کے بعد والے ایمان سے قیمتی فتح مکہ کے پہلے والا ایمان ہے۔لہٰذا فتح مکہ کا روز اسلام کی تاریخ کا بہت عظیم روز ہے اس میں کسی کو کلام نہیں ہے، اور ہم بھی اسے قبول کرتے ہیں۔

لیکن بعض مفسرین کہتے ہیں کہ وہ روز جس کو قرآن میں اتنی زیادہ اہمیت دی گئی ہے کہ ارشاد ہوتا ہے:

اَلۡیَوۡمَ یَئِسَ الَّذِیۡنَ کَفَرُوۡا مِنۡ دِیۡنِکُمۡ فَلَا تَخۡشَوۡہُمۡ وَاخۡشَوۡنِ ؕ اَلۡیَوۡمَ اَکۡمَلۡتُ لَکُمۡ دِیۡنَکُمۡ

Contact : jabir.abbas@yahoo.com
http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

وَاَتْمَمْتُ عَلَيْكُمْ نِعْمَتِي وَرَضِيتُ لَكُمُ الْاِسْلَامَ دِيْنًا ط

وہ فتح مکہ کا روز ہو۔ (اورجیسا کہ عرض کر چکا ہے اس دعویٰ کی کوئی دلیل نہیں ہے نہ لفظی قرینہ کی حیثیت سے اور نہ تاریخ کی حیثیت سے)۔

یہاں "الیوم" سے مراد فتح مکہ کا روز ہے اس سے متعلق کسی قرینہ یا تاریخی ثبوت کے فقدان کے علاوہ خود صدر آیت اس مفہوم کی تائید نہیں کرتی۔ کیونکہ ارشاد ہے: اَكْمَلْتُ لَكُمْ دِيْنَكُمْ وَاَتْمَمْتُ عَلَيْكُمْ نِعْمَتِي" دین مکمل کر دیا اور اپنی ساری نعمتیں تمام کر دیں یعنی اب اسلام سے متعلق کوئی چیز باقی نہیں رہ گئی سب کچھ بیان کیا جا چکا ہے۔ جبکہ ہم سب جانتے ہیں کہ اسلام کے بہت سے احکام فتح مکہ کے بعد نازل ہوئے ہیں۔ یہ بات" اتممت علیکم نعمتی " سے میل نہیں کھاتی جب یہ کہا جاتا ہے کہ میں نے یہ مکان مکمل کر دیا تو بہرحال اس سے مراد سارا مکان نہیں ہے۔ بہت سی آیتیں منجملہ ان کے پورا سورۂ مائدہ جو اتفاق سے کافی مفصل اور طویل ہے اور اس میں خاصے احکام بیان کئے گئے ہیں، فتح مکہ کے بعد نازل ہوا ہے۔ اور یہ آیت جو خود سورہ مائدہ کا جزو ہے فتح مکہ کے سے متعلق کیسے ہوسکتی ہے۔ جبکہ مکہ آٹھویں ہجری میں واقع ہوا اور سورہ مائدہ ۱۰ھ کے اواخر میں نازل ہوا ہے۔ اگر کہا جائے کہ صرف یہ آیت فتح مکہ کے روز نازل ہوئی۔ پھر بھی اتمام نعمت سے میل نہیں کھاتی۔

اس آیت میں "الیوم" کے روز فتح مکہ" قرار دیئے جانے پر ایک اعتراض اور بھی ہے۔ وہ یہ ہے کہ آیت کہہ رہی ہے: اَلْيَوْمَ يَئِسَ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا مِنْ دِيْنِكُمْ" آج کافرین تمہارے دین سے مایوس ہو گئے۔ یعنی اب وہ تمہارے دین پر مسلط حاصل کرنے سے مایوس ہوگئے۔ سوال یہ ہے کہ کیا فتح مکہ کے روز ایسا ہی ہوا؟ یہ صحیح

ہے کہ اسلام کی اس کامیابی نے کفار پر بہت گہرا اثر ڈالا لیکن حقیقتاً کیا وہ ایسا ہی روز تھا کہ کفار اس دین کے نابود کرنے کے سلسلہ میں بالکل مایوس ہو گئے؟ ہرگز نہیں۔

۳۔ امیرالمومنینؑ کے ذریعہ منیٰ میں سورۂ برائت کی تبلیغ کا دن: یہ دن بھی تاریخ اسلام کا بہت اہم دن مانا جاتا ہے اور مفسرین نے احتمال ظاہر کیا یہاں "الیوم" سے مراد منیٰ میں امیرالمومنینؑ کے ذریعہ سورۂ برائت کی قرآت وتبلیغ کا دن ہے۔ یہ واقعہ ہجرت کے نویں سال کا ظہور میں آیا۔ فتح مکہ ایک فوجی و نظامی فتح تھی، حتیٰ اس فتح سے اسلام کی معنوی قوت بھی خاصی محکم ہوگئی تھی۔ لیکن ابھی پیغمبر صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کفارہ کے ساتھ صلح کے طے شدہ معاہدہ کی شرطوں کے تحت زندگی گزار رہے تھے۔ اس بنا پر وہ بھی خانہ کعبہ کے طواف اور مکہ میں زندگی کا حق رکھتے تھے ساتھ ہی وہ حج کے مراسم میں شریک ہوئے۔ مسلمانوں نے اسلامی دستور کے مطابق حج ادا کیا اور کفار اپنے طور پر حج کے مراسم انجام دیتے رہے۔ ہجرت کے نویں سال سورۂ برائت نازل ہوا۔ اور طے ہوا کہ امیرالمومنینؑ منیٰ میں عام مجمع کے سامنے اس سورہ کی قرائت کریں کہ اب مشرکین کو حج میں شرکت کرنے کا کوئی حق نہیں ہے۔ اور یہ عبادت صرف مسلمانوں سے مخصوص ہے اور بس۔

یہ بڑا مشہور واقعہ ہے کہ پیغمبر اکرمؐ نے پہلے ابوبکرؓ کو امیر الحاج بنا کر مکہ کی جانب روانہ کیا۔ لیکن وہ ابھی راستہ میں تھا کہ آیت نازل ہوئی۔" اب یہ کہ ابوبکرؓ سورہ برائت بھی اپنے ہمراہ لے گئے تھے یا اس وقت تک سرے سے سورۂ برائت نازل ہی نہیں ہوا تھا اور وہ صرف امیر الحاج بنا کر بھیجے گئے تھے۔" اس میں مفسرین کے درمیان اختلاف ہے۔ لیکن بہرحال شیعہ وسنی سب کا اس پر اتفاق ہے اور اسے فضائل حضرت علیؑ کا جزو شمار کرتے ہیں، کہ پیغمبر اکرمؐ نے امیرالمومنین علیہ السلام کو اپنے مخصوص مرکب کے ذریعہ روانہ کیا اور ان سے فرمایا کہ جاؤ مجھ پر وحی نازل ہوئی ہے کہ اس کو لوگوں کے درمیان یا میں خود پڑھوں یا وہ جو مجھ سے ہو۔ امیرالمومنینؑ گئے اور راستہ میں ابوبکرؓ سے ملاقات کی۔

Contact : jabir.abbas@yahoo.com
http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

واقعہ یوں نقل کیا جاتا ہے کہ ابوبکرؓ خیمہ میں بیٹھے تھے کہ پیغمبرؐ کے مخصوص شتر نے آواز بلند کی، آپ اس آواز کو پہچانتے تھے، کہنے لگے یہ پیغمبر ﷺ کے اونٹ کی آواز ہے۔ یہ یہاں کیسے آیا؟ ناگاہ انہوں نے دیکھا کہ علیؑ تشریف لائے ہیں۔ بہت رنجیدہ ہوئے۔ سمجھ گئے کہ کوئی اہم خبر ہے۔ دریافت کیا، کیا کوئی بات ہوگئی ہے؟ آپ نے فرمایا پیغمبرؐ نے مجھے حکم دیا ہے کہ سورۂ برائت لوگوں کے درمیان میں جا کر پڑھوں۔ پوچھا، میرے خلاف تو کچھ نہیں نازل ہوا ہے؟ فرمایا نہیں۔ یہاں پر اختلاف ہے۔ اہل سنت کہتے ہیں حضرت علیؑ گئے اور انہوں نے سورۂ برائت کی تلاوت فرمائی۔ ابوبکرؓ نے بھی اپنا سفر جاری رکھا پس یہ منصب و ذمہ داری آپ کے ہاتھ میں نہ رہی لیکن شیعہ اور بہت سے اہل سنت کا عقیدہ، جیسا کہ تفسیر المیزان میں بھی نقل ہوا ہے یہ ہے کہ ابوبکرؓ وہاں سے واپس آئے اور پیغمبرؐ کی خدمت میں آکر دریافت کیا کہ یارسول اللہ ﷺ کیا اس سورہ میں میرے خلاف کوئی چیز نازل ہوئی ہے؟ فرمایا نہیں۔

سورۂ برائت کے اعلان کا دن بھی مسلمانوں کے لئے بڑا عظیم دن تھا۔ اس روز یہ اعلان ہوا کہ آج سے کفار و مشرکین حج کے مراسم میں شریک نہیں ہو سکتے، حرم کی سرزمین صرف مسلمانوں سے مخصوص ہے۔ مشرکین سمجھ گئے کہ اب شرک کی حالت میں زندگی نہیں گزار سکتے۔ اسلام شرک کو برداشت نہیں کرسکتا۔ اسے یہودیت، عیسائیت اور مجوسیت جیسے انسان کے ساتھ تو معاشرتی زندگی قبول ہے لیکن شرک کے ساتھ زندگی کسی صورت برداشت نہیں۔ چنانچہ اس روز کی اہمیت کو دیکھتے ہوئے یہ کہا گیا کہ شاید یہاں "الیوم" سے مراد یہی روز ہو۔

اس کا جواب یوں دیا گیا کہ یہ بات: "أَتْمَمْتُ عَلَيْكُمْ نِعْمَتِي" میں نے اپنی نعمتیں تم پر تمام کردیں اور دین کی عمارت اتمام کو پہنچ گئی، کے ساتھ کسی طرح میل نہیں کھاتی، کیونکہ بہت سے احکام اس روز کے بعد بھی نازل ہوئے ہیں۔ یہ روز بہر

حال پیغمبرؐ کی زندگی کے آخری دنوں میں سے ہونا چاہیے کہ جس کے بعد کوئی حکم یا قانون نازل نہ ہوا ہو۔

جو افراد "الیوم" سے فلاں روز مراد لیتے ہیں ان کے پاس اپنی بات کی کوئی دلیل نہیں ہے۔

یعنی نہ صرف تاریخ اس کی تائید نہیں کرتی، بلکہ قرائن سے بھی ان کی بات ثابت نہیں ہوتی۔

شیعوں کا بیان:

یہاں شیعہ ایک بات کہتے ہیں اور اس کا دعویٰ کرتے ہیں کہ آیات کے مضمون سے بھی اس کی تائید ہوتی ہے اور تاریخ سے بھی۔ لہٰذا اس پر دو نوعیت سے بحث ہونی چاہیے۔ ایک یہ کہ آیات کا مضمون اس کی تائید کرتا ہے۔ اور دوسرے تاریخ بھی اس کی مؤید ہے۔

ا۔ تاریخ کے آئینہ میں: یہ تاریخ کا بڑا ہی تفصیلی مسئلہ ہے۔ زیادہ تر کتابیں جو اس موضوع پر لکھی گئی ہیں ان میں اکثر و بیشتر اس پر انحصار کیا گیا ہے کہ تاریخ و حدیث کی روشنی میں یہ ثابت کریں کہ آیت: "اَلْيَوْمَ يَئِسَ الَّذِينَ كَفَرُوا مِنْ دِينِكُمْ فَلَا تَخْشَوْهُمْ وَاخْشَوْنِ ۚ الْيَوْمَ أَكْمَلْتُ لَكُمْ دِينَكُمْ وَأَتْمَمْتُ عَلَيْكُمْ نِعْمَتِي وَرَضِيتُ لَكُمُ الْإِسْلَامَ دِينًا ۚ" غدیر خم میں نازل ہوئی ہے۔ کتاب "الغدیر" نے اسی بات کو ثابت کیا ہے۔ حدیث کی کتابوں کے علاوہ، مؤرخین کا نقطۂ نگاہ بھی یہی ہے۔ اسلام کی قدیم ترین، عمومی اور معتبر ترین تاریخ کی کتاب "تاریخ یعقوبی" ہے جسے شیعہ و سنی دونوں معتبر جانتے ہیں۔ مرحوم ڈاکٹر آیتی نے کتاب کی دونوں جلدوں کا (فارسی میں) ترجمہ کیا ہے۔ کتاب بہت ہی متقن و محکم ہے۔ اور تیسری صدی ہجری کے

Contact : jabir.abbas@yahoo.com
http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

اوائل میں غالباً عہد مامون کے بعد متوکل کے زمانہ میں لکھی گئی ہے۔ یہ کتاب جو فقط تاریخ کی کتاب ہے اور حدیث سے اس کا تعلق نہیں ہے، ان بہت سی کتابوں میں سے ایک ہے جس میں غدیر خم کا واقعہ لکھا گیا ہے۔ اس کے علاوہ اہل سنت کی لکھی ہوئی دوسری کتابیں بھی ہیں جنھوں نے غدیر کے واقعہ کو لکھا ہے۔

روایت یوں ہے کہ پیغمبر اسلامؐ (حجۃ الوداع) پیغمبرؐ کی آخر عمر میں آپ کی وفات کے دوماہ پہلے کا حج تھا۔ پیغمبر اکرمؐ کی وفات ۲۸ صفر یا اہل سنت کے مطابق ۱۲ ربیع الاول کو واقع ہوئی۔ حضرت صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم ۱۸ ذی الحجہ کو غدیر خم پہنچے۔ غدیر کا واقعہ شیعوں کے مطابق وفات پیغمبر اسلامؐ سے دوماہ دس روز قبل اور اہل سنت کے مطابق دوماہ چوبیس روز پہلے پیش آیا ہے۔ واپس ہوتے ہوئے جب غدیر خم پہنچے،" جو جحفہ" کے شاید آپ میں سے بعض حضرات جحفہ گئے ہوں۔ مجھے اپنے دوسرے سفر حج میں جحفہ جانے کا بھی اتفاق ہوا۔ کیونکہ میرے مدینہ کے سفر میں تاخیر ہوئی اور میں حج کے بعد گیا۔ یہاں سے ہم جدہ گئے اس جگہ فتوؤں میں اختلاف ہے کہ جدہ سے احرام باندھا جاسکتا ہے یا نہیں۔ یہ اختلاف بھی حقیقتاً فتوائی اختلاف نہیں ہے بلکہ جغرافیائی ہے کیونکہ وہ جگہ جو کسی ایک میقات کے مقابل ہو وہاں سے احرام باندھا جاسکتا ہے۔ ایک جغرافیہ داں جو عرب کے جغرافیہ سے بخوبی واقف ہو شاید جو کسی ایک میقات کے مقابل ہونے یا نہ ہونے کی دقیق طور سے تعیین کرسکتا ہے۔ ہم نے خود بھی پہلے عمل نہیں کیا، لیکن بعد میں مکہ اور مدینہ میں عرب کا نقشہ دیکھنے کے بعد یہ نظر آتا ہے کہ جدہ بھی بعض میقاتوں کے روبرو آتا ہے۔ شرط یہ ہے کہ وہ نقشہ درست رہا ہو۔ جو لوگ جدہ سے مکہ جانا چاہتے ہیں اور احتیاط کی بنا پر کسی ایک واقعی میقات سے احرام باندھنا چاہتے ہیں وہ جدہ سے جحفہ آتے ہیں جحفہ مدینہ کی شاہراہ کے نزدیک ہے۔ یہ اہل شام کا میقات ہے۔ شام مکہ کے شمال مغرب میں واقع ہے۔ چنانچہ جب لوگ شام سے مکہ کی طرف آتے تھے تو کچھ مسافت طے

کرنے کے بعد جحفہ پہنچتے تھے۔ پیغمبر اکرمؐ نے اس طرف سے آنے والوں کے لئے اسے میقات قرار دیا۔ غدیر خم جحفہ کے نزدیک واقع ہے اور ایسی جگہ ہے کہ جب مسلمان مکہ سے واپس ہوتے ہوئے اس جگہ پر پہنچتے تھے تو وہیں سے الگ الگ سمتوں میں متفرق ہوجاتے تھے۔ اہل مدینہ، مدینہ کی جانب اور دوسرے شہروں والے اپنی اپنی منزلوں کی طرف نزدیک ہے تو آپ نے قافلہ روک دیا اور اعلان فرمایا کہ: میں لوگوں سے ایک اہم بات کہنا چاہتا ہوں۔ (یہ آیتیں بھی وہیں نازل ہوئیں) اس کے بعد آپؐ کے حکم سے اونٹوں کے کجاؤں اور دوسری چیزوں کے ذریعہ ایک اونچا منبر بنایا گیا۔ حضرتؐ بالائے منبر تشریف لے گئے اور ایک مفصل خطبہ ارشاد فرمایا جس میں آپؐ نے مسلمانوں کو خطاب کرتے ہوئے دریافت فرمایا: الست اولیٰ فیکم من انفسکم قالوا بلیٰ۔ تب آپؐ نے فرمایا:" من کنت مولاہ فھذا علی مولاہ " اسی کے بعد یہ آیت نازل ہوئی: اَلۡیَوۡمَ یَئِسَ الَّذِیۡنَ کَفَرُوۡا مِنۡ دِیۡنِکُمۡ فَلَا تَخۡشَوۡھُمۡ وَاخۡشَوۡنِ ؕ اَلۡیَوۡمَ اَکۡمَلۡتُ لَکُمۡ دِیۡنَکُمۡ وَاَتۡمَمۡتُ عَلَیۡکُمۡ نِعۡمَتِیۡ وَرَضِیۡتُ لَکُمُ الۡاِسۡلَامَ دِیۡنًا ؕ "

اگر ہم اس کے تاریخی پہلو پر بحث کرنا چاہیں تو شیعہ وسنی اور خاص طور سے اہل سنت کی ایک ایک کتاب کا تحقیقی جائزہ لینا ہوگا جنھوں نے اس واقعہ کو نقل کیا ہے۔ ان چیزوں کا کتاب" الغدیر" یا اس کے جیسی دوسری کتابوں میں جائزہ لیا گیا ہے۔ ابھی چند سال پہلے نشر حقائق" مشہد سے غدیر کے موضوع پر ایک مختصر اور جامع کتاب شائع ہوئی ہے جس کا مطالعہ افادیت سے خالی نہیں ہے۔

شیعہ، تاریخی حیثیت سے ایک استدلال یہ کرتے ہیں کہ جب آیت: الیوم اکملت لکم دینکم " سے لفظی طور پر یہ ظاہر نہیں ہوتا کہ" الیوم" سے مراد کون سا روز ہے تو اس آیت کی تاریخ وشان نزول کی طرف رجوع کرتے ہیں۔ نتیجہ میں ہم دیکھتے

Contact : jabir.abbas@yahoo.com
http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

ہیں کہ ایک، دو یا دس نہیں بلکہ متواتر طور پر روایات یہ بیان کرتی ہیں کہ یہ آیت غدیر کے روز نازل ہوئی ہے جب پیغمبر اکرمؐ نے حضرت علیؑ کو اپنا جانشین مقرر فرمایا تھا۔

۲۔ آیت میں موجود قرائن کی روشنی میں: لیکن ہم یہ دیکھنا چاہتے ہیں کہ کیا آیت میں موجودہ قرائن بھی ان نکات کی تائید کرتے ہیں جن کی مؤید تاریخ ہے؟ آیت یہ ہے: **الیوم یئس الذین کفروا من دینکم** " آج یا (اس روز) کفار تمہارے دین سے مایوس ہو گئے۔ اسے ہم قرآن کی ان آیات کا ضمیمہ قرار دیتے ہیں، تم کو تمہارے دین سے منحرف کر دینا چاہتے ہیں اور تمہارے دین کے خلاف سازش کر رہے ہیں۔ تم کو تمہارے دین سے منحرف کر دینا چاہتے ہیں اور تمہارے دین کے خلاف اقدامات میں مصروف ہیں۔ اس کوشش میں اہل کتاب اور غیر اہل کتاب دونوں شامل ہیں:

وَدَّ كَثِيرٌ مِّنْ أَهْلِ الْكِتَابِ لَوْ يَرُدُّونَكُم مِّن بَعْدِ
إِيمَانِكُمْ كُفَّارًا ۚ حَسَدًا مِّنْ عِندِ أَنفُسِهِم

(یعنی بہت سے اہل کتاب تمہارے ایمان پر حسد کرتے ہوئے اس بات کے خواہشمند ہیں کہ تمہیں دوبارہ (ایمان سے) کفر کی دنیا میں کھینچ لے جائیں) سورہ بقرہ آیت/۱۰۹

چنانچہ ایک طرف خدا قرآنی آیات کے ذریعہ ظاہر کر رہا ہے کہ کفار تمہارا دین مٹانے کے درپے ہیں اور دوسری طرف اس آیت میں فرماتا ہے۔" لیکن اب آج سے کفار مایوس ہو گئے" آج سے وہ تمہارے دین کے خلاف کوئی اقدام نہیں کریں گے۔ **فلا تخشوھم** اب ان کی طرف سے ڈرنے کی کوئی ضرورت نہیں ہے" واخشون" مجھ سے ڈرو۔ یعنی آج کے بعد سے تمہارا دین مٹتا رہے، ضعیف ہوجائے یا جو کچھ بھی تمہیں پیش آئے، بس مجھ سے ڈرو۔ یہ" مجھ سے ڈرو" کے معنی کیا ہیں؟ کیا خدا خود اپنے دین کا

دشمن ہے؟ نہیں۔ اسے مختصر سے جملہ کا مفہوم وہی ہے جس کا قرآن کی بہت سی آیتوں میں خدا کی طرف سے اپنے بندوں کو نعمتوں سے محروم کر دینے کے سلسلہ میں ایک بنیادی اصول کے طور پر ذکر ہوا ہے۔ ارشاد ہوتا ہے؛"

إِنَّ اللَّهَ لَا يُغَيِّرُ مَا بِقَوْمٍ حَتَّىٰ يُغَيِّرُوا مَا بِأَنفُسِهِمْ ۗ

سورۂ رعد، آیت/۱۱

یا۔۔۔

ذَٰلِكَ بِأَنَّ اللَّهَ لَمْ يَكُ مُغَيِّرًا نِّعْمَةً أَنْعَمَهَا عَلَىٰ قَوْمٍ
حَتَّىٰ يُغَيِّرُوا مَا بِأَنفُسِهِمْ ۙ

سورۂ انفال، آیت/ ۵۳

ان آیتوں کا مفہوم یہ ہے کہ خداوند عالم جو نعمت بھی کسی قوم پر نازل کرتا ہے اس سے وہ نعمت اس وقت تک سلب نہیں کرتا جب تک لوگ خود کو اس کے لئے نا اہل قرار نہیں دیتے یعنی جب لوگ خود اپنے ہاتھوں سے اس نعمت کو زائل کر دینا چاہیں اور اس کی بے قدری کرنے لگیں تو خدا بھی اس سے وہ نعمت دور کر دیتا ہے۔ یہ قانون دراصل قرآن کا ایک بنیادی و اساسی قانون ہے۔

محکمات ومتشابہات:

زیر بحث آیت کو دیکھتے ہوئے ایک بات جو بہت سے موارد میں پیش آتی ہے عرض کر دینا ضروری ہے اور وہ یہ کہ قرآن کی بعض آیتیں بعض دوسری آیتوں کی تفسیر کرتی ہیں: "القرآن یفسّر بعضه بعضاً" قرآن ایک کھلی ہوئی اور روشن کتاب ہے۔ خود بھی روشن اور واضح ہے اور ظاہر و آشکار کرنے والی بھی، خود قرآن کہتا ہے کہ مجھ میں دو طرح کی آیتیں موجود ہیں، محکمات اور متشابہات آیات محکمات کو قرآن" ام الکتاب" کا

jabir.abbas@yahoo.com
www.ziaraat.com
Sabeel-e-Sakina
Contact : jabir.abbas@yahoo.com
http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

نام دیتا ہے۔ جوایک عجیب تعبیر ہے:

هُوَ الَّذِيْٓ اَنْزَلَ عَلَيْكَ الْكِتٰبَ مِنْهُ اٰيٰتٌ مُّحْكَمٰتٌ

هُنَّ اُمُّ الْكِتٰبِ وَاُخَرُ مُتَشٰبِهٰتٌ ۭ

متشابہ آیت ایسی آیت ہے جس کے مفہوم کوکئی اعتبار سے معنی پہنائے جاسکتے ہیں۔ آیت محکمہ سے صرف فقط ایک ہی مفہوم اور معنیٰ نکلتا ہے۔ قرآن جو آیات محکمات کو "ام" یاماں کے نام سے یاد کرتا ہے، اس کا مطلب یہ ہے کہ متشابہ آیات کو محکم آیات کی مدد سے معنی پہنائے جاسکتے ہیں۔ اگر قرآن کی کوئی آیت ایسی ہو جس کے چند معنی نکلتے ہوں تو ہمیں خود اس کے معنی بیان کرنے اور شرح کرنے کا کوئی حق نہیں ہے۔ اس کی ایک ہی صورت ہے۔ وہ یہ ہے کہ اس آیت کو سمجھنے کے لئے قرآن کی طرف رجوع کرنا ہوگا اور اس کی تمام آیات کی روشنی میں ہی اس آیت کا مفہوم سمجھا جاسکے گا۔ متشابہ آیت کا مطلب یہ نہیں ہے کہ وہ مجمل ہے یا اس میں جو لفظیں استعمال کی گئی ہیں اس کے معنی ہم نہیں جانتے بلکہ ایسی آیت کا مطلب یہی ہے کہ اس کے ایک دوسرے سے قریب اور متشابہ کئی معنی بیان کئے جاسکتے ہیں۔

مثلاً قرآن کریم میں پروردگار عالم کی مشیت مطلقہ سے متعلق آیتیں ہیں جو ظاہر کرتی ہیں کہ تمام چیزیں مشیت الٰہی کے تحت ہیں۔ اس میں کوئی استثناء نہیں ہے۔ منجملہ ان میں سے یہ آیت ہے جو اسی بنا پر متشابہ ہے:

قُلِ اللّٰهُمَّ مٰلِكَ الْمُلْكِ تُؤْتِي الْمُلْكَ مَنْ تَشَاۗءُ

وَتَنْزِعُ الْمُلْكَ مِمَّنْ تَشَاۗءُ ۡ وَتُعِزُّ مَنْ تَشَاۗءُ وَتُذِلُّ

مَنْ تَشَاۗءُ ۭ بِيَدِكَ الْخَيْرُ ۭ اِنَّكَ عَلٰي كُلِّ شَيْءٍ قَدِيْرٌ ۝۲۶

سورۂ آل عمران، آیت/۲۶

(اب اس سے زیادہ محکم وبالاتر تاکید نہیں ہوسکتی) یعنی کہو کہ اے میرے خدا! تمام ملکوں اور تمام قوتوں کا اصل مالک تو ہے۔ جیسے چاہتا ہے تو ملک عطا کرتا ہے اور جس سے چھیننا چاہتا ہے تو چھینتا ہے جسے عزت دیتا ہے تو بخشتا ہے اور جسے ذلیل کرتا ہے تو ذلیل کرتا ہے۔ خیر وبھلائی صرف اور صرف تیرے ہاتھ میں ہے اور تو ہر شئے پر قادر ہے۔" یہ آیت اس اعتبار سے متشابہ ہے کہ اس کے کئی طرح سے معنی کئے جاسکتے ہیں۔ اجمالاً یہ آیت اتنا ہی کہتی ہے کہ ہر شئ مشیت الٰہی میں ہے اور یہ بات دو طرح سے ممکن ہے، ایک یہ کہ مشیت الٰہی میں کوئی چیز کسی شئ کے لئے شرط نہیں ہے، جیسا کہ بعض لوگوں سے اسی طور پر غلط نتیجہ اخذ کیا ہے اور کہا ہے کہ ممکن ہے وہ تمام حالات وشرائط جنھیں ہم عزت کے شرائط کے نام سے یاد کرتے ہیں، فراہم ہوجائیں، پھر بھی عزت کے بجائے ذلت ہاتھ آئے، اور یہ بھی ممکن ہے کہ ذلت کے تمام حالات وشرائط پیدا ہوں لیکن اس کا نتیجہ عزت کی صورت میں سامنے آئے! دنیا وآخرت کی سعادت ونیک بختی ہیں کوئی شئے کسی چیز کے لئے شرط نہیں ہے کیونکہ تمام چیز مشیت الٰہی سے وابستہ ہے! نتیجہ یہ نکلا کہ ممکن ہے کوئی قوم یا کوئی شخص بلا کسی سبب یا بغیر کسی مقدمہ کے دنیا میں عزت وشرف کے کمال پر پہنچ جائے یا بلا کسی سبب کے ایک دم ذلیل ورسوا ہوجائے۔ یوں ہی ممکن ہے آخرت میں کسی قوم کو بلا کسی قید وشرط کے اعلیٰ علّیین کا مرتبہ عطا کردیا جائے اور کسی قوم کو بلا سبب اور بغیر کچھ دیکھے بھالے جہنم کے درک اسفل میں ڈال دیا جائے۔ افسوس یہ ہے کہ بعض مسلمانوں نے جنھیں اشاعرہ کہتے ہیں اس آیت سے یہی نتیجہ اخذ کیا ہے، اور کہتے ہیں کہ اس میں کوئی مضائقہ نہیں اگر (معاذ اللہ) پیغمبر اسلام ﷺ جہنم میں چلے جائیں اور ابوجہل جنت میں بھیج دیا جائے کیونکہ خدا نے کہا ہے کہ سب کچھ خدا کی مشیت کے تحت ہے۔

لیکن یہ آیت سے مفہوم ومطلب نکالنے کا ایک غلط انداز ہے۔ آیت صرف اتنا کہہ رہی ہے کہ سب کچھ مشیت الٰہی میں ہے۔ یہ نہیں بیان کرتی کہ مشیت کس طرح

jabirabbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

کارفرما ہوتی ہے، اور نہ یہ بیان کرتی ہے کہ سعادت وشقاوت اورعزت وذلت وغیرہ کے سلسلہ میں مشیت الٰہی کیا عمل کرتی ہے۔ لہٰذا اس آیت سے کئی معنی مراد لئے جاسکتے ہیں لیکن جب ہم قرآن کی دوسری آیت کی طرف رجوع کرتے ہیں تو وہ محکم یا "ام الکتاب" کی حیثیت سے اس آیت کی تفسیر کرتی نظر آتی ہیں۔ مثال کے طور پر یہ آیت بالکل ساف لفظوں میں کہتی ہے:

ذٰلِكَ بِاَنَّ اللّٰهَ لَمْ يَكُ مُغَيِّرًا نِّعْمَةً اَنْعَمَهَا عَلٰى قَوْمٍ
حَتّٰى يُغَيِّرُوْا مَا بِاَنْفُسِهِمْ ۙ

سورۂ انفال، آیت/ ۵۳

یا۔۔۔

اِنَّ اللّٰهَ لَا يُغَيِّرُ مَا بِقَوْمٍ حَتّٰى يُغَيِّرُوْا مَا بِاَنْفُسِهِمْ ؕ

سورۂ رعد، آیت/ ۱۱

ان دونوں آیتوں میں سے ہر ایک جو بات رکھتی ہے، وہ دوسری میں نہیں پائی جاتی۔ دوسری آیت یہ کہتی ہے: کہ خداوند عالم اس وقت تک کسی قوم سے اس کی کوئی چیز نہیں لیتا جب تک وہ خود سے اس چیز کو سلب نہ کرلیں جو ان کے درمیان موجود ہے۔ یہ آیت عمومیت رکھتی ہے یعنی خداوند عالم کسی بھی قوم سے اس کی کوئی نعمت سلب نہیں کرتا اور انھیں بدبختی میں مبتلا نہیں کرتا جب تک وہ خود اپنے آپ کو بدل نہ دیں۔ اسی طرح بدبخت قوم سے اس کی بدبختی دور نہیں کرتا جب تک وہ خود اپنے حالات نہ بدلیں جبکہ پہلی آیت میں فقط نعمتوں کا تذکرہ ہے، بدبختی کا کوئی ذکر نہیں ہے ہاں اس میں ایک نکتہ کا اضافہ ہے، اور وہ یہ ہے کہ ارشاد ہوتا ہے: ''ذٰلِكَ بِاَنَّ اللّٰهَ لَمْ يَكُ مُغَيِّرًا'' یہ اس سبب سے کہ خدا ایسا نہیں ہے یا نہیں رہا ہے، جیسا کہ وہ قرآن میں فرماتا ہے: ما کان

اللہ، خدا ایسا نہیں رہا ہے۔ یعنی اس کی الوہیت اسے قبول نہیں کرتی کہ وہ کسی قوم سے بلا سبب کچھ سلب کرلے۔ مشیت پروردگار بلا وجہ اور عبث کارفرما ہو اور کسی شئے کو کسی چیز کے لئے شرط قرار نہ دے یہ وہ فکر ہے جو ذات خدا کی حکمت وکمال اور اس کی الوہیت کے سراسر خلاف ہے۔ چنانچہ مذکورہ دونوں آیتیں اس آیت کے لئے مادر قرار پائیں جنھوں نے اس کی تفسیر کردی۔ مشیت سے متعلق آیتیں بس اتنا بتاتی ہیں کہ تمام چیزیں خدا کے اختیار میں ہیں۔ اور یہ دونوں آیتیں بتاتی ہیں کہ مشیت خدا دنیا میں اس طرح اور اس قانون کے تحت کارفرما ہوتی ہے۔ معلوم ہوا کہ یہ مطلب قرآن کا بہت ہی مناسب بنیادی اور اصلی مطلب ہے اور بہت سی آیتوں میں اس بات کو دہرایا گیا ہے کہ اگر ہماری نعمت کا شکر بجالاؤ گے یعنی اس سے صحیح فائدہ حاصل کروگے تو ہم اسے تمہارے لئے باقی رکھیں گے۔ اور اگر ہماری نعمت سے کھیلوگے اور کفران نعمت کروگے تو ہم اسے تم سے سلب کرلیں گے۔

اس اعتبار سے اَلْيَوْمَ يَئِسَ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا مِنْ دِيْنِكُمْ فَلَا تَخْشَوْهُمْ وَاخْشَوْنِ ؕ کا مطلب یہ ہے کہ اب کفار، اسلامی معاشرہ سے باہر (تمہارے دین کو فنا کرنے سے) مایوس ہوگئے۔ اب دنیائے اسلام کو ان کی طرف سے کوئی خطرہ نہیں ہے۔ اب مجھ سے ڈرو یعنی اے مسلمانو! اب خود اپنے آپ سے ڈرو۔ اب آج کے بعد سے اگر کوئی خطرہ ہوگا تو یہ ہوگا کہ تم لوگ نعمت اسلام کے سلسلہ میں بدعمل ہوجاؤ اور کفران نعمت کرنے لگو، اس دنیا سے جو فائدہ اٹھانا چاہیے نہ اٹھاؤ۔ آج کے دن سے اسلامی معاشرہ کو کوئی باہری خطرہ نہیں رہ گیا۔ اب جو بھی خطرہ ہے، داخلی خطرہ ہے۔

سوال وجواب:

سوال: جیسا کہ آپ نے فرمایا، ہمارا عقیدہ ہے کہ امام دین ودنیا دونوں کا پیشوا

Contact : jabir.abbas@yahoo.com
http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

ہوتا ہے۔اور یہ منصب مذکورہ دلائل سے حضرت امیر المومنین علیؑ کی ذات سے مخصوص ہے ۔پھر قتل عثمان کے بعد جب لوگ آپ کی بیعت کرنے آئے تو آپ نے تامل کیوں فرمایا؟ یہ کوئی تامل کی جگہ نہیں تھی۔اسے تو آپ کو خود بخود قبول کرنا چاہیے تھا۔

جواب: جناب کا یہ سوال" خلافت وولایت" نام کی کتاب میں جو کچھ عرصہ پہلے شائع ہوئی ہے اٹھایا گیا ہے۔اس کا جواب خود حضرت علیؑ کے ارشاد سے ظاہر ہے۔ جب لوگ آپ کے پاس بیعت کے لئے آئے تو آپ نے فرمایا:

دعونی التمتوا غیری فانّا مستقبلون امراً وجوہ والوان

نہج البلاغہ، خطبہ ۹۱

مجھے چھوڑ دوکسی اور کے پاس جاؤ کیونکہ بڑے ہی سیاہ وتاریک حوادث ہمیں درپیش ہیں (عجیب وغریب تعبیر فرمائی ہے) مجھے ایسا امر درپیش ہے جس کے کئی چہرے ہیں یعنی ایک صورت سے اسے حل نہیں کیا جاسکتا بلکہ اس کے لئے مختلف صورتیں اختیار کرنا ہوں گی۔اس کے بعد فرماتے ہیں:

انّ الآفاق قد افامت والمحجّۃ قد تنکّرت

مختصر یہ ہے کہ پیغمبر اکرمؐ جو روشن وواضح راہ معین فرما گئے تھے وہ راہ اب انجانی ہوگئی ہے۔فضا ابر آلود ہوچکی ہے۔" اور آخر میں فرماتے ہیں اگر میں تم پر حکومت کروں گا تو: کت بکم ما اعلم" اس روش پر حکومت کروں گا جو میں جانتا ہوں تمہاری دلخواہ حکومت نہیں کروں گا۔

اس بات سے پتہ چلتا ہے کہ امیر المومنینؑ نے یہ بات جو تاریخی حیثیت سے بھی پورے طور سے قطعی ومسلّم ہے، اچھی طرح درک کرلی تھی کہ پیغمبر صلی اللہ علیہ وآلہ وسلّم کی رحلت

کے بعد کے عہد اور آج کے زمانہ مین زمین اور آسمان کا فرق ہوچکا ہے یعنی حالات بڑی ہی عجیب وغریب حد تک تبدیل اور خراب ہوچکے ہیں، اور یہ جملہ امام نے کامل طور پر اتمام حجت کے لئے فرمایا ہے، کیونکہ بیعت کا مطلب ان لوگوں سے پیروی کرنے کا عہد لیتا ہے، بیعت کا مطلب یہ نہیں ہے کہ اگر تم لوگ بیعت نہیں کروگے تو میری خلافت باطل ہوجائے گی۔ بلکہ بیعت یہ ہے کہ لوگ اس بات کا قول دیتے ہیں کہ آپ جو عمل انجام دیں ہم آپ کے ساتھ ہیں۔

یہ بات تمام شیعہ اور اہل سنت مؤرخین نے لکھی ہے کہ عمرؓ کے بعد شوریٰ کا جو قضیہ پیش آیا، اس شوریٰ کے چھ افراد میں سے ایک حضرت علیؑ بھی تھے،۔اس میں تین افراد دوسرے تین افراد کے حق میں دست بردار ہوگئے۔ زبیرؓ، حضرت علیؑ کے حق میں الگ ہوگئے، طلحہؓ، عثمانؓ کے حق میں اور سعد وقاص، عبدالرحمن بن عوف کے حق میں علیحدہ ہوگئے۔ باقی بچے تین افراد ان تین افراد میں سے عبدالرحمان بن عوف نے خود کو میدان ہی سے الگ کرلیا۔دو شخص باقی بچے حضرت علیؑ اور عثمانؓ (اور اس ایثار کے عوض) انتخاب کی کلید عبدالرحمان بن عوف کے ہاتھ میں آگئی کہ وہ جسے منتخب کریں وہی خلیفہ ہے۔ وہ پہلے امیر المومنینؑ کے پاس آئے اور کہا میں آپ کے ہاتھ پر بیعت کرنے کے لئے آمادہ ہوں لیکن ایک شرط ہے کہ آپ کتاب خدا، سنت رسولؐ اور سیرت شیخین کے مطابق عمل کریں گے۔آپ نے فرمایا میں تیار ہوں لیکن صرف کتاب خدا سنت رسولؐ پر عمل کروں گا سیرت شیخین سے انکار کردیا۔عبدالرحمن بن عوف نے عثمانؓ کے سامنے بھی بیعت کے لئے یہی شرط رکھی۔انہوں نے کتاب خدا، سنت رسولؐ اور سیرت شیخین پر عمل کی شرط قبول کرلیا۔جبکہ بقول آقای محمد تقی شریعتی" عثمانؓ نے سیرت شیخین پر عمل کا وعدہ تو کیا تھا لیکن اتفاق سے ان کی سیرت پر عمل ہی نہیں کیا۔" اگر ہم یہاں مقایسہ وموازنہ کریں تو چونکہ سیرت امیر المومنینؑ اور سیرت پیغمبر اکرمؐ ایک ہی تھا اس لئے آپ کی سیرت شیخین کی

Contact : jabir.abbas@yahoo.com
http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

سیرت سے بھی بہت کچھ ملتی جلتی تھی کیونکہ شیخین کافی حد تک پیغمبر اکرمؐ کی سیرت پر عمل کرتے تھے۔لیکن اگر امیر المومنینؑ اس وقت اس شرط کو قبول کر لیتے تو گویا وہ انحراف اور غلطیاں جو شیخین کے دور میں پیدا ہو چکی تھیں ان پر صادر فرما دیتے اور پھر ان غلطیوں کے خلاف اقدام یا مقابلہ نہیں کر سکتے تھے لہٰذا آپ نے اس شرط کو قبول نہیں فرمایا۔مثال کے طور پر تفاضل (وظائف کی تقسیم میں کمی یا زیادتی) کا مسئلہ یعنی انصار و مہاجرین اور عرب و عجم وغیرہ کے درمیان امتیاز پیدا کر کے مساوات اسلامی کو ختم کرنے کی بنیاد عمرؓ کے زمانہ میں ہی پڑی ہے جبکہ امیر المومنینؑ اس کے سخت مخالف تھے، چنانچہ اگر آپ فرما دیتے کہ میں سیرت شیخین کے مطابق عمل کروں گا تو جو کچھ عمرؓ کے زمانے میں ہو چکا تھا اسے باقی رکھنے پر مجبور ہوتے جبکہ آپ اس عمل پر اپنی مہر ثبت کرنا نہیں چاہتے تھے۔ساتھ ہی جھوٹا وعدہ بھی نہیں کرنا چاہتے تھے کہ آج کہہ دیں کہ ہاں میں عمل کروں گا اور کل اس سے مکر جائیں۔یہی وجہ تھی کہ آپ نے صاف انکار کر دیا۔

بنابرایں جب حضرت علیؑ، عمرؓ کے بعد سیرت شیخین پر عمل کرنے کو آمادہ نہیں تھے جبکہ سیرت پیغمبر صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے ان کے انحرافات بہت کم تھے (تو ظاہری سی بات ہے کہ) عثمانؓ کے بعد جب حالات ایک دم خراب ہو چکے تھے اور خود حضرتؑ کے بقول اسلام کا اندوہ ناک مستقبل کئی رخ سے سامنے آ رہا تھا۔مزید یہ کہ مسلمان بھی یہی چاہتے تھے کہ وہ جس طرح چاہتے ہیں حضرت علیؑ اس طرح حکومت کریں،ایسی صورت میں آپ نے صاف طور پر واضح کر دینا ضروری سمجھا کہ اگر میں حکومت کی باگ ڈور اپنے ہاتھ میں لوں گا تو جس طرح میں مناسب سمجھوں گا عمل کروں گا نہ یہ کہ جس طرح تم چاہتے ہو چنانچہ آپ ان لفظوں میں حکومت سے انکار نہیں فرما رہے تھے بلکہ آپ مکمل طور سے اتمام حجت کر دینا چاہتے تھے۔

سوال: ہم دیکھتے ہیں کہ خود قرآن میں اتحاد کے سلسلہ میں بہت تاکید کی گئی

ہے لہٰذا مسئلہ و امامت اور جانشینی امیر المومنینؑ کی اہمیت کے پیش نظر یہ سوال اٹھتا ہے کہ اس کا ذکر صاف لفظوں میں قرآن میں کیوں نہ کر دیا گیا اور خود پیغمبر اسلامؐ نے متعدد مواقع پر اس موضوع کو کیوں بیان نہیں فرمایا؟

جواب: یہ دو الگ الگ سوال ہیں۔ایک یہ کہ قرآن میں اس موضوع کا صراحت سے ذکر کیوں نہ ہوا۔اور دوسرے یہ کہ پیغمبر اکرمؐ نے متعدد مواقع پر اس مسئلہ کو بیان فرمایا یا نہیں؟ اس طرح قرآن کریم نے مختلف مقامات پر اس مسئلہ کا ذکر کیا ہے یا نہیں؟ دوسرے سوال کے جواب میں ہم یہی کہتے ہیں کہ یہ ایک تاریخی حقیقت ہے حتیٰ کہ بہت سے اہل سنت بھی اسے قبول کرتے ہیں کہ پیغمبر اکرمؐ نے یہ بات متعدد مقامات پر بیان فرمائی ہے۔یہ بات صرف غدیر خم تک محدود نہیں رہی ہے اور یہ بات موضوع امامت سے متعلق کتابوں میں موجود ہے، جملہ: " انت منّی بمنزلة هارون من موسیٰ الّا انه لا نبیّ بعدی " آنحضرتؐ نے تبوک کے واقعہ کے دوران فرمایا۔یا جملہ: لاعطینّ الرّایة غداً رجلاً کراراً یحب الله ورسوله ویحبه الله ورسوله" جو حضرت علیؑ کے مرتبہ و منزلت کو ثابت کرتا ہے حضورؐ نے جنگ خیبر میں ارشاد فرمایا تھا۔یہاں تک کہ بعثت کے شروع میں ہی آپؐ نے قریش سے خطاب کرتے ہوئے فرمایا تھا: تم میں سے جو سب سے پہلے میری بیعت کرے گا وہ میرا وصی، وزیر (حتیٰ وصی و وزیر اور خلیفہ) ہوگا۔(اور وہ شخص حضرت علیؑ ہی تھے)

یہی صورت حال قرآن مجید میں ہے۔قرآن میں بھی اس مسئلہ کو ایک، دو نہیں بلکہ متعدد جگہوں پر ذکر کیا گیا ہے۔صرف سوال اتنا سا ہے اور اتفاق سے یہ سوال بھی کتاب" خلافت و ولایت" میں اٹھایا گیا ہے کہ قرآن میں سیدھے سیدھے نام کا ذکر کیوں نہیں کر دیا گیا؟ چونکہ ہم تحریف قرآن کے قائل نہیں ہیں اور ہمارے عقیدے کے مطابق کوئی چیز قرآن میں کم یا زیادہ نہیں ہوئی ہے لہٰذا یہ طے ہے کہ کہیں بھی حضرت علیؑ کا

Contact : jabir.abbas@yahoo.com
http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

نام صراحت کے ساتھ ذکر نہیں ہوا ہے۔

یہاں اس مسئلہ کو دو رُخ سے بیان کیا جاتا ہے۔ ایک تو اسی کتاب " خلافت و ولایت" میں جناب محمد تقی شریعتی نے اس کی بڑے اچھے انداز میں وضاحت کی ہے قرآن ایک مخصوص طرز وروش رکھتا ہے اور وہ یہ کہ موضوعات کو ہمیشہ ایک اصل کے طور پر بیان کرتا ہے انفرادی و شخصی صورت میں ذکر نہیں کرتا اور یہ بذات خود قرآن کا ایک امتیاز ہے۔ مثلاً: "الیوم اکملت لکم دینکم " کے ضمن میں، کفار اس دین سے اس وجہ سے مایوس ہوگئے کہ وہ برابر کہا کرتے تھے کہ جب تک پیغمبرؐ موجود ہیں کچھ نہیں کیا جا سکتا۔ ہاں ان کے اٹھ جانے کے بعد کوئی مسئلہ نہیں رہے گا، سب کچھ تمام ہو جائے گا۔ مخالفین پیغمبر صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو گویا یہ آخری امید تھی۔ لیکن جب انہوں نے دیکھ لیا کہ پیغمبرؐ نے اپنی امت کی بقا کی تدبیر بھی کر ڈالی کہ میرے بعد لوگوں کا فریضہ کیا ہے تو مایوس ہو گئے۔

دوسری بات جسے اہل سنت نے بھی لکھا ہے، یہ ہے کہ پیغمبر اکرمؐ اپنی حیات طیبہ کے آخری ایام میں قرآن کی آیت میں لفظ: " واخشون" سے متعلق کافی فکرمند اور پریشان رہتے تھے۔ یعنی خود امت کے ہاتھوں امت کے مستقبل سے متعلق فکرمند تھے۔ یہاں میں جو حدیث نقل کر رہا ہوں اسے اہل سنت نے بھی نقل کیا ہے۔ ابومذیہبہ، عائشہ کے غلام کا بیان ہے کہ پیغمبر صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی زندگی کی آخری شبیں تھیں ایک رات نصف شب کے وقت میں نے دیکھا کہ پیغمبرؐ اپنے حجرہ سے تنہا باہر تشریف لائے۔ کوئی شخص بیدار نہ تھا۔ آپ بقیع کی طرف روانہ ہوئے۔ میں نے جب دیکھا کہ پیغمبر صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم باہر تشریف لے جا رہے ہیں تو خیال ہوا کہ حضرتؐ کو تنہا نہ چھوڑیں۔ اس خیال سے حضرتؐ کے پیچھے پیچھے یوں چلنے لگا کہ دور سے آنحضرت صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کا ہیولا نظر آتا تھا۔ میں نے دیکھا کہ آپؐ نے اہل بقیع کے لئے استغفار کیا۔ اس کے بعد کچھ جملے ارشاد فرمائے جس کا مضمون یہ ہے: " تم سب چلے گئے، کیا خوب گئے اور سعادت و نیکی سے ہمکنار ہوئے۔ اب فتنے سر

اٹھا رہے ہیں" کقطع اللیل المظلم " یعنی اندھیری رات کے ٹکڑوں کی طرح۔" اس سے پتہ چلتا ہے کہ پیغمبر اسلامؐ اپنے بعد کے فتنوں کی پیشین گوئی فرما رہے تھے جن میں مسلم طور پر یہ مسئلہ بھی رہا ہے۔

رہی یہ بات کہ (قرآن نے صاف طور سے جانشین پیغمبر صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے نام کا ذکر کیوں نہ کر دیا) تو اس کے جواب میں پہلی بات یہ کہی جاتی ہے کہ قرآن کا اصول یہ ہے کہ وہ مسائل کو ایک اصل کی شکل میں بیان کرتا ہے۔ دوسرے نہ پیغمبر اسلامؐ اور نہ خداوند عالم کا منشاء یہ تھا کہ یہ مسئلہ جس میں آخر کار ہوا و ہوس کے دخل کا امکان ہے۔ اس صورت سے سامنے آئے اگر چہ (جو کچھ ذکر کیا گیا ہے) اس میں بھی لوگوں نے اپنی طرف سے توجیہ و اجتہاد کر کے یہ کہنا شروع کر دیا کہ نہیں پیغمبر اکرمؐ کا مقصد اصل میں یہ تھا اور وہ تھا۔ یعنی اگر کوئی آیت بھی (اس مسئلہ میں نام کی صراحت کے ساتھ) ذکر ہوئی ہوتی تو اس کی بھی توجیہ اپنے مطلب کے مطابق کر دی جاتی۔ پیغمبر اکرمؐ نے اپنے ارشاد میں پوری صراحت کے ساتھ" ھٰذا علی مولاہ" فرمایا، اب اس سے زیادہ صریح اور واضح بات کیا ہو سکتی ہے؟! لیکن بہر حال پیغمبر اکرمؐ کے صریحی ارشاد کو زمین پر دے مارنے اور قرآن کی ایک آیت سے نام کی صراحت کے باوجود پیغمبر اسلام صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے دنیا سے اٹھتے ہی انکار کر دینے اور اس کی غلط توجیہ کرنے میں بڑا فرق ہے۔ چنانچہ میں اس جملہ کو کتاب (خلافت و ولایت) کے مقدمہ میں نقل کر چکا ہوں کہ ایک یہودی نے حضرت امیر المومنینؑ کے زمانہ میں صدر اسلام کے ناخوش آئند حالات کے بارے میں مسلمانوں پر طنز کرنا چاہا (اور حقیقتاً یہ طنز کی بات بھی ہے) اس نے حضرت سے کہا: مادفنتم نبیّکم حتّیٰ اختلفتم فیہ" " ابھی تم نے اپنے پیغمبر صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو دفن بھی نہیں کیا تھا کہ ان کے بارے میں جھگڑنے لگے۔ امیر المومنینؑ نے عجیب جواب دیا۔ آپ نے فرمایا :

Contact : jabir.abbas@yahoo.com
http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

انّما اختلفنا عنه لا فيه ولٰكنّكم ما جفّتارجلكم من البحر حتّىٰ قلتم لنبيّكم اجعل لنا الٰهً كما لهم الهةً فقال انّكم قوم تجهلون۔ نہج البلاغہ، حکمت ۳۱۷

ہم نے پیغمبر صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے بارے میں اختلاف نہیں کیا بلکہ ہمارا اختلاف نہیں کیا بلکہ ہمارا اختلاف اس دستور وحکم کے سلسلہ میں تھا جو ان کے ذریعہ ہم تک پہنچا تھا، لیکن ابھی تمہارے پاؤں دریا کے پانی سے خشک بھی ہوئے تھے کہ تم نہ اپنے پیغمبر صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے یہ تقاضہ کردیا کہ وہ دین کی پہلی اور بنیادی اصل یعنی توحید کو ہی غارت کردے، تم نے اپنے نبی سے یہ خواہش ظاہر کی کہ وہ دین کی پہلی اور بنیادی اصل یعنی توحید کو ہی غارت کردے، تم نے اپنے نبی سے یہ خواہش ظاہر کی کہ دوسروں کے خداؤں کی طرح، ہمارے لئے بھی ایک بت بنادو۔ پس جو کچھ تمہارے یہاں گزرا اور جو ہمارے یہاں پیش آیا ان دونوں میں بہت فرق ہے۔ دوسرے لفظوں میں ہم نے خود پیغمبر صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے بارے میں اختلاف نہیں کیا بلکہ ہمارا اختلاف یہ تھا کہ پیغمبر صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے اس دستور کا مفہوم اور مطلب کیا ہے۔ بڑا فرق ہے ان دونوں باتوں میں کہ جس کام کو انھیں بہر حال انجام دینا تھا۔ اس کی توجیہ ظاہر میں اس طرح ہو (نہ یہ کہ حقیقتاً ایسا ہی تھا) کہ یہ کہا جائے (جو لوگ اس خطا کے مرتکب ہوئے) ان کا خیال یہ تھا کہ اصل میں پیغمبر صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کا مقصود یہی تھا نتیجہ میں انہوں نے آنحضرت کے قول کی اس شکل میں توجیہ کرڈالی یا یہ کہا جائے کہ اتنی صریح اور واضح قرآن کی نص کو ان لوگوں نے ٹھکرادیا یا قرآن کی تحریف کرڈالی۔

سوال: فلاں ڈاکٹر صاحب نے جو سوال دریافت فرمایا ہے اسے میں اس

صورت میں پیش کررہا ہوں کہ یہ صحیح ہے کہ قرآن میں اصل اور بنیادی قانون ہی بیان ہونا چاہیے لیکن جانشینی کی اصل اور اسلام میں حکومت کا مسئلہ تو مسلم طور پر بڑی اہمیت کا حامل ہے۔ اس لئے چاہیے یہ تھا کہ قرآن میں نام کا ذکر ہونے کی حیثیت سے نہیں بلکہ ایک دستورالعمل کی حیثیت سے اس مسئلہ کو واضح طور سے بیان کردیتا ہے۔ مثلاً پیغمبر صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو یہ وحی ہوجاتی کہ تمہیں اپنا جانشین معین کرنا ہے۔ اور تمہارا نائب بھی اپنا جانشین خود معین کرے گا۔ اور یوں ہی یہ سلسلہ آخر تک قائم رہتا۔ یا دستور یہ ہوتا ہے جانشین کا انتخاب مشورہ (شوریٰ) سے ہوگا یا انتخاب سے ہوگا۔ یعنی اسلام جیسے دین کے لئے جس میں حکومت وہ حاکمیت لازم وضروری ہے جانشینی کا مسئلہ کوئی ایسی معمولی بات نہیں ہے جسے اپنے حال پر چھوڑ دیا جائے اور اس کی وضاحت نہ کہ جائے۔ کوئی نہ کوئی جانشینی کا دستور تو ہونا ہی چاہیے تھا۔ مسئلہ یہ نہیں ہے کہ حضرت علیؑ کے نام کا ذکر کیا جاتا یا نہ کیا جاتا۔ بلکہ جانشینی وحکومت کے طریقہ کار سے متعلق اس قدر اختلافات کو دیکھتے ہوئے ایک مستقل دستورالعمل کی ضرورت بہر حال محسوس ہوتی ہے کہ اے پیغمبر صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم! تمہارا فرض ہے کہ جانشین مقرر کردو۔ اب یہاں ممکن ہے یہ اختلاف ہوتا کہ کون جانشین ہے مختلف تفسیریں کی جاتیں۔ لیکن یہ بات تو قطعی اور یقینی ہوتی کہ اپنا جانشین پیغمبر صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے خود معین فرمایا تھا۔ اس کا مسلمانوں کی شوریٰ سے کوئی تعلق نہ تھا۔ اسی طرح جانشین پیغمبر صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم اپنے بعد اپنا جانشین یا امام مقرر کرتا۔ یا لوگوں کا گروہ اس کا انتخاب کرتا یا پھر لوگ اس سلسلہ میں مشورہ کرتے؟ بہر حال میری دانست میں یہ قضیہ قرآن کی روشنی میں بھی مبہم رہ گیا ہے۔ اور ہمارے پاس اس سلسلہ میں کوئی صریحی دستورالعمل موجود نہیں ہے۔

دوسرے یہ کہ میں نے کچھ عرصہ پہلے اسلام میں حکومت" کے موضوع پر ایک کتاب دیکھی جس میں خود حضرت علیؑ اور دیگر اشخاص کے بہت سے اقوال نقل ہیں، جن سے پتہ چلتا ہے کہ یہ امر (یعنی امر خلافت) عام مسلمانوں سے مربوط ہے اور مسلمانوں کو اس

Contact : jabir.abbas@yahoo.com
http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

میں فیصلہ کا حق ہے۔ارباب حل وعقد کو اپنی رائے دینا چاہیے۔امر خلافت میرا مسئلہ نہیں ہے۔ان لوگوں کو مشورہ کرنا چاہیے اور اپنی رائے پیش کرنی چاہیے، نیز مصنف نے ایسے بہت سے دلائل اکٹھا کئے ہیں جو ثابت کرتے ہیں کہ اسلام میں حکومت کا مسئلہ ایک امر انتخابی ہے۔کسی کو یہ حق نہیں ہے کہ وہ اپنا جانشین خود مقرر کرے اس سلسلہ میں آپ کیا فرماتے ہیں؟ تیسرے یہ کہ اگر ہم فرض کرلیں کہ یہ بارہ امام جانشین کے عنوان سے یکے بعد دیگرمعین ہوئے ہیں (اس سے بحث نہیں کہ وحی کے ذریعہ معین ہوئے یا کسی اور ذریعہ سے) یہ بتائیں کہ اسلامی معاشرہ میں ہمیشہ کے لئے کلی وقطعی طور پر جانشین کے تعیین کا (نہ کہ انتخاب کا) کیا اصول یا قانون ہے۔یعنی کیا پہلے سے یہ کہا جاچکا تھا کہ وحی الٰہی کے مطابق صرف یہ بارہ ائمہؑ جوان خصوصیات کے حامل یعنی معصوم ہیں یکے بعد دیگرے تعیین ہوں گے اور اس کے بعد زمانہ غیبت میں مثلاً یہ مسئلہ انتخاب کے ذریعہ حل ہوگا؟ کیا اس کی وضاحت کی گئی ہے؟ یہ استنباط تو خود ہماری طرف سے ہے کہ چونکہ اس وقت بارھویں امام حاضر وموجود نہیں ہیں لہٰذا حکومت کا سربراہ مجتہد جامع الشرائط ہوگا یا نہ ہوگا۔لیکن قرآن کو ایک بنیادی دستور العمل مسلمانوں کے حوالہ کرنا چاہیے کہ (پیغمبر اکرمؐ کے بعد شروع میں) ہم چند معصوم اشخاص کو خصوصی طور سے تم پر حاکم مقرر کریں گے۔ان کے بعد تم خود اپنے باہمی مشوروں سے (کسی کا انتخاب کرو) یا فقیہ جامع الشرائط تم پر حاکم ہوگا۔یہ مسئلہ بھی گیارھویں امام کے بعد سے الجھ جاتا ہے اور پھر اشکالات واختلافات اٹھ کھڑے ہوتے ہیں شیعی نقطۂ نظر سے اس مسئلہ کا کیا حل ہے؟

جواب: ان سوالات کے جوابات ایک حد تک گزشتہ جلسوں میں عرض کرچکے ہیں۔آپ نے مسئلہ امامت کو دوبارہ اٹھایا ہے۔وہ بھی صرف مسئلہ حکومت کی شکل میں۔ ہم گزشتہ ہفتوں میں عرض کرچکے ہیں کہ مسئلہ حکومت مسئلۂ امامت سے الگ ہے۔اور شیعی نقطۂ نظر سے امام کی موجودگی میں حکومت کا مسئلہ ویسا ہی ہے جیسا پیغمبر اکرمؐ کے عہد میں

تھا۔یہاں حکومت استثناء حکم رکھتی ہے۔یعنی جس طرح پیغمبر ﷺ کے زمانے میں یہ مسئلہ نہیں اٹھتا کہ پیغمبر ﷺ کے ہوتے ہوئے حکومت کس کی ہوگی یوں ہی امام (یعنی اس مرتبہ کا امام جس کے شیعہ قائل ہیں) کی موجودگی اور اس کے حضور میں بھی حکومت کا مسئلہ ایک فرعی اور طفیل حیثیت سے زیادہ وقعت نہیں رکھتا۔اگر ہم مسئلہ حکومت کو بالکل الگ کرکے پیش کریں تو یہ ایک علیحدہ مسئلہ ہے۔یعنی ایسے زمانہ میں جس میں امام کا وجود ہی نہ ہو (اور ایسا کوئی زمانہ ہے ہی نہیں) یا پھر امام غیبت میں ہو تو ایسی صورت میں البتہ یہ ایک بنیادی مسئلہ بھی ہے۔اسی بنا پر ہم: "امرھم شوریٰ بینھم" کے منکر نہیں ہیں۔لیکن یہ "امر شوریٰ بینھم" کہاں عمل میں آئے گا؟ کیا شوریٰ اس مسئلہ میں بھی کارفرما ہوگی جس میں قرآنی نصّ موجود ہے اور فرائض ووظائف روشن وواضح ہیں؟ ظاہر ہے کہ ایسا نہیں ہے۔بلکہ شوریٰ ان مراحل کے لئے ہے جہاں نہ کوئی حکم الٰہی موجود ہو اور نہ کوئی دستور ہم تک پہنچا ہو۔

رہی "حکومت دراسلام" نامی کتاب میں تحریر مسائل کی بات، البتہ میں نے اس پر کامل تحقیق نہیں کی ہے افسوس کی بات یہ ہے کہ اس کتاب میں اول تو زیادہ تر مسائل یک طرفہ بیان ہوئے ہیں یعنی دلائل کے ایک رخ کو لکھا گیا ہے اور ان کے مخالف دلائل کا کوئی ذکر ہی نہیں ہے اور یہ اس کتاب کا بہت بڑا عیب ہے کیونکہ انسان اگر کچھ لکھتا ہے تو اسے ہر پہلو کو مدنظر رکھنا چاہیے اس کے بعد دیکھنا چاہیے کہ ان تمام دلائل میں کون سی دلیلیں وزنی اور معتبر ہیں؟ کسے اپنانا چاہیے اور کسے چھوڑنا چاہیے؟

اس کتاب کا دوسرا عیب یہ ہے کہ اس میں مطالب بیان کرنے کے سلسلہ میں قطع وبرید سے کام لیا گیا ہے (اگرچہ میں نے خاص طور سے اس کتاب کا مطالعہ نہیں کیا ہے، لیکن جن اہل نظر افراد نے اسے پڑھا ہے۔وہ یہی کہتے ہیں کہ) اس نے جملوں کو ادھر اُدھر سے کاٹ کر درمیان سے اپنے مطلب کی بات نقل کی ہے۔نتیجہ میں جملہ کا مفہوم

Contact : jabir.abbas@yahoo.com
http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

ہی بدل گیا ہے۔اگر پوری بات نقل کی جاتی تو کبھی یہ معنی ومقصود ظاہر نہ ہوتے۔اس کے علاوہ ان دلائل کا بڑا حصہ ان مسائل سے مربوط ہے جو امام کی موجودگی اوران کے حضور کے زمانے سے تعلق نہیں رکھتے،اورامام کی عدم موجودگی یا غیبت میں شوریٰ وانتخاب کی اہمیت سے کسی کو انکار نہیں ہے۔

پانچویں بحث

امامت قرآن کی روشنی میں

اَلْيَوْمَ اَكْمَلْتُ لَكُمْ دِيْنَكُمْ وَاَتْمَمْتُ عَلَيْكُمْ
نِعْمَتِيْ وَرَضِيْتُ لَكُمُ الْاِسْلَامَ دِيْنًا

آج میں نے تمہارے لئے دین کو کامل کردیا ہے اوراپنی
نعمتوں کو تمام کردیا ہے اورتمہارے لئے دین اسلام کو
پسندیدہ بنادیا ہے(سورہ مائدہ آیت نمبر ۳)

اس سے قبل ہم نے آیت" اَلْيَوْمَ اَكْمَلْتُ لَكُمْ دِيْنَكُمْ وَاَتْمَمْتُ عَلَيْكُمْ نِعْمَتِيْ وَرَضِيْتُ لَكُمُ الْاِسْلَامَ دِيْنًا کے سلسلہ میں بحث کی تھی اوریہ بھی عرض کیا تھا کہ خود آیت کے اندر موجود قرائن اوران کے علاوہ اس سے متعلق دوسرے آثار وشواہد، یعنی آیت کی شانِ نزول کے تحت شیعہ وسنی ذرائع سے وارد ہونے والی روایات بھی یہ ظاہر کرتی ہے کہ مذکورہ آیت واقعہ غدیر خم سے تعلق رکھتی ہے۔

چونکہ اس موضوع کے ذیل میں قرآن کی آیتیں ہماری بحث کا محور ہیں یعنی وہ آیتیں جن سے شیعہ اس باب میں استدلال کرتے ہیں لہٰذا ہم مزید دوتین آیتیں جنہیں علماء شیعہ استدلال میں پیش کرتے ہیں یہاں ذکر کررہے ہیں تاکہ اچھی طرح واضح ہو جائے کہ استدلال کا طریقہ کیا ہے؟

ان آیات میں سے ایک اسی" سورہ مائدہ کی آیت ہے جو مذکورہ بالا آیت سے تقریباً ساٹھ آیتوں کے بعد ذکر ہوئی ہے اوروہ یہ ہے:

www.ziaraat.com
jabir.abbas@yahoo.com
Sabeel-e-Sakina
Contact : jabir.abbas@yahoo.com
http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

يَاَيُّهَا الرَّسُوْلُ بَلِّغْ مَآ اُنْزِلَ اِلَيْكَ مِنْ رَّبِّكَ ط وَاِنْ لَّمْ تَفْعَلْ فَمَا بَلَّغْتَ رِسَالَتَهٗ ط وَاللّٰهُ يَعْصِمُكَ مِنَ النَّاسِ ط (مائدہ/٦٧)

اے پیغمبر ﷺ جو کچھ آپ کے پروردگار کی جانب سے آپ پر نازل ہوا ہے اسے لوگوں تک پہنچا دیجئے اور اگر آپ نے یہ نہ کیا تو رسالت کی تبلیغ نہیں کی اور اپنا فریضہ ادا نہیں کیا۔ خدا آپ کو لوگوں کے شر سے محفوظ رکھے گا۔

گفتگو آگے بڑھانے سے پہلے مقدمہ کے طور پر کچھ باتیں ذکر کرنا ضروری ہیں تا کہ اس آیت کے مفاد کی وضاحت ہوجائے نیز یہ مقدمہ گزشتہ آیت کے تحت بیان کئے گئے مطالب کے لئے بھی معاون ومددگار ثابت ہوگا۔

اہل بیتؑ سے متعلق آیات کا خاص انداز

یہ بات واقعاً ایک اسرار کی حیثیت رکھتی ہے کہ مجموعی طور پر قرآن میں اہل بیت سے متعلق آیتیں اور خصوصاً وہ آیتیں جو کم از کم ہم شیعہ کے نقطۂ نظر سے امیر المومنینؑ کے بارے میں نازل ہوئی ہیں، ایک خاص وضع وکیفیت کی حامل ہیں۔ اور وہ یہ کہ خود اس آیت کے اندر مطلب کی حکایت کرنے والی دلیلیں اور قرائن تو پائے جاتے ہیں لیکن ساتھ ہی یہ کوشش بھی نظر آتی ہے کہ اس بات کو دوسرے مطالب کے درمیان یا دوسری باتوں کے ضمن میں بیان کرتے ہوئے گزر جایا جائے۔ اس پہلو کو جناب محمد تقی شریعتی نے اپنی کتاب "ولایت وخلافت" کی ابتدائی بحثوں میں نسبتاً اچھے انداز سے بیان کیا ہے اگر چہ دوسروں نے بھی اس نکتہ کو بیان کیا ہے لیکن فارسی میں شاید پہلی بار انہوں نے ہی اس کا ذکر فرمایا

ہے۔ آخر اس کا راز کیا ہے؟ اس سوال کے جواب میں ان لوگوں کا جواب بھی ہوجائے گا جو یہ کہتے ہیں کہ اگر خدا چاہتا تھا کہ حضرت علیؑ پیغمبر ﷺ کے جانشین ہوں، تو پھر قرآن میں صاف صاف ان کے نام کا ذکر کیوں نہیں ہے۔

آیت تطہیر

مثال کے طور پر آیت کو لے لیں:

اِنَّمَا يُرِيْدُ اللّٰهُ لِيُذْهِبَ عَنْكُمُ الرِّجْسَ اَهْلَ الْبَيْتِ وَيُطَهِّرَكُمْ تَطْهِيْرًا ﴿٣٣﴾ (احزاب/٣٣)

اس آیت کے بارے میں دریافت کیا جائے تو ہم کہیں گے کہ اس کا مفہوم و مطلب بالکل واضح ہے۔ اللہ نے یہ ارادہ کیا ہے اور وہ یہ چاہتا ہے کہ (اہل بیت) تم سے کثافتوں کو دور کرے، تمہیں پاک و پاکیزہ رکھے، ویطھرکم تطھیراً اور تمہیں مخصوص نوعیت اور خاص انداز میں تطہیر و پاکیزہ رکھے یا کرے۔ ظاہر ہے کہ جس تطہیر کا ذکر خدا کر رہا ہے وہ عرفی یا طبی تطہیر نہیں ہے کہ یہ کہا جائے کہ خدا تم سے بیماریوں کو دور کرنا چاہتا ہے یا (معاذ اللہ) کے تمہارے بدن کے امراض کے جراثیم کو زائل کر رہا ہے۔ ہم یہ نہیں کہنا چاہتے کہ یہ تطہیر کا مصداق نہیں ہے، لیکن مسلّم طور پر جس کو خدا اس آیت میں بیان فرما رہا ہے اس سے مراد پہلی منزل میں وہ تمام چیزیں ہیں جنہیں خود قرآن جس کا نام دیتا ہے۔ قرآن کے بیان کردہ رجس ورجز وغیرہ یعنی وہ تمام چیزیں جن سے قرآن منع کرتا اور روکتا ہے اور جنہیں گناہ شمار کیا جاتا ہے چاہے وہ اعتقادی گناہ ہو، اخلاقی گناہ ہو یا عملی گناہ، یہ سب رجس وکثافت ہیں اسی بنیاد پر کہا جاتا ہے کہ اس آیت سے مراد عصمت اہل بیت ہے یعنی ان کا ہر طرح کی کثافت اور آلودگیوں سے پاک و پاکیزہ ہوتا۔

Contact : jabir.abbas@yahoo.com
http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

فرض کیجئے کہ نہ ہم شیعہ ہیں نہ سنی، بلکہ ایک عیسائی مستشرق ہیں، عیسائی دنیا سے نکل کر آئے ہیں اور یہ دیکھنا چاہتے ہیں کہ مسلمانوں کی کتاب (قرآن) کیا کہنا چاہتی ہے ہماری نظر قرآن کے اس جملہ پر پڑتی ہے پھر ہم اس سے متعلق مسلمانوں کی تاریخ اور سنن واحادیث کا جائزہ لیتے ہیں، ہم دیکھتے ہیں کہ نہ صرف وہ فرقہ جسے شیعہ کہتے ہیں اور جو اہل بیتؑ کا طرفدار ہے بلکہ وہ فرقے بھی جو اہل بیت علیہ السلام کے کوئی خصوصی طرفدار نہیں ہیں اپنی معتبر کتابوں میں جب اس آیت کی شان نزول بیان کرتے ہیں تو اسے اہل بیت پیغمبر صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی فضیلت قرار دیتے ہیں، اور کہتے ہیں کہ جس واقعہ کے تحت یہ آیت نازل ہوئی اس میں حضرت علیؑ، حضرت فاطمہؑ، حضرت حسنؑ، حضرت حسینؑ، اور خود حضرت رسول اکرمؐ موجود تھے اور اہل سنت کی احادیث میں ہے کہ جب یہ آیت نازل ہوئی تو زوجۂ رسول اکرم ام سلمہؓ [1] آنحضرت صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی خدمت میں آئیں اور عرض کی یارسول اللہ "اہل بیتؑ" میں میرا بھی شمار ہے یا نہیں؟ آپ نے فرمایا تم خیر پر ہو لیکن ان میں شامل نہیں ہو۔ عرض کر چکا ہوں کہ اہل سنت کی روایات میں اس واقعہ کے حوالے ایک دو نہیں بلکہ بہت زیادہ ہیں۔

یہی آیت ہمیں اپنے مفہوم سے مختلف دوسری آیات کے درمیان نظر آتی ہے۔ اس سے قبل وبعد کی آیتیں ازواج پیغمبرؐ سے متعلق ہیں۔ اس سے پہلے کی آیت یہ ہے۔

يٰنِسَآءَ النَّبِيِّ لَسْتُنَّ كَاَحَدٍ مِّنَ النِّسَآءِ

اے ازواج پیغمبرؐ! تم دوسری عورتوں جیسی تمیں ہو تم اور

[1] یہ معظمہ شیعوں کے نزدیک بہت محترم ہیں۔ اور خدیجہؑ کے بعد پیغمبر اکرمؐ کی سب سے زیادہ جلیل المرتبت زوجہ ہیں۔ اہل سنت کے یہاں بھی بہت محترم ہیں اور ان کی نگاہ میں خدیجہؑ وعائشہؓ کے بعد امّ سلمہؓ ہی معظم و محترم خاتون ہیں۔

دوسری عورتوں میں فرق ہے، (سورہ احزاب آیت ۳۲)

(یقیناً قرآن یہ نہیں کہنا چاہتا کہ تم دوسروں پر امتیاز رکھتی ہو)۔ تمہارا گناہ دگنا اور دُہرا ہے کیونکہ اگر تم گناہ کروگی تو گناہ تو یہ ہے کہ تم نے وہ عمل بد انجام دیا اور دوسرے یہ کہ اپنے شوہر کی رسوائی کی مرتکب ہوئیں۔ اس طرح دو گناہ تم سے سرزد ہوئے۔ یوں ہی تمہارے نیک اعمال بھی دوہرا اجر رکھتے ہیں کیونکہ تمہارا ہر عمل خیر دو عمل کے برابر ہے۔ بالکل یوں ہی جیسے کہا جاتا ہے کہ سادات کرام کے کار خیر کا ثواب اور بُرے عمل کا گناہ دُوہرا ہے۔ اس کا مطلب یہ نہیں ہے کہ دوسروں کے مقابلہ میں ان کا ایک گناہ سنگین ہوجاتا ہے اور فرق رکھتا ہے۔ بلکہ ان کا ایک گناہ دوگنا ہوجاتا ہے۔ مثال کے طور پر ایک سید (معاذاللہ) شراب پیئے۔ تو وہ شراب پینے کے ساتھ ساتھ ایک دوسرے عمل کا بھی مرتکب ہوا ہے، اور وہ یہ کہ چونکہ وہ پیغمبرؐ اور آل پیغمبرؐ سے منسوب ہے لہٰذا اپنی شراب نوشی کے ذریعہ پیغمبرؐ کی ہتک ورسوائی کا مرتکب بھی ہوا ہے۔ اگر کوئی شخص یہ دیکھے کہ پیغمبرؐ کی اولاد اس قدر کھلم کھلا ان کے حکم کے خلاف عمل کر رہی ہے تو اس کی روح پر اس کا بڑا گہرا اثر ہوگا۔

ان آیات میں تمام ضمیریں مؤنث کی استعمال ہوئی ہیں لَسْتُنَّ كَاَحَدٍ مِّنَ النِّسَآءِ صاف ظاہر ہے کہ اس سے مراد ازواج پیغمبر اکرمؐ ہیں۔ دو تین فرقوں کے بعد یک بیک ضمیر مذکر ہوجاتی ہے اور ہم اس آیت کی تلاوت کرتے ہیں، "اِنَّمَا يُرِيْدُ اللّٰهُ لِيُذْهِبَ عَنْكُمُ (عنکن نہیں ہے) الرِّجْسَ اَهْلَ الْبَيْتِ وَيُطَهِّرَكُمْ تَطْهِيْرًا ۝" اس کے بعد دوبارہ مؤنث کی ضمیریں استعمال ہونے لگتی ہیں قرآن کا کوئی لفظ عبث اور غلط نہیں ہے۔ اولاً یہاں کلمہ "اہل البیت" استعمال ہوا ہے۔ اور اس کے پہلے ازواج رسول کا تذکرہ ہے" یانساء النبی" یعنی" نساء النبی" کا عنوان" سے اہل البیت" میں

Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

تبدیل ہوگیا اور دوسرے مؤنث کی ضمیر مذکر میں تبدیل ہوگئی یہ سب لغو اور عبث نہیں ہے۔ ضرور کوئی دوسری چیز ہے۔ یعنی قرآن گذشتہ آیات سے الگ کوئی دوسری بات کہنا چاہتا ہے۔ آیت تطہیر سے قبل و بعد کی آیتوں میں ازواج پیغمبر اکرمؐ کے لئے حکم، دھمکی اور خوف و رجاء کا انداز پایا جاتا ہے:

وَقَرۡنَ فِي بُيُوتِكُنَّ وَلَا تَبَرَّجۡنَ تَبَرُّجَ الۡجَاهِلِيَّةِ

اپنے گھروں میں رہو اور زمانہ جاہلیت کے مانند اپنے بناؤ سنگھار کو دکھاتی نہ پھرو۔

گویا ایک کے بعد ایک حکم اور تہدید و دھمکی ہے۔ ساتھ ہی خوف و رجاء بھی ہے کہ اگر نیک اعمال بجالاؤ گی تو ایسا ہوگا اور اگر برے اعمال کروگی تو ویسا ہوگا۔

یہ آیت یعنی (آیت تطہیر) مدح سے بالاتر ایک بات ہے قرآن اس میں اہل بیت کی گناہ و معصیت سے پاکیزگی اور طہارت کے مسئلہ کو بیان کرنا چاہتا ہے۔ اس آیت کا مفہوم اس سے پہلے اور بعد کی آیتوں کے مفہوم و مطلب پہلے اور بعد کی آیتوں سے اس قدر مختلف ہے، ان آیت کے دمیان میں قرار دی گئی ہے۔ اس کی مثال اس شخص کے مانند ہے جو اپنی گفتگو کے دوران الگ سے ایک بات کہہ کر گفتگو کے سلسلہ کو پھر جوڑ دیتا ہے۔ اور اپنی بات جاری رکھتا ہے یہی وجہ ہے کہ ائمہ علیہم السلام کی روایات میں بڑی تاکید سے یہ بات کہی گئی ہے کہ ممکن ہے قرآنی آیات کی ابتدا میں کوئی ایک مطلب بیان ہوا ہو۔ درمیان میں کوئی دوسرا مطلب اور آخر میں کوئی تیسری بات کہی گئی ہو۔ اور قرآن کی تفسیر کے مسئلہ کو ان حضرات نے جو اتنی اہمیت دی ہے اس کا سبب بھی یہی ہے۔

یہ بات صرف ہماری روایات اور ائمہ کے ارشادات میں ہی نہیں پائی جاتی بلکہ اہل سنت حضرات نے بھی ان تمام مطالب کو نقل کیا ہے "اِنَّمَا يُرِيدُ اللّٰهُ لِيُذۡهِبَ

عَنۡكُمُ الرِّجۡسَ " اپنے پہلے اور بعد کی آیتوں سے فرق رکھتی ہے۔ اس کا مضمون اور اس کے مطالب بھی الگ ہیں یہ آیت ان ہی لوگوں سے متعلق ہے جو اس واقعہ (کساء) میں شامل ہیں۔

دوسرا نمونہ

آیت " اَلۡيَوۡمَ اَكۡمَلۡتُ لَكُمۡ دِيۡنَكُمۡ " میں بھی ہمیں یہی بات نظر آتی ہے۔

بلکہ یہاں مذکورہ بالا آیت تطہیر سے زیادہ عجیب انداز نظر آتا ہے۔ اس سے پہلے کی آیت ہی سادے اور معمولی مسائل ذکر کئے گئے ہیں:

اُحِلَّتۡ لَكُمۡ بَهِيۡمَةُ الۡاَنۡعَامِ

چوپایوں کا گوشت تمہارے لئے حلال ہے،

(سورہ مائدہ آیت نمبر ۱)

ان کا تزکیہ یوں کرو اور اگر مردار ہو تو حرام ہے۔ وہ جانور جنہیں تم دم گھونٹ کر مرڈالتے ہو حرام ہیں اور وہ جانور جو ایک دوسرے کے سینگھ مارنے سے مرجاتے ہیں ان کا گوشت حرام ہے اور پھر یک بیک ارشاد ہوتا ہے "اَلۡيَوۡمَ يَئِسَ الَّذِيۡنَ كَفَرُوۡا مِنۡ دِيۡنِكُمۡ فَلَا تَخۡشَوۡهُمۡ وَاخۡشَوۡنِ ط اَلۡيَوۡمَ اَكۡمَلۡتُ لَكُمۡ دِيۡنَكُمۡ وَاَتۡمَمۡتُ عَلَيۡكُمۡ نِعۡمَتِيۡ وَرَضِيۡتُ لَكُمُ الۡاِسۡلَامَ دِيۡنًا ط " اس کے بعد دوبارہ مسائل کا ذکر شروع ہوجاتا ہے جو پہلے بیان ہورہے تھے مذکورہ آیت کے یہ جملہ اپنے پہلے اور بعد کی آیتوں سے سرے سے میل نہیں کھاتے۔ یعنی یہ اس بات کی نشاندھی ہے کہ یہ وہ بات ہے جو دوسرے مطالب کے درمیان الگ سے سرسری طور سے بیان کردی گئی ہے اور پھر اسے ذکر آگے بڑھ گئے ہیں۔ اس وقت ہم جس آیت کا ذکر کرنا

Contact : jabir.abbas@yahoo.com
http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

چاہتے ہیں (آیت بلغ) اس کا بھی یہی حال ہے، یعنی وہ بھی ایسی آیت ہے کہ اگر ہم اس سے پہلے اور بعد کی آیات کے درمیان سے نکال دے تو بھی ان آیتوں کا ربط کسی طرح نہیں ٹوٹ سکتا۔ جیسا کہ آیت "الیوم الملت" کو اس کی جگہ سے ہٹا دیں تو اس سے پہلے اور بعد کی آیتوں میں کوئی خلل واقع نہیں ہوتا یوں ہی زیر بحث آیت میں دوسری آیت کے درمیان ایک ایسی آیت ہے نہ اسے ماقبل کی آیتوں سے متعلق کہا جا سکتا ہے اور نہ مابعد کی آیتوں کا مقدمہ، بلکہ اس میں ایک دم الگ سے بات کہی گئی ہے۔ یہاں بھی خود آیت میں موجود قرائن اور شیعہ وسنی روایات اسی مطلب کی حکایت کرتی نظر آتی ہیں، لیکن اس آیت کو بھی قرآن نے ایسے مطالب کے درمیان رکھا ہے جو اس سے دور کا بھی واسطہ نہیں رکھتے اس میں ضرور کوئی راز ہوگا، آخر اس کا راز کیا ہے؟

اس مسئلہ کا راز: اس میں جو راز پوشیدہ ہے، خود قرآن کی آیت کے اشارہ سے بھی ظاہر ہے اور ہمارے ائمہؑ کی روایات میں بھی اس کی اشارہ پایا جاتا ہے۔ اور وہ یہ ہے کہ اسلام کے تمام احکام و دستورات میں آل پیغمبرؐ کا مسئلہ یعنی امیر المومنینؑ کی امامت اور خاندان پیغمبر صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی خصوصیت ہی ایسا مسئلہ اور ایسا حکم تھا جس پر بدقسمتی سے سب سے کم عمل ہو سکا، اور اس کی وجہ یہ تھی کہ چونکہ اہل عرب اپنی روح کی گہرائیوں میں تعصّبات رکھتے تھے جس کے سبب ان میں اس مطلب کے قبول کرنے اور اس پر عمل پیرا ہونے کی آمادگی بہت ہی کم نظر آتی تھی اگر چہ پیغمبر اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی خدمت میں امیر المومنینؑ سے متعلق حکم پہنچتے تھے لیکن حضرت ہمیشہ اس تردد میں رہتے تھے کہ اگر میں حکم بیان کردوں تو وہ منافقین جن کا ذکر قرآن برابر کرتا رہا ہے کہنے لگیں گے کہ دیکھو! پیغمبر صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کنبہ نوازی سے کام لے رہے ہیں۔ جبکہ پوری زندگی پیغمبر اکرمؐ کا یہ شیوہ رہا ہے کسی مسئلہ میں اپنے لئے کسی خصوصیت کے قائل نہ ہوئے۔ ایک تو آپ کا اخلاق ایسا تھا، دوسرے اسلام کا حکم ہونے کی بنا پر آپ اس بات سے غیر معمولی طور پر گریز کرتے

تھے کہ اپنے دوسروں کے درمیان کوئی امتیاز برتیں اور یہی پہلو پیغمبر اسلامؐ کی کامیابی کا سب سے بڑا سبب تھا۔

یہ مسئلہ (یعنی اس حکم کی تبلیغ کہ حضرت علیؑ تیرے جانشین ہیں) خدا کا حکم تھا، لیکن پیغمبر صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم جانتے تھے کہ اگر اسے بیان کردیں تو ضعیف الایمان افراد کا گروہ جو ہمیشہ رہا ہے، کہنے لگے کہ دیکھو! پیغمبر صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم اپنے لئے عظمت و امتیاز پیدا کرنا چاہتے ہیں۔ آیت "الیوم الذین کفروا من دینکم فلا تخشوھم واخشون" تھی جس میں قرآن فرماتا ہے کہ اب کافروں کی امیدیں تمہارے دین سے منقطع ہو چکی ہیں۔ مطلب یہ ہے کہ یہ لوگ اسلام کے خلاف اب تک جو جدوجہد کر رہے تھے کہ اس دین پر کامیاب ہو جائیں گے ان کی یہ امیدیں ٹوٹ چکی ہیں اور وہ مایوس ہو چکے ہیں۔ وہ یہ سمجھ گئے ہیں کہ اب ان کے بگاڑے کچھ بگڑ نہیں سکتا۔ "فلا تخشوھم" لہٰذا اب کافروں کی جانب سے کسی طرح کا خوف وخطر نہ رکھو "واخشون" مجھ سے ڈرتے رہو۔ میں عرض کر چکا ہوں کہ اس کا مطلب ہے اس بات سے ڈرتے رہو کہ اگر تم میں خود اندرونی طور پر خرابیاں پیدا ہوئیں تو میں اپنی سنت اور قانون کے مطابق یعنی جب بھی کوئی قوم (فساد اور بُرائی میں پڑ کر) اپنی راہ بدلتی ہے میں بھی ان سے اپنی نعمت سلب کر لیتا ہوں۔ (نعمت اسلام کو تم سے سلب کرلوں گا) یہاں "واخشون" کنایہ ہے۔ مجھ سے ڈرو کا مطلب یہ ہے کہ اپنے آپ سے ڈرو یعنی اب خطرہ اسلامی معاشرہ کے اندر سے ہے باہر سے کوئی خطرہ نہیں رہ گیا ہے۔ دوسری طرف ہم یہ بھی جانتے ہیں کہ یہ آیت سورۂ مائدہ کی ہے اور سورہ مائدہ پیغمبر اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم پر نازل ہونے والی آخری سورہ ہے۔ یعنی یہ آیت پیغمبر اسلام صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی رحلت کے دو تین ماہ پہلے نازل ہونے والی آیتوں میں سے ہے جب اسلام طاقت واقتدار کے اعتبار سے وسعت پا چکا تھا۔

جو آیت ہماری بحث کا محور ہے اور جسے میں پہلے بھی عرض کر چکا ہوں، اس میں

Contact : jabir.abbas@yahoo.com
http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

بھی یہی بات نظر آتی ہے کہ خطرہ داخلی طور پر ہے خارجی طور پر اس کی طرح کا خطرہ باقی نہیں رہا۔ ارشاد ہے:

" يَاۤاَيُّهَا الرَّسُوْلُ بَلِّغْ مَاۤ اُنْزِلَ اِلَيْكَ مِنْ رَّبِّكَ ط وَاِنْ لَّمْ تَفْعَلْ فَمَا بَلَّغْتَ رِسَالَتَهٗ ط وَاللّٰهُ يَعْصِمُكَ مِنَ النَّاسِ ط "

ہمیں قرآن میں اس آیت کے علاوہ کوئی اور آیت نظر نہیں آتی جو پیغمبر اکرم ﷺ کو (اس عمل کی انجام دہی کے لئے) آمادہ کرے اور شوق دلائے۔ اس کی مثال ایسی ہی ہے جیسے آپ کسی کام کے لے تشویق کیجیے اور وہ اس کے لے ایک قدم آگے بڑھے پھر ایک قدم پیچھے ہٹ جائے جیسے وہ خطرے یا تذبذب کا شکار ہے یہ آیت بھی پیغمبر ﷺ کو تبلیغ کی دعوت دیتی ہے اور اس تبلیغ کے سلسلہ میں ایک طرف دھمکی دیتی ہے اور دوسری طرف شوق پیدا کراتی اور تسلّی دیتی ہے۔ دھمکی یہ ہے کہ اگر اس امر کی تبلیغ تم نے نہیں کی تو تمہاری رسالت کی تمام خدمت اکارت اور بے کار ہے اور تسلّی یوں دی جاتی ہے کہ ڈرو نہیں! خدا تم کو لوگوں کے شر سے محفوظ رکھے گا۔ واللہ یعصمك من الناس " آیت " اليوم يئس الذين كفروا من دينكم فلا تخشوهم " میں فرمایا آپ کافروں سے خوف زدہ نہ ہوں۔ درحقیقت پہلی منزل میں پیغمبر ﷺ کو کافروں سے نہیں ڈرنا چاہیے۔ لیکن آیت " يا ايها الرسول سے یہ ظاہر ہوتا ہے کہ پیغمبر ﷺ فکرمند تھے۔ پس ظاہر ہے کہ آنحضرت کا یہ تردد و فکرمندی مسلمانوں کے اندر پائے جانے والے افراد سے ہے۔ مجھے فی الحال اس سے سروکار نہیں ہے کہ مسلمانوں میں وہ لوگ (جو اس تبلیغ یعنی حضرت علی علیہ السلام کی جانشینی قبول کرنے پر تیار نہیں تھے) باطنی طور پر کافر تھے یا نہیں تھے۔ بہرحال یہ مسئلہ کچھ ایسا تھا کہ وہ لوگ اس کے لئے آمادہ اور اسے

قبول کرنے پر تیار نہیں تھے۔

تاریخی مثالیں

اتفاق سے تاریخی واقعات اور اسلامی معاشرہ کے مطالعہ سے بھی یہی بات ظاہر ہوتی ہے چنانچہ عمرؓ نے کہا کہ: ہم نے جو حضرت علیؑ کو خلافت کے لئے منتخب نہیں کیا وہ " حيطة على الاسلام " تھا، یعنی ہم نے اسلام کے حق میں احتیاط سے کام لیا کیونکہ لوگ ان کی اطاعت نہیں کرتے اور انہیں (خلیفہ) نہیں مانتے!! یا ایک دوسری جگہ ابن عباس سے گفتگو کے دوران ان سے کہا: قریش کی نگاہ میں یہ عمل صحیح نہیں تھا کہ امامت بھی اسی خاندان میں رہے جس خاندان میں نبوت تھی۔ مطلب یہ تھا کہ نبوت جب خاندان بنی ہاشم میں ظاہر ہوئی تو فطری طور پر یہ اس خاندان کے لئے امتیاز بن گئی لہٰذا قریش نے سوچا کہ اگر خلافت بھی اسی خاندان میں ہوگی تو سارے امتیازات بنی ہاشم کو حاصل ہو جائیں گے۔ یہی وجہ تھی کہ قریش کو مسئلہ (خلافت امیر المومنینؑ) ناگوار تھا اور وہ اسے درست نہیں سمجھتے تھے۔ ابن عباس نے بھی ان کو بڑے ہی محکم جواب دیئے اور اس سلسلہ میں قرآن کی دو آیتیں پیش کیں جو ان افکار و خیالات کا مدلّل جواب ہیں۔

بہرحال اسلامی معاشرہ میں ایک ایسی وضع و کیفیت پائی جاتی تھی جسے مختلف عبارتوں اور مختلف زیارتوں میں بیان کیا گیا ہے۔ قرآن اُسے ایک صورت اور ایک انداز سے بیان کرتا ہے اور عمرؓ اسی کو دوسری صورت سے بیان کرتے ہیں یا مثال کے طور پر لوگ یہ کہتے تھے کہ چونکہ حضرت علیؑ نے اسلامی جنگوں میں عرب کے بہت سے افراد اور سرداروں کو قتل کیا تھا، اور اہل عرب فطرتاً کینہ جو ہوتے ہیں لہٰذا مسلمان ہونے کے بعد بھی ان کے دلوں میں حضرت علیؑ سے متعلق پدرکشی اور برادرکشی کا کینہ موجود تھا) لہٰذا حضرت علیؑ خلافت کے لئے مناسب نہیں ہیں) بعض اہل سنت بھی اسی پہلو کو بطور

Contact : jabir.abbas@yahoo.com
http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

عذر پیش کرنے کی کوشش کرتے ہیں۔ چنانچہ وہ کہتے ہیں کہ یہ سچ ہے کہ اس منصب کے لئے حضرت علیؑ کی افضلیت سب پر نمایاں اور ظاہر تھی لیکن ساتھ ہی یہ پہلو بھی تھا کہ ان کے دشمن بہت تھے۔

بنابراین اس حکم سے سرتابی کے لئے ایک طرح کے تکدر وتردد کی فضا عہد پیغمبر ﷺ میں ہی موجود تھی اور شاید قرآن کا ان آیات کو قرائن ودلائل کے ساتھ ذکر کرنے کا راز یہ ہے کہ ہر صاف دل اور بے غرض انسان حقیقی مطلب کو سمجھ جائے لیکن ساتھ ہی قرآن یہ بھی نہیں چاہتا کہ اس مطلب کو اس طرح بیان کرے کہ اس سے انکار و روگردانی کرنے والوں کا انحراف قرآن اور اسلام سے انحراف وانکار کی شکل میں ظاہر ہو۔

یعنی قرآن یہ چاہتا ہے کہ جو لوگ بہر حال اس مطلب سے سرتابی کرتے ہیں ان کا یہ انحراف قرآن سے کھلم کھلا انحراف وانکار کی شکل میں ظاہر نہ ہو بلکہ کم از کم ایک ہلکا سا پردہ پڑا رہے۔ یہی وجہ ہے جو ہم دیکھتے ہیں کہ آیت تطہیر کو ان آیات کے درمیان میں قرار دیا گیا ہے لیکن ہر سمجھدار، عقلمند اور مدبّر انسان بخوبی سمجھ جاتا ہے کہ یہ ان سے الگ ایک دوسری ہی بات ہے۔ اسی طرح قرآن نے آیت "الیوم اکملت " اور آیت " یاایھا الرسول بلغ" کو بھی اسی انداز میں دوسری آیتوں کے درمیان ذکر کیا

آیت انما ولیکم اللہ

إِنَّمَا وَلِيُّكُمُ اللّٰهُ وَرَسُوْلُهٗ وَالَّذِيْنَ اٰمَنُوا الَّذِيْنَ
يُقِيْمُوْنَ الصَّلٰوةَ وَيُؤْتُوْنَ الزَّكٰوةَ وَهُمْ رٰكِعُوْنَ﴿۵۵﴾"
تمہارا ولی خدا ہے اور ان کا رسول اور وہ صاحبانِ ایمان ہیں
جو نماز قائم کرتے ہیں اور حالت رکوع میں زکوٰۃ ادا کرتے

ہیں۔ (مائدہ/ ۵۵)

اس سلسلہ میں بعض ایسی آیتیں بھی ہیں جو انسان کو سوچنے اور غور کرنے پر مجبور کر دیتی ہیں کہ یہاں ضرور کوئی خاص بات ذکر کی گئی ہے اور بعد میں متواتر احادیث وروایت سے بات ثابت ہوجاتی ہے۔ مثال کے طور پر آیت "إِنَّمَا وَلِيُّكُمُ اللّٰهُ وَرَسُوْلُهٗ وَالَّذِيْنَ اٰمَنُوا الَّذِيْنَ يُقِيْمُوْنَ الصَّلٰوةَ وَيُؤْتُوْنَ الزَّكٰوةَ وَهُمْ رٰكِعُوْنَ﴿۵۵﴾" (مائدہ/ ۵۵) عجیب تعبیر ہے۔ ملاحظہ فرمائیں۔" تمہارا ولی خدا ہے اور ان کا رسول اور وہ صاحبانِ ایمان ہیں جو نماز قائم کرتے ہیں اور حالت رکوع میں زکوٰۃ ادا کرتے ہیں۔ حالت رکوع میں زکوٰۃ دینا کوئی معمولی عمل نہیں ہے جسے ایک اصل کلی کے طور پر ذکر کیا جائے بلکہ یہ مطلب ومفہوم کسی خاص واقعہ کی طرف اشارہ کر رہا ہے۔ یہاں اس کی تصریح ووضاحت بھی نہیں کی گئی ہے کہ اس سے سرتابی دوست ودشمن کے نزدیک براہِ راست قرآن سے روگردانی شمار کی جائے۔ لیکن ساتھ ہی کمالِ فصاحت کے ساتھ اسے اس انداز سے بیان بھی کر دیا گیا ہے کہ ہر صاف دل اور منصف مزاج انسان سمجھ جائے کہ یہاں کوئی خاص چیز بیان کی گئی ہے اور کسی اہم قضیہ کی طرف اشارہ کیا جارہا ہے۔

الذین یؤتون الزکوٰۃ وھم راکعون۔ وہ لوگ رکوع کی حالت میں زکوٰۃ دیتے ہیں" یہ کوئی عام سی بات نہیں ہے بلکہ ایک غیر معمولی واقعہ ہے جو وجود میں آ گیا۔ آخر یہ کون سا واقعہ تھا؟ ہم دیکھتے ہیں کہ بلا استثنا تمام شیعہ وسنی روایات کہتی ہے کہ یہ آیت حضرت علیؑ بن ابی طالبؑ کے بارے میں نازل ہوئی ہے۔

عرفاء کی باتیں

دوسری آیتیں بھی ہیں جن پر گہرائی کے ساتھ غور وفکر سے مطلب واضح اور

jabir.abbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

حقیقت روشن ہوتی ہے۔ یہی وجہ ہے کہ عرفاء ایک زمانہ سے اس سلسلہ میں اظہارِ خیال کرتے رہے ہیں۔ دراصل یہ شیعی نقطۂ نظر ہے۔ لیکن اسے بڑے حسین انداز میں بیان کیا ہے وہ کہتے ہیں کہ امامت وولایت کا مسئلہ باطن شریعت سے تعلق رکھتا ہے۔ یعنی وہی اس تک رسائی حاصل کرسکتا ہے جو کسی حد تک شریعت اور اسلام کی گہرائیوں سے آشنا ہو یعنی اس نے پوست اور چھلکے سے گزر کر اس کے مغز و جوہر تک رسائی حاصل کرلی ہو اور بنیادی طور پر اسلام میں امامت و ولایت کا مسئلہ حقیقی اور اصل مسئلہ رہا ہے یعنی بہت مدبرانہ فکرِ عمیق رکھنے والے افراد ہی اسے درک اور سمجھ سکے ہیں۔ دوسروں کو بھی اس گہرائی کے ساتھ غور وفکر کی دعوت دی گئی ہے۔ یہ اور بات ہے کہ کچھ لوگ اس مفہوم تک پہنچتے ہیں اور کچھ نہیں پہنچ پاتے۔

اب ہم اس سے متعلق بعض دیگر آیات پر توجہ دیتے ہیں ہمارا مقصود یہ ہے کہ شیعہ جو دلائل پیش کرتے ہیں ہم ان سے آگاہ ہوں اور ان کی منطق کو سمجھنے کی کوشش کریں۔

امامت شیعوں کے یہاں نبوّت سے ملتا جلتا مفہوم

قرآن میں ایک آیت ہے جو ان ہی مذکورہ آیات کے سلسلے کا ایک حصہ بھی ہے اور بظاہر عجیب آیت ہے۔ البتہ یہ خود امیر المومنینؑ کی ذات سے متعلق نہیں ہے بلکہ مسئلۂ امامت سے متعلق ہے، ان ہی معنی میں ہے جسے ہم ذکر کر چکے ہیں اور یہاں اشارتاً اسے دوبارہ ذکر کرتے ہیں۔

ہم کہہ چکے ہیں کہ عہد قدیم سے ہی اسلامی متکلمین کے درمیان ایک بہت بڑا اشتباہ موجود رہا ہے اور وہ یہ کہ انہوں نے اس مسئلہ کو اس انداز میں اٹھایا ہے کہ: امامت کے شرائط کیا ہیں؟ انہوں نے مسئلہ کو یوں فرض کیا کہ امامت کو ہم بھی قبول کرتے ہیں اور

اہل سنت بھی لیکن اس کے شرائط کے سلسلہ میں ہم دونوں میں اختلاف پایا جاتا ہے؛ ہم کہتے ہیں شرائط امام یہ ہیں کہ وہ معصوم ہو اور منصوص ہو یعنی اللہ اور اس کے رسول کی طرف سے معیّن ومقرر کیا گیا ہو۔ اور وہ کہتے ہیں ایسا نہیں ہیں اہل سنت امامت کے عنوان سے جس چیز کا عقیدہ رکھتے ہیں وہ امامت کی دنیوی حیثیت ہے جو مجموعی طور سے امامت کا ایک پہلو ہے جیسے نبوت کے سلسلہ میں ہے پیغمبر اکرمؐ کی شان یہ بھی تھی کہ وہ مسلمانوں کے حاکم تھے لیکن نبوّت خود حکومت کے مساوی اور ہم پلّہ نہیں ہے۔ نبوت خود ایک ایسی حقیقت اور ایسا منصب ہے جس کے ہزاروں پہلو اور ہزاروں معانی ومطالب ہیں۔ پیغمبر صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی شان یہ ہے کہ اس کی موجودگی میں کوئی اور مسلمانوں کا حاکم نہیں ہوسکتا۔ وہ نبی ہونے کے ساتھ مسلمانوں کا حاکم بھی ہے، اہل سنت کہتے ہیں کہ امامت کا مطلب حکومت ہے اور امام وہی ہے جو مسلمانوں کے درمیان حاکم ہو، یعنی مسلمانوں میں سے ایک فرد جسے حکومت کے لئے انتخاب کیا جائے گویا یہ لوگ امامت کے سلسلہ میں حکومت کے مفہوم سے آگے نہیں بڑھے۔ لیکن یہی امامت شیعوں کے یہاں ایک ایسا مسئلہ ہے جو بالکل نبوت کے ہی قائم مقام قدم بقدم ہے بلکہ نبوت کے بعض درجات سے بھی بالاتر ہے یعنی انبیاء اولوالعزم وہی ہیں جو امام بھی ہیں۔ بہت سے انبیاء امام تھے ہی نہیں۔ انبیاء اولوالعزم اپنے آخری مدارج میں منصب امامت پر سرفراز ہوئے ہیں۔

غرض یہ کہ جب ہم نے اس حقیقت کو مان لیا کہ جب تک پیغمبر صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم موجود ہیں کسی اور کے حاکم بننے کا سوال ہی نہیں اٹھتا۔ کیونکہ وہ بشریت سے مافوق ایک پہلو کا حامل ہے، یوں ہی جب تک امام موجود ہے حکومت کے لئے کسی اور کی بات ہی پیدا نہیں ہوتی۔ جب وہ نہ ہو (چاہے یہ کہیں کہ بالکل سے موجود ہی نہیں ہے یا ہمارے زمانہ کی طرح نگاہوں سے غائب ہے) اس وقت حکومت کا سوال اٹھتا ہے کہ حاکم کون ہے؟ ہمیں مسئلہ امامت کو مسئلہ حکومت میں مخلوط نہیں کرنا چاہیے کہ بعد میں یہ کہنے کی نوبت آئے

Contact : jabir.abbas@yahoo.com
http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

کہ اہل سنت کیا کہتے ہیں اور ہم کیا کہتے ہیں۔ یہ مسئلہ ہی دوسرا ہے۔ شیعہ کے یہاں امامت بالکل نبوت سے ملتا جلتا ایک مفہوم ہے اور وہ بھی نبوت کے عالی ترین درجات سے۔ چنانچہ ہم شیعہ امامت کے قائل ہیں اور وہ سرے سے اس کے قائل نہیں ہیں۔ یہ بات نہیں ہے کہ قائل تو ہیں مگر امام کے لئے کچھ دوسرے شرائط تسلیم کرتے ہیں۔

امامت ابراہیم کی ذرّیت میں

یہاں ہم جس آیت کی تلاوت کرنا چاہتے ہیں وہ امامت کے اُسی مفہوم کو ظاہر کرتی ہے جسے شیعہ پیش کرتے ہیں۔ شیعہ کہتے ہیں، اس آیت سے یہ ظاہر ہوتا ہے کہ امامت ایک الگ ہی حقیقت ہے، جو نہ صرف پیغمبر اسلامؐ کے بعد بلکہ انبیاءِ ماسلف کے زمانے میں بھی موجود رہی ہے اور یہ منصب حضرت ابراہیم کی ذرّیت میں تا صبح قیامت باقی ہے وہ آیت یہ ہے:

وَاِذِ ابْتَلٰٓى اِبْرٰهٖمَ رَبُّهٗ بِكَلِمٰتٍ فَاَتَمَّهُنَّ ۭ قَالَ اِنِّىْ
جَاعِلُكَ لِلنَّاسِ اِمَامًا ۭ قَالَ وَمِنْ ذُرِّيَّتِىْ ۭ قَالَ لَا
يَنَالُ عَهْدِى الظّٰلِمِيْنَ ﴿١٢٤﴾

اور اس وقت کو یاد کرو جب خدا نے چند کلمات کے ذریعے ابراہیم علیہ السّلام کا امتحان لیا اور انہوں نے پورا کر دیا تو اس نے کہا کہ ہم تم کو لوگوں کا امام اور قائد بنا رہے ہیں۔ انہوں نے عرض کی کہ میری ذریت؟ ارشاد ہوا کہ یہ عہدۂ امامت ظالمین تک نہیں جائے گا۔ سورۂ بقرہ آیت ۱۲۴

ابراہیمؑ معرض آزمائش میں حجاز کی جانب ہجرت کا حکم

خود قرآن حکیم نے جناب ابراہیمؑ کی آزمائشوں سے متعلق بہت سے مطالب ذکر کئے ہیں۔ نمرود اور نمرودیوں کے مقابلہ میں ان کی استقامت و پائیداری کہ نارِ نمرودی میں جانے سے نہ ہچکچائے اور ان لوگوں نے انہیں آگ میں ڈال بھی دیا اور اس کے بعد پیش آنے والے دوسرے واقعات۔ ان ہی آزمائشوں میں خداوند عالم کا ایک عجیب و غریب حکم یہ بھی تھا جسے بجالانا سوائے اس شخص کے جو خداوند عالم کے حکم کے سامنے مطلق تعبّد و بندگی کا جذبہ رکھتا ہو اور بے چون و چرا سرِ تسلیم خم کردے کسی اور کے بس کی بات نہیں ہے۔ ایک بوڑھا جس کے کوئی اولاد نہ ہو اور ستّر اسّی کے سن میں پہلی مرتبہ اس کی زوجہ ہاجرہ صاحب اولاد ہوتی ہے اور ایسے میں اسے حکم ملتا ہے کہ شام سے ہجرت کر جاؤ اور حجاز کے علاقہ میں اس مقام پر جہاں اس وقت خانۂ کعبہ ہے، اپنی اس بیوی اور بچہ کو چھوڑ دو اور خود وہاں سے واپس چلے آؤ۔ یہ حکم سوائے مطلق طور پر تسلیم و رضا کی منطق کے کہ چونکہ یہ حکم خدا ہے لہٰذا میں اس کی اطاعت کر رہا ہوں (جسے حضرت ابراہیمؑ نے محسوس کیا تھا کیونکہ آپ پر وحی ہوتی تھی) کسی اور منطق سے میل نہیں کھاتا۔

رَبَّنَآ اِنِّىْٓ اَسْكَنْتُ مِنْ ذُرِّيَّتِىْ بِوَادٍ غَيْرِ ذِىْ زَرْعٍ
عِنْدَ بَيْتِكَ الْمُحَرَّمِ ۙ رَبَّنَا لِيُقِيْمُوا الصَّلٰوةَ

پروردگارا: میں نے اپنی ذرّیت کو اس بے آب گیاہ وادی میں تیرے محترم گھر کے نزدیک ٹھہرا دیا تا کہ یہ لوگ نماز ادا کریں۔ سورۂ ابراہیم آیت ۳۷

البتہ آپ خود الٰہی عطا کے ذریعہ یہ جانتے تھے کہ انجام کار کیا ہے؟ لیکن منزل

jabir.abbas@yahoo.com
www.ziaraat.com
Sabeel-e-Sakina
Contact : jabir.abbas@yahoo.com
http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

امتحان سے بخوبی گزر گئے۔

بیٹے کو ذبح کردو

فَلَمَّا بَلَغَ مَعَهُ السَّعْيَ قَالَ يٰبُنَيَّ اِنِّيْٓ اَرٰى فِي الْمَنَامِ اَنِّيْٓ اَذْبَحُكَ فَانْظُرْ مَاذَا تَرٰى ۭ قَالَ يٰٓاَبَتِ افْعَلْ مَا تُؤْمَرُ ۡ سَتَجِدُنِيْٓ اِنْ شَاۗءَ اللّٰهُ مِنَ الصّٰبِرِيْنَ ﴿١٠٢﴾

پھر جب وہ فرزندان کے ساتھ دوڑ دھوپ کرنے کے قابل ہوگیا تو انہوں نے کہا کہ بیٹا میں خواب میں دیکھ رہا ہوں کہ میں تمہیں ذبح کررہا ہوں اب تم بتاؤ کہ تمہارا کیا خیال ہے فرزند نے جواب دیا کہ بابا جو آپ کو حکم دیا جارہا ہے اس پر عمل کریں انشاء اللہ آپ مجھے صبر کرنے والوں میں سے پائیں گے۔سورۂ صافات آیت ۱۰۲

ان سب سے بالاتر بیٹے کو ذبح کرنے کا مرحلہ ہے۔آپ کو حکم دیا جاتا ہے کہ اپنے ہاتھوں سے اپنے بیٹے کو منیٰ میں ذبح کردو۔وہیں جہاں آج ہم جناب ابراہیمؑ کی اس بے مثال اطاعت و بندگی اور تسلیم ورضا کی یاد میں جانوروں کی قربانی کرتے ہیں (چونکہ خدا نے حکم دیا ہے لہٰذا انجام دیتے ہیں۔یہاں چون و چرا کی گنجائش نہیں ہے۔) دوتین مرتبہ جب خواب کے عالم میں آپ پر وحی ہوتی ہے اور آپ کو یقین ہوجاتا ہے کہ یہ وحی پروردگار ہے تو اپنے بیٹے کے سامنے یہ بات رکھتے ہیں اور اس سے مشورہ کرتے ہیں۔بیٹا بھی بلا کسی حیل وحجت اور بہانے کے کہتا ہے: "يٰٓاَبَتِ افْعَلْ مَا تُؤْمَرُ" اے پدر بزرگوار جو کچھ آپ کو حکم دیا گیا ہے اسے بجالایئے "سَتَجِدُنِيْٓ اِنْ شَاۗءَ اللّٰهُ مِنَ

الصّٰبِرِيْنَ ﴿١٠٢﴾ آپ انشاء اللہ مجھے صبر کرنے والوں میں پائیں گے۔قرآن کیسا عجیب اور حیرت انگیز منظر پیش کرتا ہے: "فَلَمَّآ اَسْلَمَا" جب یہ دونوں تسلیم ہوگئے یعنی جب انہوں نے ہمارے حکم کے آگے مکمل طور پر اطاعت و بندگی کا اظہار کیا: "وَتَلَّهٗ لِلْجَبِيْنِ ﴿١٠٣﴾" اور ابراہیم نے اپنے فرزند کو پیشانی کے بل لٹایا (یعنی اس آخری مرحلہ پر پہنچ گئے جہاں نہ ابراہیم کو بیٹے کے ذبح کرنے میں شک رہا اور نہ اسماعیل کو ذبح ہوجانے میں کوئی شبہ باقی رہا باپ بھی اطمینانِ کامل کی منزل پر اور بیٹا بھی یقینِ کامل کے درجہ پر) "وَنَادَيْنٰهُ اَنْ يّٰٓاِبْرٰهِيْمُ ﴿١٠٤﴾ قَدْ صَدَّقْتَ الرُّءْيَا ۚ" تو ہم سے ندادی اور وحی کی کہ اے ابراہیم تم نے خواب کو سچ کردکھایا۔یعنی ہمارا مقصد فرزند کو ذبح کرنا نہیں تھا۔ہم نے نہیں چاہا تھا کہ اسماعیلؑ ذبح کردیئے جائیں، یہ نہیں فرمایا کہ اس حکم کو عملی طور پر انجام دینا لازمی نہیں ہے بلکہ فرمایا تم نے انجام دے دیا، کام ختم ہوگیا، کیونکہ ہم یہ نہیں چاہتے تھے کہ اسماعیلؑ کو ذبح کردیا جائے بلکہ ہمارا مقصد اسلام وتسلیم کی نمود اور تم دونوں باپ بیٹوں کی تسلیم ورضا کا اظہار تھا جو انجام پا گیا۔

قرآن کے مطابق خداوند عالم نے جناب ابراہیمؑ کو عالم پیری میں نعمت اولاد سے نوازا۔قرآن حکایت کرتا ہے کہ جب فرشتوں نے آکر ان کو یہ خبر دی کہ خداوند عالم آپ کو فرزند عطا کرے گا تو ان کی زوجہ نے فرمایا:

"قَالَتْ يٰوَيْلَتٰٓى ءَاَلِدُ وَاَنَا عَجُوْزٌ وَّھٰذَا بَعْلِيْ شَيْخًا ۭ" میں بوڑھی عورت صاحب اولاد ہوں گی جب کہ یہ میرا شوہر بھی، بوڑھا ہے؟ "قَالُوْٓا اَتَعْجَبِيْنَ مِنْ اَمْرِ اللّٰهِ رَحْمَتُ اللّٰهِ وَبَرَكٰتُهٗ عَلَيْكُمْ اَهْلَ الْبَيْتِ ۭ" [1] فرشتوں نے ان سے کہا، کیا آپ کو امر خدا پر تعجب ہے؟ اے اہل بیت آپ پر خدا کی رحمتیں اور اس کی

[1] سورۂ ہود آیت نمبر ۷۲۔۷۳

Contact : jabir.abbas@yahoo.com
http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

برکتیں ہیں۔ بنابرایں خداوند عالم نے ابراہیمؑ کو بڑھاپے میں اولاد عطا کی جب منصب پیغمبری پر فائز ہوچکے تھے۔ کیونکہ جناب ابراہیمؑ کے بارے میں قرآن کے اندر بہت سی آیتیں ہیں جن سے ظاہر ہوتا ہے کہ جناب ابراہیم کے پیغمبر ہونے کے سالہا سال کے بعد زندگی کے آخری ایام یعنی اسّی سال کے سن میں خداوند عالم نے انہیں نعمت اولاد سے نوازا ہے اور آپ اس کے دس بیس سال بعد تک زندہ بھی رہتے ہیں یہاں تک کہ جناب اسماعیلؑ و جناب اسحٰقؑ بڑے ہوجاتے ہیں اور جناب اسماعیلؑ تو ان کی حیات میں اتنے بڑے ہوجاتے ہیں کہ خانۂ کعبہ کی تعمیر سے اپنے پدر بزرگوار کا ہاتھ بٹاتے ہیں آیت:"

وَاِذِ ابْتَلٰٓی اِبْرٰھٖمَ رَبُّهٗ بِكَلِمٰتٍ فَاَتَمَّهُنَّ ؕ قَالَ اِنِّیْ جَاعِلُكَ لِلنَّاسِ اِمَامًا ؕ قَالَ وَمِنْ ذُرِّیَّتِیْ ؕ قَالَ لَا یَنَالُ عَهْدِی الظّٰلِمِیْنَ ﴿۱۲۴﴾ بتاتی ہے کہ خداوند عالم نے جناب ابراہیمؑ کو آزمائش میں مبتلا کیا۔ آپ نے ان آزمائشوں کو پورا کر دکھایا اوران میں کھرے اترے اس کے بعد خداوند عالم نے فرمایا؛ میں تمہیں لوگوں کا امام قرار دیتا ہوں جناب ابراہیمؑ نے دریافت کیا، کیا میری ذریّت سے بھی یہ منصب متعلق رہے گا ؟ جواب ملا، میرا عہد (ان میں سے) ظالموں تک نہیں پہنچے گا۔ یہ آیتیں کس زمانہ سے تعلق رکھتی ہیں؟ کیا جناب ابراہیمؑ کے اوائل زندگی سے؟ مسلّم طور پر نبوت سے پہلے کی نہیں ہیں۔ کیونکہ ان آیتوں میں وحی کی بات کہی گئی ہے۔ بہرحال دوران نبوت سے تعلق رکھتی ہیں۔ کیا یہ زمانہ نبوت کا ابتدائی زمانہ ہے؟ نہیں، بلکہ نبوت کا آخری زمانہ ہے۔ اس کی دو دلیلیں ہیں۔ ایک یہ کہ آیت کہتی ہے کہ یہ منصب آزمائش کے بعد ملا اور جناب ابراہیمؑ کی تمام آزمائش آپ کی نبوت کے پورے دور میں پھیلی ہوئی ہیں اوران میں آپ کی ذریت اور اولاد کا تذکرہ بھی ہے۔ جیسا کہ ابراہیمؑ نے خود فرمایا" ومن ذریتی" جس سے معلوم ہوتا ہے کہ آپ صاحب اولاد تھے۔

یہ آیت جناب ابراہیمؑ سے جو نبی تھے اور رسول بھی، اب آخر عمر میں یہ کہہ رہی

ہے کہ ہم تمہیں ایک نیا عہدہ اور ایک دوسرا منصب دینا چاہتے ہیں۔" انّی جاعلك للناس اماماً " میں تمہیں لوگوں کا امام بنانا چاہتا ہوں۔" معلوم ہوا کہ ابراہیمؑ پیغمبر تھے۔ رسول تھے۔ ان مراحل کو طے کر چکے تھے، لیکن ابھی ایک مرحلہ اور تھا جس تک ابھی رسائی حاصل نہیں کر پائے تھے اور نہیں پہنچے جب تک تمام آزمائشوں سے کامیابی کے ساتھ گزر نہیں گئے۔ کیا یہ بات یہ ظاہر نہیں کرتی کہ قرآن کی منطق میں منصب امامت ایک دوسری ہی حقیقت کا نام ہے؟ اب دیکھنا یہ ہے کہ امامت کے معنی کیا ہے؟

امامت، خدا کا عہد

امامت کا مطلب یہ ہے کہ انسان اس منزل پر فائز ہو کہ اصطلاح زبان میں اُسے انسان کامل کہا جائے کہ یہ انسان کامل اپنے پورے وجود کے ساتھ دوسروں کی رہبری و ہدایت کا فریضہ انجام دے سکے۔ جناب ابرہیمؑ کو فوراً اپنی اور اولاد یاد آتی ہے خدایا! کیا میری ذریت اور میری نسل کو بھی یہ منصب نصیب ہوگا ؟ جواب دیا جاتا ہے:" لاینال عھدی الظالمین " میرا عہد ظالموں تک نہیں پہنچے گا۔ یہاں امامت کو خدا کا عہد کہا گیا ہے۔ یہی وجہ ہے کہ شیعہ کہتے ہیں کہ ہم جس امامت کی بات کرتے ہیں وہ خدا کی جانب سے ہے۔ چنانچہ قرآن بھی یہی فرماتا ہے" عھدی " یعنی میرا عہد، نہ کہ عوام کا عہد۔ جب ہم یہ سمجھ لیں گے کہ امامت کا مسئلہ حکومت کے مسئلہ سے جدا ہے۔ تو اس پر تعجب نہ ہوگا کہ یہ عہد یعنی امامت خدا سے متعلق کیوں ہے؟ سوال یہ اٹھتا ہے کہ حکومت و حاکمیت خدا سے متعلق ہے یا انسانوں سے؟ جواب یہ ہے کہ یہ حکومت جسے ہم حکومت کہتے ہیں امامت سے الگ ایک چیز ہے۔ امامت میرا عہد ہے اور میرا عہد تمہاری ظالم اور ستم گر اولاد تک نہیں پہنچے گا۔ ابراہیمؑ کی اولاد کو دو حصوں میں تقسیم کر کے ظالم اور ستم گر افراد کو الگ کر دیا تو ان میں وہ افراد رہ جاتے ہیں جو ظالم و ستم گر نہیں ہیں۔ اور اس آیت

Contact : jabir.abbas@yahoo.com
http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

سے ظاہر ہوتا ہے کہ نسل ابراہیمؑ میں اجمالی طور سے امامت پائی جاتی ہے۔

دوسری آیت

وَجَعَلَهَا كَلِمَةًۢ بَاقِيَةً فِي عَقِبِهِ لَعَلَّهُمْ يَرْجِعُونَ ۝٢٨

اور انہوں نے اس پیغام کو اپنی نسل میں ایک کلمہ باقیہ قرار دے دیا کہ شاید وہ لوگ خدا کی طرف پلٹ آئیں سورہ زخرف آیت ۲۸

اس سلسلہ میں قرآن کی درج بالا آیت: وَجَعَلَهَا كَلِمَةً بَاقِيَةً فِي عَقِبِهِ بھی جناب ابراہیمؑ سے متعلق ہے۔ ارشاد ہوتا ہے کہ؛ خداوند عالم نے اسے (یعنی امامت کو) ایک باقی اور قائم رہنے والی حقیقت کی صورت میں ابراہیم کی نسل میں باقی رکھا۔

ظالم سے کیا مراد ہے؟

یہاں " ظالمین" کا مسئلہ پیش آتا ہے۔ ائمہ علیہم السلام نے ہمیشہ ظالمین سے متعلق اس آیت سے استدلال کیا ہے۔ ظالم سے مراد کیا ہے؟ قرآن کی نگاہ میں ہر وہ شخص جو خود اپنی ذات پر یا دوسروں پر ظلم کرے، ظالم ہے۔ عرفِ عام ہمیشہ ہم ظالم اسے کہتے ہیں جو دوسروں پر ظلم کرے یعنی جو لوگوں کے حقوق پر ڈاکہ ڈالے ہم اسے ظالم کہتے ہیں، لیکن قرآن کی نظر میں ظالم عمومیت رکھتا ہے چاہے وہ دوسرے کے ساتھ ظلم کرے یا خود پر کرے جو شخص دوسروں پر ظلم کرتا ہے وہ بھی اپنے آپ پر ظلم کرتا ہے۔ قرآن میں اپ اپنی ذات یا اپنے نفس پر ظلم کو بیان کرنے والی بہت سی آیتیں موجود ہیں۔

علّامہ طباطبائیؒ اپنے ایک استاد سے نقل کرتے ہیں کہ حضرت ابراہیمؑ نے اپنی اولاد سے متعلق خداوند عالم سے جو سوال کیا ہے، اس سلسلہ میں نسل وذریت ابراہیمؑ کے

نیک وبد ہونے کی تفسیر کچھ اس طرح ہوتی ہے۔ ایک یہ کہ ہم فرض کریں کہ حضرت کی اولاد میں کچھ ایسے افراد تھے جو ابتدا سے آخر عمر تک ہمیشہ ظالم تھے۔ دوسرے یہ کہ بعض ایسے افراد تھے جو ابتدائے عمر میں ظالم تھے لیکن آخر عمر میں نیک اور صالح ہو گئے۔ تیسرے کچھ افراد وہ تھے جو ابتدائے عمر میں نیک تھے اور بعد میں ظالم ہو گئے۔ اور چوتھے یہ کہ کچھ افراد ایسے بھی تھے جو کبھی ظالم نہ تھے۔ وہ فرماتے ہیں کہ جناب ابراہیمؑ منصب امامت کی عظمت وجلالت کو سمجھتے ہوئے اور یہ جانتے ہوئے کہ یہ منصب اتنا اہم ہے جو نبوت ورسالت کے بعد آپ کو عطا کیا گیا ہے، لہٰذا محال ہے کہ ایسے منصب کی درخواست خداوند عالم سے آپ نے اپنی اولاد کے لئے کی ہے۔ اب ان نیک اور صالح افراد کی بھی دو قسمیں ہیں۔ ایک وہ جو ابتدا سے زندگی کے آخری لمحہ تک ہمیشہ نیک رہے اور ایک وہ جو پہلے ظالم اور بُرے تھے اب نیک اور صالح ہو گئے۔ جب یہ طے ہو گیا کہ حضرت ابراہیمؑ کا تقاضا ان دو طرح کے افراد کے علاوہ کسی اور کے لئے نہیں ہو سکتا، تو اب ممکن ہے کہ یہ منصب ان افراد کو نصیب ہو جو اگر چہ اس وقت ظالم وستمگر نہیں ہیں لیکن ان کی گزشتہ زندگی آلودہ اور ظالمانہ تھی۔ یعنی ان کی زندگی کا پچھلا ریکارڈ اچھا نہیں ہے۔ (لیکن ہم دیکھتے ہیں کہ) قرآن صاف طور سے فرماتا ہے، لاینال عهدی الظالمین" جو لوگ ظلم سے سابقہ رکھتے ہیں اس منصب کے اہل نہیں ہو سکتے۔ ہمارا عہد ظالموں تک نہیں پہنچے گا۔ لہٰذا مسلّم طور پر جو اس وقت ظالم ہے یا ہمیشہ ظالم رہا ہے یا پہلے ظالم نہیں تھا لیکن اس وقت ظالم ہے، ان میں سے کوئی ایک حضرت ابراہیمؑ کی درخواست کا مصداق نہیں ہے۔ اس بنا پر قرآن صاف طور پر اس کی نفی کرتا ہے کہ امامت اس شخص تک پہنچے جس کی پچھلی زندگی ظالمانہ رہی ہو۔

یہی وہ چیز ہے جس کی بنیاد پر شیعہ استدلال کرتے ہیں کہ یہ ممکن ہی نہیں ہے کہ امامت ان لوگوں تک پہنچے جو اپنی زندگی کے کسی دور میں مشرک رہے ہوں۔

Contact : jabir.abbas@yahoo.com
http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

سوال وجواب

سوال: معصوم کا کیا مطلب ہے؟ یہ ہماری شیعہ منطق کا ساختہ و پرداختہ کوئی کوئی مفہوم ہے یا اس کی کچھ بنیادیں ہیں اور ہم نے انہیں پروان چڑھا کر بہتر بنایا ہے؟ اصولی طور پر کیا معصوم اس شخص کو کہتے ہیں جو گناہ نہ کرے، یا اسے کہتے ہیں جو گناہ کے علاوہ کوئی اشتباہ یا غلطی بھی نہ کرتا ہو؟ ہم بیس سال پہلے میرزا ابوالحسن خان فروغی مرحوم کے درس میں شریک ہوا کرتے تھے یہ بزرگوار خاص طور سے عصمت کے مسئلہ میں خصوصی اور وسیع مطالعہ اور خاص عقیدہ رکھتے تھے، اور اس موضوع پر بہترین انداز میں بڑی تفصیل کے ساتھ گفتگو فرماتے تھے اگر چہ ہم اس وقت ان کی اسی فی صد گفتگو سمجھنے سے قاصر تھے لیکن اس میں سے بیس فیصدی جو سمجھتے تھے، اس کے مطابق وہ عصمت کی ایک دوسرے انداز میں تعریف کرتے تھے وہ فرماتے تھے، معصوم وہ نہیں ہے جو گناہ نہ کرے۔ ہماری نگاہ میں بہت سے ایسے افراد ہیں جنھوں نے اپنی پوری زندگی میں گناہ ہی نہیں کیا، لیکن انہیں معصوم نہیں کہتے۔ اس وقت ہمیں اس فکر سے سروکار نہیں ہے۔ آقائے مطہری کے پاس یقیناً اس کا جواب ہوگا کہ معصوم سے کیا مراد ہے؟ اگر معصوم وہ شخص ہے جس سے کبھی کوئی غلطی یا بھول چوک بھی نہ ہوئی ہو تو ہم دیکھتے ہیں کہ بارہ امام علیہم السلام میں سے صرف دو حضرات مسند خلافت پر جلوہ افروز ہوئے: حضرت علیؑ اور حسنؑ اور وہ بھی بڑی مختصر مدت کے لئے اور اس میں بھی شک نہیں ہ ان حضرات سے خلافت کے معاملات اور حکومت چلانے کے سلسلہ میں بہت سے اشتباہ ہوئے اور تاریخی نقطۂ نظر سے ان اشتباہات اور غلطیوں میں کسی شک وشبہ کی گنجائش بھی نہیں۔ اور یہ بات معصوم کی مذکورہ بالا تعریف سے کسی طرح میل نہیں کھاتی۔

مثال کے طور پر امام حسن علیہ السلام کا عبداللہ بن عباس کو معاویہ سے جنگ

کے لئے مامور کرنا۔ یا خود حضرت علی علیہ السلام کا عبداللہ ابن عباس کو بصرہ کا حاکم مقرر کرنا۔ اور اگر حضرت کے دورہ حکومت سے متعلق مزید تحقیق کی جائے تو اس طرح کے اور بھی مسائل نظر آئیں گے اور تاریخی لحاظ سے اس میں کسی شک وشبہ کی گنجائش بھی نہیں ہے۔ لیکن یہ بات عصمت کی اس تاریخ سے میل نہیں کھاتی اور یہ جو میں نے عرض کیا کہ بحث کرنے کا یک طرفہ انداز یعنی سارے موافق حضرات کا کسی بحث میں حصہ لینا زیادہ مفید نہیں ہے، اس کی وجہ یہ ہے کہ واقعی جب انسان کوئی عقیدہ رکھتا ہے تو اسے دوست بھی رکھتا ہے اور اسے یہ گوارہ نہیں ہوتا کہ اپنے اس عقیدہ کے خلاف کچھ سنے۔ خاص طور سے ہم جو بچپن سے ہی شیعیت اور خاندان حضرت علیؑ بن ابی طالب سے محبت اپنے دل میں رکھتے آئے ہیں اور کبھی اس کے خلاف تنقید نہیں سنی۔ شاید خود دین واصول دین یہاں تک کہ توحید خدا پرستی سے متعلق اعتراضات یا تنقیدیں تو آسانی سے سن لی ہوں لیکن تشیع اور ائمہ علیہم السلام پر تنقید یا کسی کا ان حضرات کی زندگی کہ انھوں نے یہ کام کیوں کیا اور وہ کیوں نہ کیا، اسے ہمارے کان آشنا نہیں ہیں، اسی وجہ سے اگر کوئی مثال کے طور پر امام حسنؑ کے عمل یا امام حسینؑ کے اقدام پر اعتراض کرے تو ہمیں بہت شاق گزرتا ہے۔

لیکن مثال کے طور پر یہ آیت جسے آقائے مطہری نے پہلے جلسہ میں اور اس جلسہ میں موضوع قرار دیا ہے۔ اس میں ارشاد ہوتا ہے" وہ لوگ جو نماز قائم کرتے ہیں اور حالت رکوع میں زکوٰۃ ادا کرتے ہیں" اس کے بعد آپ نے استدلال فرمایا کہ یہ آیت اس واقعہ کے تحت جس میں حضرت علیؑ نے رکوع کی حالت میں انگوٹھی سائل کو دی تھی، سوائے حضرت علیؑ کے کسی اور کے بارے میں نہیں ہے۔ میری نظر میں یہ بات کچھ منطقی اور معقول نہیں لگتی، کیونکہ اول تو ہم نے امیر المومنینؑ کی زندگی کے بارے میں یہ پڑھا اور سنا ہے کہ نماز کی حالت میں آپ کی توجہ خداوند عالم کی جانب سے اس قدر ہوا کرتی تھی کہ گردو پیش کے لوگوں سے بے خبر ہو جاتے تھے، یہ بھی کہا جاتا ہے کہ وضو کرتے وقت بھی

Contact : jabir.abbas@yahoo.com
http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

اگر آپ کے سامنے سے لوگ گزر جاتے تھے تو آپ انہیں پہچان نہیں پاتے تھے۔ پھر یہ کیسے ہوسکتا ہے کہ نماز کی حالت میں ایسے شخص کے حواس اس قدر دوسروں کی طرف متوجہ ہوں کہ سائل مسجد میں وارد ہوتا ہے، سوال کرتا ہے، کوئی اسے کچھ نہیں دیتا اور حضرت اپنی انگوٹھی اتار کر اس کے حوالہ کردیتے ہیں۔ مزید یہ کہ سائل کو پیسے دینا کوئی اچھی بات بھی نہیں ہے۔ سائل کو پیسہ دینا اس قدر اہم نہیں ہے کہ انسان اپنی نماز کو کم از کم باطنی اور روحانی اعتبار سے ہی ناقص کردے یا اس میں خلل پیدا کرے؟

اس کے علاوہ زکوٰۃ کا تعلق انگوٹھی سے نہیں ہے اور فقہائے شیعہ کے فتووں کے مطابق زکوٰۃ سے تعلق رکھنے والی چیزوں میں شامل بھی نہیں ہے۔ ان سب باتوں سے بڑھ کر وہ افراد جو اس سلسلہ میں کٹر ہیں اس موضوع کو بہت زیادہ بڑھا چڑھا کر پیش کرنے کے لئے یہ بھی فرماگئے ہیں کہ یہ انگوٹھی بہت زیادہ قیمتی تھی۔ جبکہ حضرت علیؑ نے قیمتی انگوٹھی نہیں پہنی۔؟

جواب: جس نکتہ کی طرف انہوں نے اشارہ فرمایا کہ جلسہ میں مخالف موقت رکھنے والے افراد بھی ہونے چاہیے یقیناً تمام جلسوں کے لئے یہ ایک مفید فکر ہے اور میں اسی پر اکتفا کرتا ہوں کہ یہ کام اچھا اور مفید ہے۔

اب رہا یہ مسئلہ کہ عصمت کیا ہے؟ تو اس سلسلہ میں اکثر انسان یہ خیال کرتا ہے کہ عصمت کا مطلب یہ ہے کہ اللہ اپنے بندوں میں بعض مخصوص افراد کی ہمیشہ نگرانی کیا کرتا ہے کہ جیسے ہی وہ کسی گناہ کا ارادہ کرتے ہیں فوراً انھیں روک دیتا ہے۔ مسلّم طور پر عصمت کے یہ معنی نہیں ہیں۔ اور اگر ہوں بھی تو یہ کسی کے لئے کمال کی بات نہیں ہے۔ اگر کسی بچہ پر ایک شخص برابر نگرانی رکھے اور اسے کوئی غلط کام کرنے نہ دے تو یہ اس بچہ کے لئے کوئی کمال شمار نہ ہوگا۔ لیکن عصمت کا ایک مفہوم اور بھی ہے جو قرآن سے ظاہر ہوتا ہے اور وہ یہ کہ ہم دیکھتے ہیں کہ قرآن مجید حضرت یوسفؑ صدیق کے بارے میں اس سخت

منزل میں جب زلیخا ان کو اپنی طرف مائل کر رہی تھی، فرماتا ہے؛

وَلَقَدْ هَمَّتْ بِهٖ ۚ اس عورت نے یوسف کا ارادہ کیا۔

وَهَمَّ بِهَا لَوْلَآ اَنْ رَّاٰ بُرْهَانَ رَبِّهٖ ۭ اور یوسف[1] بھی اگر دلیل پروردگار کا مشاہدہ نہ کرتے ہوتے تو اس کا ارادہ کرتے۔

یعنی وہ بھی ایک انسان تھے، جوان تھے اور جذبات رکھتے تھے۔ زلیخا یوسفؑ کی طرف بڑھی لیکن یوسفؑ چونکہ صاحب ایمان آپ کی اچھائی اور برائی کو دیکھ رہے تھے وہ ایمان جو خدا نے یوسفؑ کو عطا تھا، وہی ایمان آپ کو اس عمل سے روک رہا تھا۔ ہم میں کا ہر شخص کسی طاقت کے روکے ٹوکے بغیر بعض لغزشوں اور گناہوں سے معصوم ہے اور یہ ہمارے اس ایمانی کمال کا نتیجہ ہے جو ہم ان گناہوں کے خطرات سے تعلق رکھتے ہیں۔ مثال کے طور پر کسی چار منزلہ عمارت کی چھت سے چھلانگ لگانا۔ یا آگ میں کود پڑنا یہ بھی گناہ ہیں لیکن ہم ہرگز ان گناہ کے مرتکب نہیں ہوتے کیونکہ ان کے خطرات ونقصان ہمارے لئے ثابت اور ایک دم عیاں ہیں۔ ہم جانتے ہیں کہ ادھر ہم نے بجلی کے تار کو چھوا ادھر ہماری جان گئی۔ ہم صرف اسی وقت گناہ کے مرتکب ہوسکتے ہیں جب ان خطرات سے آنکھیں بند کرلیں، لیکن ایک بچہ دہکتے ہوئے انگار پر ہاتھ مارتا ہے۔ کیوں؟ اس لئے کہ اس خطرہ کا گناہ جس قدر ہم پر ثابت وعیاں ہے اس پر عیاں نہیں ہے ایک عادل انسان تقویٰ کا ملکہ رکھتا ہے اسی بنا پر بہت سے گناہ وہ سرے سے انجام ہی نہیں دیتا۔ یہی ملکہ اسے اس حد تک کہ وہ ان گناہوں سے دور رہے، عصمت بخشتا ہے۔ بنابرایں گناہوں سے عصمت کا تعلق انسان کے درجہ ایمان سے ہے کہ وہ فلاں گناہ کو گناہ اور فلاں خطرہ کو خطرہ سمجھتا ہے یا نہیں۔ ہم نے گناہوں کو تعبداً قبول کیا ہے یعنی ہم یہ کہتے ہیں کہ چونکہ اسلام

[1] سورہ یوسف آیت ۲۴

Contact : jabir.abbas@yahoo.com
http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

نے کہا ہے کہ شراب نہ پیو اس لئے ہم نہیں پیتے۔ کہا ہے کہ جوا نہ کھیلو، ہم نہیں کھیلتے، ہم کم و بیش جانتے بھی ہیں کہ یہ کام برے ہیں، لیکن جس قدر خود کو آگ کے حوالے کر دینے کا خطرہ یا گناہ ہم پر روشن وواضح ہے اس قدر ان گناہوں کے خطرات اور گناہوں پر یقین وایمان رکھتے تو ہم بھی ان گناہوں سے معصوم ہوتے۔ پس گناہوں سے عصمت کا مطلب ہے منتہی وکمالِ ایمان۔ لہٰذا جو شخص یہ کہتا ہے:

"لو كشف الغطاء لما ازددت يقيني"

اگر پردے اٹھ جائیں پھر بھی میرے یقین میں کوئی اضافہ نہیں ہوگا۔ سفینۃ البحار ج ۲ ص ۴۳۷ (از حضرت علیؑ)

وہ قطعی طور پر گناہوں سے معصوم ہے۔ وہ پردے کے اس سمت سے بھی پس پردہ کی چیزوں کو مجسّم دیکھتا ہے۔ یعنی مثال کے طور پر وہ محسوس کرتا ہے کہ ایک بُری بات منہ سے نکالنے کا مطلب یہ ہے کہ اس نے حقیقتاً اپنی جان کے لئے ایک بچھو پیدا کرلیا ہے اسی بنا پر وہ ایسے کام نہیں کرتا، اور بلا شبہ قرآن بھی اس پایہ کے ایمان کا تذکرہ فرماتا ہے۔ لہٰذا معلوم ہوا کہ عصمت نسبی ہے یعنی اس کے مراتب ودرجات ہیں۔

معصومین ان چیزوں میں جو ہمارے لئے گناہ ہے اور کبھی ہم ان کے مرتکب ہوتے ہیں اور کبھی ان سے پرہیز کرتے ہیں۔ معصوم ہیں اور ہرگز گناہ نہیں کرتے۔ لیکن تمام معصومین ایک جیسے نہیں ہیں۔ عصمت کے بھی مراحل ومراتب ہیں۔ جن چیزوں کو ہم گناہ شمار کرتے ہیں ان میں وہ صدفی صد معصوم ہیں لیکن ایسی چیزیں بھی ان کے لئے گناہ ہیں جو ہمارے لئے حسنہ اور نیکیاں ہیں، کیونکہ ہم (اس درجہ تک) نہیں پہنچے ہیں۔ مثال کے طور پر درجہ پانچ کا طالب علم چھٹے درجہ کا کوئی سوال حل کردے تو یہ اس کے لئے باعث شرف وفضیلت اور انعام کے لائق بات ہے۔ لیکن اگر اسی سوال کو نویں درجہ کا طالب علم

حل کرے تو یہ اس کے لئے کچھ اہمیت کی بات نہ ہوگی۔ اسی طرح سمجھیں کہ کچھ چیزیں ہمارے لئے تو حسنات ہیں لیکن ان کے لئے گناہ ہیں۔

یہی وجہ ہے کہ ہم دیکھتے ہیں کہ قرآن انبیاء کے معصوم ہونے کے باوجود ان کی طرف عصیان کی نسبت دیتا ہے وَعَصٰى اٰدَمُ رَبَّهٗ[1] (آدم نے اپنے پروردگار کی نصیحت پر عمل نہ کیا) یا پیغمبر اسلام ﷺ سے خطاب کرتے ہوئے فرماتا ہے:

لِّيَغْفِرَ لَكَ اللّٰهُ مَا تَقَدَّمَ مِن ذَنۢبِكَ وَمَا تَاَخَّرَ

تا کہ خدا آپ کے اگلے پچھلے تمام الزامات کو ختم کردے (سورہ فتح آیت ۲)

ان آیتوں سے معلوم ہوتا ہے کہ عصمت ایک نسبی امر ہے۔ گویا وہ اپنی حد میں اور ہم اپنی حد میں۔ پس عصمت کی اصل وماہیت گناہ سے ایمان کے درجہ اور کمال ایمان کی طرف پلٹتی ہے۔ انسان ایمان کے کسی بھی درجہ میں ہو لیکن جس موضوع سے متعلق وہ کامل ایمان رکھتا ہے۔ یعنی:

"ولو لا ان را برھان ربہ" کے درجہ پر فائز ہے اور دلیل پروردگار کو اپنی آنکھوں سے دیکھ رہا ہے۔ اس میں وہ لامحالہ معصوم ہے۔ نہ کہ خود معصوم بھی ہماری ہی طرح ہے کہ وہ گناہ ومعصیت کی طرف قدم بڑھانا چاہتا ہے لیکن اللہ کی طرف سے مامور کوئی فرشتہ اس کی راہ میں حائل ہوجاتا ہے اور اسے روک دیتا ہے۔ اگر ایسا ہے تو مجھ میں امیر المومنینؑ میں کوئی فرق نہیں ہے کیونکہ میں بھی گناہ کی طرف مائل ہوتا ہوں اور (معاذ اللہ) وہ بھی مائل ہوتے ہیں، فرق یہ ہے کہ ان پر ایک ملک معین ہے جو انہیں اس کام سے روکتا ہے اور ہم پر اس طرح کا کوئی مامور نہیں ہے۔ اگر انسان کو گناہ سے روکنے

[1] سورہ طٰہٰ آیت ۱۲۱

jabir.abbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com
http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

کے لئے کوئی خارجی مامور بھی موجود ہوتو یہ کوئی کمال کی بات نہ ہوئی۔اس کی مثال یوں ہے کہ ایک شخص چوری کرتا ہے اور میں چوری نہیں کرتا۔لیکن میں جو چوری نہیں کرتا اس کا سبب یہ ہے کہ ہمارے اعمال کا نگران ایک شخص ہمیشہ کے ساتھ ہے۔اس صورت میں، میں بھی اسی کی طرح چور ہوں فرق یہ ہے کہ کوئی نگراں اسے اس کام سے نہیں روکتا اور میرے حرکات وسکنات کا نگراں میری راہ میں حائل ہے۔یہ کوئی کمال کی بات نہیں ہوئی۔

مسئلہ عصمت میں اہم اور کلّی مسئلہ گناہ سے معصوم ہونے کا مسئلہ ہے۔خطا سے معصوم ہونا ایک دوسرا مسئلہ ہے اور اس کی بھی دو حیثیتیں ہیں۔ایک احکام کی تبلیغ میں خطا کا مسئلہ ہے مثلاً ہم یہ کہیں کہ پیغمبر اسلام ﷺ نے ہمارے لئے احکام بیان فرمائے ہیں لیکن شاید اس میں خطا یا اشتباہ سے کام لیا ہے۔شاید خداوند عالم نے ان پر وحی کی اور اس شکل میں نازل فرمائی تھی لیکن آنحضرت نے اشتباہاً اسے دوسری طرح سے بیان فرمایا۔ بالکل یوں ہی جیسے ہم خطا کرتے ہیں۔ یعنی اس امکان پر کہ ممکن ہے پیغمبر ﷺ نے تبلیغ احکام میں خطا یا اشتباہ سے کام لیا ہو، سرے سے پیغمبر اسلام ﷺ کی باتوں پر پُر اعتمادی نہ ہو، قطعی ایسی کوئی بات نہیں ہے۔اب رہی تمام مسائل میں معصوم سے خطا کی بات تو یہاں انجینیئر صاحب نے اپنی عترت فیصلہ کا ثبوت دیتے ہوئے امیر المومنین پر ظلم کیا ہے اور واقعی یہ بہت بڑا ظلم ہے۔آپ نے کیسے تیزی کے ساتھ یہ فیصلہ کرلیا کہ اگر آپ امیر المومنینؑ کی جگہ پر ہوتے تو عبداللہ ابن عباس کا انتخاب نہ کرتے، اور؟ اسی طرح کے تاریخی مسائل میں ظنی وگمانی فیصلوں کے اظہار میں تو کوئی ہرج نہیں ہے۔مثلاً انسان کسی شخص کے بارے میں اظہار خیال کرے کہ میں سوچتا ہوں اگر فلاں شخص پانچ سو سال پہلے اس کام کے بجائے یہ کام کرتا تو بہتر تھا، اور کوئی اس سے یہ کہے کہ کیا قطعی ایسا ہے؟ تو وہ جواب دے کہ میرا یہی خیال ہے؟ تو اس میں کوئی ہرج نہیں ہے۔لیکن ان مسائل میں کوئی قطعی فیصلہ کرنا امیر المومنین ہی کی نسبت نہیں؟

دوسرے افراد کی نسبت بھی صحیح نہیں ہے۔

حضرت ان واقعات ومسائل میں خود حاضر وناظر تھے اور عبداللہ بن عباس کو ہم اور آپ سے بہتر جانتے تھے، یوں ہی اپنے دوسرے اصحاب کو بھی ہم سے اور آپ سے زیادہ طور پر پہچانتے تھے۔اور ہم اپنی جگہ بیٹھ کر قضاوت کریں کہ اگر حضرت علیؑ عبداللہ بن عباس کی جگہ پر کسی دوسرے کو منتخب فرماتے تو وہ اس کام کو بہتر طور پر انجام دیتا۔یہ دراصل اس طرح کے مسائل میں عجولانہ قضاوت کی نشانی ہے۔مزید یہ کہ آپ نے خود اپنے بیانات میں جن سے ہم ہمیشہ استفادہ کرتے رہے ہیں، برابر یہ بات ذکر کی ہے کہ علیؑ ایک مخصوص سیاست پر گامزن تھے اور نہ وہ خود چاہتے تھے نہ ان کے لئے سزاوار ہی تھا کہ ذرہ برابر بھی اس سیاست سے الگ ہوتے اور یہ وہ راہ سیاست تھی جس میں ان کے پاس ناصر ومددگار نہیں تھے۔حضرت خود بھی ہمیشہ فرمایا کرتے تھے کہ افسوس میرے پاس افراد نہیں ہیں۔یہی عبداللہ بن عباس اور دوسرے افراد حضرت علیؑ کی خدمت میں آتے تھے اور ان سے اپنی روش میں لوچ اور نرمی پیدا کرنے کی درخواست کرتے تھے یعنی وہی طرز عمل اپنانے کو کہتے تھے جسے آج کی دنیا میں سیاست کہتے ہیں۔ آپ کم از کم یہی ثابت کیجئے کہ حضرت علیؑ کے پاس ان کے ہم فکر وہم نوا کافی افراد موجود تھے اور آپ نے ان کے درمیان اشخاص کے انتخاب میں اشتباہ سے کام لیا۔میں تو شباہت نہیں کرسکتا کہ حضرت علیؑ کے پاس حسب ضرورت افراد موجود رہے ہوں۔میں بس اسی قدر جانتا ہوں کہ حضرت علیؑ جنہیں پیغمبر ﷺ نے خلافت کے لئے معین فرمایا تھا۔جب لوگوں نے خلافت پر قبضہ کرلیا تو اس قدر احتجاج اور شکوہ کرتے نظر آتے ہیں کہ لوگوں نے میرا حق مجھ سے چھین لیا، لیکن عثمانؓ کے بعد جب لوگ آپ کی بیعت کے لئے آپ کے پاس آتے ہیں تو آپ خود کو اس امر سے دور رکھنے کی کوشش کرتے دکھائی دیتے ہیں اور فرماتے ہیں:

Contact : jabir.abbas@yahoo.com
http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

"دعونی والتمسوا غیری فانا مستقبلون امراً له
وجوه والوان وان الافاق قد اغامت والمحجّة قد
تنکرت (نہج البلاغہ فیض الاسلام۔ خطبہ۹۱)

مجھے چھوڑ دو اور (اس خلافت کے لئے) کسی دوسرے کو ڈھونڈ لو۔ بلا شبہ ہمارے سامنے ایک ایسا معاملہ ہے جس کے کئی رُخ اور کئی رنگ ہیں، جسے نہ دل برداشت کر سکتے ہیں اور نہ عقلیں مان سکتی ہیں۔فضائیں تاریک ہو چکی ہیں اور راستہ پہچاننے میں نہیں آتا"

مفہوم یہ ہے کہ، حالات اب خراب ہو چکے ہیں، اب کام نہیں کیا جا سکتا یعنی میرے پاس افراد نہیں ہیں، میرے رفقاء تمام ہو گئے اب میرے کام کے آدمی نہیں رہے (جن کی مدد سے معاشرہ کی) اصلاح کر سکوں۔اس کے بعد فرماتے ہیں:

لولا حضور الحاضر وقیام الحجة لوجود الناصر

اب مجھ پر حجت تمام ہو گئی میں تاریخ کے روبرو کوئی عذر نہیں رکھتا تاریخ میری یہ بات نہیں مانے گی، کہا یہی جائے گا کہ حضرت علیؑ نے موقع ہاتھ سے کھو دیا، اس کے باوجود کہ یہ موقع میرے لئے کوئی موقع نہیں ہے لیکن تاریخ کا منہ بند کرنے کے لئے کہ یہ نہ کہا جائے کہ بہترین موقع تھا جسے حضرت علیؑ نے کھو دیا اس منصب کو قبول کرتا ہوں۔

لہٰذا ہم دیکھتے ہیں کہ آپ نے خود اس کو اظہار فرمایا کہ میرے پاس آدمی نہیں ہیں اور یہ میری خلافت کا موقع نہیں ہے۔

انسان ہر شخص کے سلسلہ میں شک و تردید کا شکار ہو سکتا ہے لیکن خود حضرت علیؑ کے لئے تاریخ کو بھی اس بات میں شک نہیں ہے کہ آپ خود کو دوسروں کی بہ نسبت خلافت

کا سب سے زیادہ حقدار سمجھتے تھے اور اہل سنّت بھی یہ بات تسلیم کرتے ہیں کہ حضرت علیؑ خلافت کے لئے خود کو ابوبکرؓ و عمرؓ وغیرہ سے زیادہ حقدار سمجھتے تھے۔پھر یہ کیا ہوا کہ جو حضرت علیؑ اپنے آپ کو ابوبکرؓ و عمرؓ سے خلافت کا زیادہ حقدار سمجھے، جب لوگ عثمانؓ کے بعد خلافت کے لئے اس کے پاس جائیں تو وہ پیچھے ہٹتا ہوا نظر آئے اور یہ کہے کہ:۔

تمہارا امیر بننے سے بہتر ہے کہ میں اس کے بعد بھی تمہارا مشیر ہی بن کر رہا ہوں۔اس سے صاف ظاہر ہوتا ہے کہ حضرت علیؑ کے پاس ایسے افراد نہیں تھے۔ اب اس کے اسباب و علل کیا تھے، یہ ایک دوسری بحث ہے۔

اب رہا: "ویؤتون الزکوة وهم راکعون" کا مسئلہ تو اول یہ جو انہوں نے فرمایا کہ زکوٰۃ انگوٹھی پر نہیں ہوتی، اس کا جواب یہ ہے کہ کلی طور پر کارِ خیر کے لئے ہر طرح کے انفاق کو زکوٰۃ کہتے ہیں۔آج کل جو فقہا کی عرف میں زکوٰۃ کی اصطلاح رائج ہے اس سے مراد زکوٰۃ واجب ہے۔ایسا نہیں ہے کہ قرآن کریم میں جہاں بھی "یقیمون الصلوٰۃ ویؤتون الزکوٰۃ" آیا ہو اس سے مراد یہی زکوٰۃ واجب ہے۔زکوٰۃ کا مطلب ہے مال کا پاک و صاف کرنا۔حتیٰ کہ اس سے مراد روح و نفس کی زکوٰۃ ہے۔چنانچہ لفظ صدقہ کا مفہوم بھی اسی قدر وسعت رکھتا ہے آج صدقہ کا ایک خاص مفہوم ہے مثلاً کہتے ہیں صدقۂ سرّی (چھپا کر صدقہ دینا) لیکن قرآن ہر کارِ خیر کو صدقہ کہتا ہے۔اگر آپ ایک اسپتال تعمیر کریں یا کوئی کتاب لکھیں جس کا فائدہ عام طور سے لوگوں کو پہنچتا ہو۔قرآن کی نظر میں وہ صدقہ ہے "صدقۂ جاریہ" ایک جاری صدقہ۔یہی وجہ ہے کہ اہل سنّت نے بھی جب مذکورہ آیت سے اخذ شدہ مفہوم پر اعتراض کرنا چاہا ہے تو اس لفظ پر ایسا کوئی اعتراض نہیں کیا ہے کہ زکوٰۃ انگوٹھی سے متعلق نہیں ہوتی۔کیونکہ وہ ادبیات عرب سے واقف ہیں اور جانتے ہیں کہ لفظ زکوٰۃ، زکوٰۃ واجب سے مخصوص نہیں ہے۔

اب سوال یہ ہے کہ عمل حالت رکوع میں کیوں اور کیسے انجام پایا؟ یہ اعتراض

Contact : jabir.abbas@yahoo.com
http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

فخر الدین رازی جیسے قدیم مفسرین نے بھی اٹھایا ہے کہ حضرت علیؑ ہمیشہ حالت نماز میں اس قدر کھو جاتے تھے کہ انہیں اردگرد کا احساس بھی نہ رہتا تھا۔ پھر آپ یہ کیسے کہتے ہیں کہ نماز کی حالت میں یہ عمل انجام پایا؟ جواب یہ ہے کہ

اول تو: حضرت علیؑ کا نماز کی حالت میں اپنے آپ سے بے خبر ہوجانا ایک حقیقت ہے، لیکن ایسا نہیں ہے کہ اولیائے خدا کے تمام حالات و کیفیات ہمیشہ ایک ہی جیسے رہے ہیں۔ خود پیغمبر اکرم ﷺ کے لئے دونوں کیفیتیں بیان کی جاتی ہیں۔ کبھی نماز کی حالت میں آپ پر وہ کیفیت طاری ہوجاتی تھی کہ اذان کے تمام ہونے کی تاب بھی نہ رہتی تھی فرماتے تھے: " اَرحنا یا بلال" اے بلال جلد اذان ختم کرو کہ ہم نماز شروع کریں اور کبھی نماز کی حالت میں ہوتے تھے، سجدے کے لئے سر مبارک کو خاک پر رکھتے تھے اور آپ کے نواسے امام حسنؑ یا امام حسینؑ آ کر آپ کی پشت مبارک پر سوار ہوجاتے تھے اور آپ پورے اطمینان کے ساتھ یوں ہی ٹھہرے رہتے تھے کہ یہ بچہ کہیں گر نہ پڑے اور جب تک نواسہ اتر نہ آتا تھا سجدہ کو طول دیتے تھے۔

ایک مرتبہ پیغمبر اکرم ﷺ نماز میں قیام کی حالت میں تھے۔ نماز کی جگہ پر سامنے گویا کسی نے تھوک دیا تھا۔ پیغمبر ﷺ نے ایک قدم آگے بڑھایا اور قاؤں سے اسے مٹی میں چھپا دیا اس کے بعد اپنی جگہ واپس پلٹ آئے۔ فقہاء نے اس واقعہ کی روشنی میں نماز سے متعلق بہت سے مسائل اخز کئے ہیں۔ سید بحر العلوم فرماتے ہیں:۔

ومشی خیرا الکلق فی المحراب یفتح منه ا کثر الابواب

مطلب یہ ہے کہ نماز کی حالت میں پیغمبر اسلام ﷺ دو قدم آگے بڑھے۔ وہ عمل انجام دیا اور واپس پلٹ آئے اس عمل نے بہت سے مسائل کو حل کر دیا کہ نماز کی

حالت میں کس حد تک اضافی عمل جائز ہے یا جائز نہیں ہے۔ اسی طرح اور بہت سی باتوں کا حل مل گیا۔ چنانچہ ان حضرات کے حالات و کیفیات مختلف رہے ہیں۔

اس سلسلہ میں دوسرا مطلب جو عرفانی ہے یہ ہے کہ وہ افراد جو عرفانی مزاق رکھتے ہیں ان کا اعتقاد ہے کہ اگر استغراق وانجذاب کی کیفیت اپنے کمال پر ہو تو اس میں "برگشت" کی حالت پائی جاتی ہے یعنی اس صورت میں انسان خدا کی ذات میں مستغرق ہونے کے ساتھ ہی ماسوائے اللہ میں بھی مشغول رہتا ہے۔ یہ اہل عرفان کا خیال ہے اور میں بھی اسے تسلیم کرتا ہوں لیکن اس جلسہ میں شاید بہت زیادہ قابل قبول نہ ہو کہ میں اسے عرض ہی کردوں۔ یہ خلع بدنی کے مسئلہ کی مانند ہے۔ جو افراد اس مرحلہ میں تازہ وارد ہوتے ہیں ایک لحہ یا دولحہ ایک گھنٹہ تک اپنے آپ سے بے خبر یا اپنے جسم سے الگ ہوجاتے ہیں۔ بعض افراد ہر حال میں اپنے جسم سے الگ یا خود سے بے خبر رہتے ہیں (البتہ میں اس کا معتقد ہی نہیں بلکہ عینی گواہ بھی ہوں مثال کے طور پر اس وقت ہمارے اور آپ کے ساتھ بیٹھے ہیں اپنے جسم سے دور الگ اور لاتعلق ہیں۔

اہل عرفان کی نظر میں یہ حالت و کیفیت کہ نماز کے دوران پاؤں سے تیر نکال لیا جائے اور انسان متوجہ نہ ہو، اس حالت و کیفیت سے ناقص تر ہے جس میں انسان نماز کے دوران فقیر و سائل کی طرف بھی متوجہ ہو۔ ایسا نہیں ہے کہ یہاں وہ خدا سے غافل ہے اور فقیر کی طرف متوجہ ہے بلکہ اس کی توجہ خدا کی طرف اس قدر کامل ہے کہ اس حالت میں وہ تمام عالم کو اپنے سامنے موجود پاتا ہے۔ لہٰذا ان تمام قرائن کی موجودگی میں ان حقائق سے انکار نہیں کیا جاسکتا۔

Contact : jabir.abbas@yahoo.com
http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

چھٹی بحث:

امامت ائمہ اطہارؑ کی نگاہ میں

امامت کے کلی مسائل سے متعلق یہ ہماری آخری بحث ہے اس کے بعد ہم اس سلسلہ میں جو بحثیں کریں گے وہ احدیث وروایات کی روشنی میں ہوں گی۔ مثال کے طور پر وہ حدیثیں جو امیر المومنینؑ کے سلسہ میں پیغمبر اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے نقل ہوئی ہیں یا خود امیرالمومنینؑ نے اپنے بعد کے ائمہؑ کے لئے ذکر فرمائی ہیں، یوں ہی حضرت رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے ان ائمہ کے بارے میں جو کچھ فرمایا ہے نیز یہ کہ ہرامام نے اپنے بعد کے امام کے لئے کس طرح وضاحت فرمائی ہے ہم ایک ایک کرکے ان سب کا جائزہ لیں گے کہ ان میں سے اکثر وبیشتر روایات نقلی، تعیینی و تنصیصی پہلو رکھتی ہیں۔

موجودہ بحث کچھ اس ڈھنگ کی ہے کہ اس کا کچھ حصہ شاید ہم گزشتہ گفتگو میں بھی متفرق طور پر پیش کر چکے ہیں لیکن چونکہ یہ مسئلہ امامت کی روح سے مربوط ہے لہٰذا اب ہم ائمہ معصومین کے اقوال کی روشنی میں اس پر بحث کریں گے۔ اور کتاب" اصول کافی کی" کتاب الحجۃ" کا ایک حصہ بھی آپ کی خدمت میں پیش کریں گے۔ ہم مکرّر عرض کر چکے ہیں کہ امامت کا یہ مفہوم جو ہم شیعہ یا کم از کم ائمہ شیعہ کے اقوال میں پیش کیا گیا ہے وہ امامت کے اس مفہوم سے بالکل الگ ہے جو اہل سنت کے یہاں رائج ہے۔ یہ مسئلہ حکومت سے بالکل الگ ایک چیز ہے جس کا چرچا ہمارے زمانہ میں بہت ہوتا ہے۔ مثلاً، امامت بنیادی طور پر نبوت کے قدم بہ قدم یا اس کے بالکل دوش بدوش والا مسئلہ ہے لیکن اس معنی میں نہیں کہ اس کا مرتبہ ہر نبوت سے کمتر درجہ کا ہے۔ بلکہ اس سے مقصود یہ ہے کہ نبوت سے مشابہ ایک ایسا منصب ہے جو بڑے انبیاء کو بھی عطا ہوا ہے یعنی یہ ایک

ایسا معنوی منصب ہے کہ بڑے انبیاء نبوت کے ساتھ ساتھ امامت کے منصب پر بھی فائز رہے ہیں۔ ائمہ معصومین نے کلی طور پر اس مسئلہ کے تحت اپنی گفتگو میں انسان کو بنیاد قرار دیا ہے۔ لہٰذا ہمیں پہلے انسان کے متعلق اپنے تصوّرات وخیالات پر تجدید نظر کرنا چاہئے تا کہ یہ مسئلہ پورے طور سے واضح ہو سکے۔

انسان

آپ جانتے ہیں کہ اساسی طور پر انسان کے سلسلہ میں دو نظریے پائے جاتے ہیں ایک یہ کہ انسان بھی تمام جانداروں کے مانند صدفی صد ایک خاکی یا مادی موجود ہے۔ لیکن یہ ایسا مادی وجود ہے جو اپنے تغیرات کی راہ طے کرتے ہوئے اس حد کمال کو پہنچ چکا ہے جہاں تک زیادہ سے زیادہ مادہ میں اس کی صلاحیت پائی جاتی تھی۔ حیات، چاہے نباتات میں ہو یا اس سے بلند حیوانات میں یا ان سب سے بڑھ کر انسان میں، یہ خود مادہ کے تدریجی ارتقا وکمال کی نشان دہی کرتی ہے یعنی اس وجود کی بناوٹ اور ساخت میں مادّی عناصر کے علاوہ کوئی اور عنصر کارفرما نہیں ہے۔ (یہاں عنصر کا لفظ اس لئے استعمال ہوا کہ اس کی کوئی دوسری تعبیر ہمارے پاس نہیں ہے)۔ جتنے حیرت انگیز آثار اس وجود میں پائے جاتے ہیں ان کا سرچشمہ یہی مادّی تشکیل ہے۔ اس نظریہ کے مطابق قہری طور پر پہلے انسان کو یا دنیا میں آنے والے ابتدائی انسانوں کو ناقص ترین انسان ہونا چاہئے اور جوں جوں یہ قافلہ انسانیت آگے بڑھا ہوگا انسان کامل تر ہوتا گیا، خواہ ہم اولین انسان کو قدما کے تصور کے مطابق براہ راست خاک سے پیدا شدہ مانیں یا عہد حاضر کے بعض (سائنس داں) حضرات کے مفروضہ کے مطابق جو مفروضہ ہونے کی حیثیت سے قابل توجہ ہے کہ انسان اپنے آپ سے پست تر اور ناقص تر وجود کی تغییر یافتہ اور کامل شدہ مخلوق ہے۔ جس کی اصل و بنیاد مٹی تک پہنچتی ہے۔ ایسا نہیں ہے کہ پہلا انسان براہ راست خاک

Contact : jabir.abbas@yahoo.com
http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

سے خلق ہو گیا ہو۔

پہلا انسان قرآن کی نظر میں

لیکن اسلامی وقرآنی بلکہ تمام مذاہب کے اعتقادات کے مطابق پہلا انسان وہ وجود ہے جو اپنے بعد کے بہت سے انسانوں حتی کہ آج کے انسانوں سے بھی زیادہ کامل ہے۔یعنی پہلی دفعہ جب اس انسان نے عرصۂ عالم میں قدم رکھا، اسی وقت سے وہ خلیفۃ اللہ یا دوسرے الفاظ میں پیغمبر کے درجہ پر فائز نظر آیا۔دین کی شکل میں آیا، جبکہ ہونا تو یہ چاہئے تھا کہ انسان دنیا میں آتے رہتے اور ارتقائی منازل طے کرتے رہتے اور جب عالی مراحل ومراتب سے ہمکنار ہوتے تو ان میں سے کوئی ایک نبوت وپیغمبری کے منصب پر فائز ہو جاتا، نہ یہ کہ پہلا ہی انسان پیغمبر ہو۔

قرآن کریم پہلے انسان کے لئے بہت عظیم اور بلند درجہ کا قائل ہے:

وَاِذْ قَالَ رَبُّكَ لِلْمَلٰٓئِكَةِ اِنِّيْ جَاعِلٌ فِي الْاَرْضِ خَلِيْفَةً ؕ قَالُوْٓا اَتَجْعَلُ فِيْهَا مَنْ يُّفْسِدُ فِيْهَا وَيَسْفِكُ الدِّمَآءَ ۚ وَنَحْنُ نُسَبِّحُ بِحَمْدِكَ وَنُقَدِّسُ لَكَ ؕ قَالَ اِنِّيْٓ اَعْلَمُ مَا لَا تَعْلَمُوْنَ ﴿٣٠﴾ وَعَلَّمَ اٰدَمَ الْاَسْمَآءَ كُلَّهَا ثُمَّ عَرَضَهُمْ عَلَى الْمَلٰٓئِكَةِ ۙ فَقَالَ اَنْۢبِـُٔوْنِيْ بِاَسْمَآءِ هٰٓؤُلَآءِ" سورہ بقرہ۔ آیات ۳۰۔۳۱۔

جب تمہارے پروردگار نے ملائکہ سے فرمایا کہ میں زمین پر خلیفہ بنانے والا ہوں تو انہوں نے کہا (خدایا) کیا تو انہیں روئے زمین پر اپنا خلیفہ بنائے گا جو زمین پر فساد وخونریزی

برپا کریں اور ہم تو تیری تسبیح وتقدیس کرتے ہیں (خداوند عالم نے) فرمایا، بلاشبہ (اس انسان کے اسرار کے بارے میں) جو میں جانتا ہوں تم نہیں جانتے اور اللہ نے آدم کو تمام اسماء تعلیم دیئے پھر ان کے حقائق ملائکہ کے سامنے بھی پیش کئے اور فرمایا ہمیں ان کے نام بتاؤ"۔

مختصر یہ کہ جب پہلا انسان عالم وجود میں آیا تو اس ملائکہ کو بھی حیرت میں ڈال دیا کہ آخر اس میں کیا راز پنہاں ہے؟ پہلے انسان کے بارے میں" نفخت فیہ من روحی" (اپنی روح اس میں پھونکی) کی تعبیر استعمال کی گئی ہے۔اس سے ظاہر ہوتا ہے کہ اس پیکر کی ساخت اور اس کے ڈھانچہ میں مادی عناصر کے علاوہ ایک علوی عنصر بھی کارفرما ہے جو (اپنی روح) کی تعبیر کے ذریعہ بیان کیا گیا ہے۔یعنی اللہ کی جانب سے ایک خصوصی شئے اس وجود کے پیکر میں داخل ہوئی ہے۔اس کے علاوہ اس لئے بھی کہ اس کو خلیفۃ اللہ سے تعبیر کیا گیا ہے۔"انی جاعل فی الارض خلفیفۃ" میں زمین پر اپنا خلیفہ بنا رہا ہوں۔

بنابرایں قرآن، انسان کو اس عظمت کے ساتھ پیش کرتا ہے۔کہ پہلا انسان جب عالم وجود میں قدم رکھتا ہے تو حجت خدا وپیغمبر اور ایک ایسے وجود کے عنوان سے قدم رکھتا ہے جو عالم غیب سے رابطہ رکھتا ہو۔ہمارے ائمہ کے کلام کی اساس و بنیاد انسان کی اسی اصل وحقیقت پر ہے یعنی پہلا انسان جو اس زمین پر آیا اسی صفت کا تھا اور آخری انسان بھی جو اس زمین پر ہوگا اسی سلسلہ کی ایک کڑی ہوگا اور عالم انسانیت کبھی بھی ایسے وجود سے خالی نہیں جس میں "انی جاعل فی الارض خلیفۃ " کی روح پائی جاتی ہے۔(بنیادی طور سے اس مسئلہ کا محور یہی ہے) دیگر تمام انسان، ایسے انسانی وجود کی فرع

www.ziaraat.com jabir_abbas@yahoo.com sabeel-e-sakina

Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

کی حیثیت رکھتے ہیں، اور اگر یہ انسان نہ ہو تو بقیہ تمام انسان کسی بھی صورت سے باقی نہیں رہیں گے۔ ایسے انسان کو حجت خدا سے تعبیر کرتے ہیں:۔

اللّٰھم بلی لا تخلوا لارض من قائم للہ بحجّۃ" ہاں (مگر) زمین ایسی فرد سے خالی نہیں رہتی جو اللہ کی حجت ہے یہ جملہ نہج البلاغہ [1] میں ہے اور بہت سی کتابوں میں نقل ہوا ہے۔ میں نے یہ بات مرحوم آیۃ اللہ بروجردی سے سنی ہے، لیکن یہ یاد نہیں کہ میں نے خود اسے جگہ بھی کہیں دیکھا ہے یا نہیں، یعنی اس کی جستجو نہیں کی۔ آپ فرماتے تھے کہ یہ جملہ حضرت کے ان جملوں سے ہے جنہیں آپؑ نے بصرہ میں بیان فرمایا ہے اور شیعہ وسنی دونوں نے اسے تواتر کے ساتھ نقل کیا ہے۔ یہ جملہ مشہور حدیث کمیل کا ایک حصہ ہے۔ کمیل کا بیان ہے کہ ایک روز حضرت علیؑ نے میرا ہاتھ تھاما اور مجھے اپنے ہمراہ لے کر شہر کے باہر تشریف لائے۔ یہاں تک کہ ہم لوگ "جبّان" نامی ایک جگہ پر پہنچے۔ جیسے ہی ہم لوگ شہر سے خارج ہو کر سناٹے اور تنہائی میں آئے: فتنفس الصعداء حضرت نے گہری سانس لی، ایک آہ کھینچی اور فرمایا:۔

"یا کمیل! ان ھذہ القلوب اوعیة فخیرھا اوعاھا
فاحفظ عنّی ما اقول لك"

"اے کمیل! اولاد آدم کے دل ظرف کے مانند ہیں اور بہترین ظرف وہ ہے جو کسی چیز کو اپنے اندر محفوظ رکھے (یعنی اس میں سوراخ نہ ہو) لہٰذا میں تم سے جو کچھ کہتا ہوں اسے محفوظ کر لو"۔

پہلے انسانوں کو تین گروہوں میں تقسیم فرمایا:۔

"الناس ثلاثة: فعالم ربّانی و متعلم فی سبیل

[1] نہج البلاغہ، فیض الاسلام، حکمت نمبر ۱۲۹۔ مطابق نہج البلاغہ مترجم مفتی جعفر حسین مرحوم، حکمت ۱۴۷

نجاة و همج رعاع"۔

" انسان تین قسم کے ہیں: ایک گروہ علماء ربانی کا ہے (البتہ حضرت علیؑ کی اصطلاح میں عالم ربّانی سے مراد ہر وہ عالم ربّانی نہیں ہے جو ہم ہر ایک کو تکلّفاً کہہ دیا کرتے ہیں، بلکہ اس سے مراد ایسا عالم ہے جو واقعاً صدفی صد الٰہی ہو اور خالص خدا کے لئے عمل کرتا ہو اور شاید یہ تعبیر سوائے انبیاء و ائمہ کے کسی اور پر صادق نہیں آتی)" ومتعلم علی سبیل نجاة" (چونکہ اس عالم کو اس متعلّم کے مقابل میں ذکر کیا ہے لہٰذا اُس سے مقصود وہ عالم ہے جو کسی بشر سے علم حاصل نہیں کرتا) یہ دوسرا گروہ ان سے علم حاصل کرنے والوں اور شاگردوں کا ہے۔ ان لوگوں کا ہے جو ان علماء سے استفادہ کرتے ہیں۔ تیسرے گروہ کے لوگ" همیج رعاع" ہیں (اس کی تشریح یہ ہے) کہ:" لم یستضیئوا بنور العلم ولم یلجأوا الی رکن وثیق" جنہوں نے علم کے نور سے نہ کوئی روشنی حاصل کی ہے اور نہ کسی محکم ستون کا سہارا حاصل کیا ہے۔"

اس کے بعد آپ نے اہل زمانہ کا گلہ کرنا شروع کیا۔ فرمایا میں بہت سے علوم اپنے سینہ میں رکھتا ہوں۔ لیکن مجھے کوئی ایسا شخص نہیں ملتا جس میں (انہیں حاصل کرنے کی) صلاحیت موجود ہو۔ آپ نے لوگوں کی گروہ بندی کرتے ہوئے فرمایا، ایسے لوگ بھی ہیں جو زیرک اور عقلمند ہیں لیکن ایسے زیرک ہیں کہ جو کچھ حاصل کرتے ہیں اس سے اپنے لئے فائدہ حاصل کرنا چاہتے ہیں یعنی دین کو اپنی دنیا کے لئے استعمال کرنا چاہتے ہیں۔ لہٰذا میں ان سے پرہیز کرنے پر مجبور ہوں۔ کچھ دوسرے افراد ہیں جو اچھے اور نیک تو ہیں لیکن احمق ہیں۔ وہ کچھ حاصل ہی نہیں کرتے یا اگر حاصل بھی کرتے ہیں تو ایک دم اُلٹا اور غلط مطلب سمجھ بیٹھتے ہیں۔ یہاں تک تو امام کی گفتگو مایوسانہ رنگ لئے ہوئے ہے (کیونکہ اس سے اندازہ ہوتا ہے) کہ کوئی اہل موجود نہیں ہے۔ لیکن اس کے بعد فرماتے ہیں:" اللّٰھم بلی" نہیں ایسا بھی نہیں ہے کہ کوئی شخص موجود نہ ہو۔ میں تو یہ

Contact : jabir.abbas@yahoo.com
http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

جو کچھ کہہ رہا ہوں لوگوں کی اکثریت کو کہہ رہو ہوں (یہاں آقائے بروجردی فرماتے تھے کہ حضرت نے یہ اشارہ بصرہ میں ایک خطبہ کے ذیل میں فرمایا تھا، ورنہ یہ کمیل کے ساتھ ہونے والی گفتگو میں بھی موجود ہے)۔

اللّٰھم بلی التخلو الارض من قائم للہ بحجّۃ امّا ظاھراً مشھوراً واماخائفاً مغموراً لئلا تبطل حجج اللہ و بیناتہ و کم ذا واین؟ اولئك واللہ۔ الا قلون عدداً و الاعظمون عنداللہ قدراً، یحفظ اللہ بھم حججہ و بیناتہ حتیٰ یودعوھا نظراءھم ویزرعوھا فی قلوب اشباھھم ھجم بھم العلم علی حقیقتہ البصیرۃ وبا سروا روح الیقین واستلا نوا ماستعورۃ المترفون وانسوا بما استوحش منہ الجاھلون و صحبوا الدنیا بابدان ارواحھا معلقۃ بالمحل الاعلی۔

امام علیہ السلام نے فرمایا: ہاں، زمین ہرگز حجّت خدا سے خالی نہیں ہے۔ اب چاہے یہ حجت ظاہر ہو اور لوگوں کے درمیان ہو یا مستور اور پوشیدہ یعنی موجود تو ہو، لیکن لوگ اسے دیکھ نہ پائیں، وہ نگاہ سے پوشیدہ ہو۔ ان ہی حجتوں کے ذریعہ خداوند عالم اپنی دلیلیں اور نشانیاں لوگوں کے درمیان محفوظ رکھتا ہے۔ اور یہ لوگ بھی جو کچھ جانتے ہیں

اس کے بیج اپنے ہی جیسے افراد کے دلوں میں بو دیتے ہیں اور گزر جاتے ہیں۔ ایسا نہیں ہے کہ یہ امانتیں ان کے حوالہ نہ کریں اور چلے جائیں یعنی ایسا نہیں ہے کہ میرے پاس جو کچھ ہے اسے بیان کئے بغیر چلا جاؤں گا۔ اس کے بعد حضرت ان افراد سے متعلق جو ایک ملکوتی مبدأ و مرکز سے استفادہ کرتے ہیں۔ فرماتے ہیں: ھجم بھم العلم علی حقیقتہ البصیرۃ خود علم ان پر ہجوم کرتا ہے اور ٹوٹ کر برستا ہے۔ وہ علم کی طرف نہیں بڑھتے۔ (مطلب یہ ہے کہ ان کا علم تفویضی ہے) اور وہ علم جو ان پر ہجوم کرتا ہے، انہیں حقیقی معنوں میں بصیرت عطا کرتا ہے یعنی اس علم میں کوئی اشتباہ نقص یا خطا نہیں پائی جاتی۔" وباشروا روح الیقین" وہ روح یقین کو متصل رکھتے ہیں۔ مطلب یہ ہے کہ وہ عالم دیگر سے بھی ایک طرح کا ارتباط و اتصال رکھتے ہیں۔" واستلانوا ما استعورۃ المترفون" وہ چیزیں جنھیں مترف (یعنی اہل عیش وطرب) اپنے لئے بہت دشوار سمجھتے ہیں ان کے لئے آسان ہیں۔ مثلاً عیش و عشرت کے عادی افراد کے گھنٹہ بھر اپنے خدا سے لولگانا اور اس سے راز و نیاز کی باتیں کرنا گویا سب سے زیادہ دشوار

Contact : jabir.abbas@yahoo.com
http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

کام ہے۔لیکن ان کے لئے یہ کام آسان ہی نہیں بلکہ ان کا پسندیدہ عمل ہے۔" وانسوا بما استوحش منه الجاهلون" جن چیزوں سے نادان اور جاہل افراد وحشت کرتے ہیں یہ ان سے مانوس ہیں۔

" وصحبوا الدنیا بأبدان ارواحها معلقة بالمحل الاعلیٰ"

اپنے جسموں کے ساتھ لوگوں کے ہمراہ رہتے ہیں جبکہ اسی وقت ان کی روحیں مقام اعلیٰ سے تعلق و اتصال رکھتی ہیں۔یعنی ان کا جسم لوگوں کے ساتھ ہے لیکن ان کی روح یہاں نہیں ہے، جو لوگ ان کے ہمراہ ہیں انہیں اپنے ہی جیسا انسان سمجھتے ہیں اور ان میں اور اپنے آپ میں کوئی فرق نہیں سمجھتے ،لیکن وہ یہ نہیں جانتے کہ اس (انسان کامل) کا باطن کسی اور عالم سے وابستہ ہے۔

بہر حال امامت کا اصل فلسفہ یہی ہے۔یہی وجہ ہے کہ کتاب" کافی" میں "باب الحجۃ" کے عنوان سے ایک مستقل باب موجود ہے۔اور اس میں ملتا ہے کہ اگر دنیا میں صرف دو انسان باقی رہیں تو ان میں کا ایک اسی طرح اک انسان ہوگا جس طرح دنیا کا پہلا انسان اسی منصب پر فائز تھا ہم اس فلسفہ کی روح کو لوگوں کے ذہنوں سے مزید قریب کرنے کے لئے اور اس حقیقت سے زیادہ آشنا کرنے کے لئے "اصول کافی" سے "کتاب الحجۃ" کی بعض روایتیں اور حدیثیں آپ کی خدمت میں پیش کرتے ہیں۔اس مسئلہ سے متعلق تمام دوسرے مسائل مثلاً معاشرہ میں امام کا وجود ضروری ہے تا کہ وہ لوگوں پر عذاب و انصاف کے ساتھ حکومت کرے، یا دینی امور میں لوگوں کے درمیان پیدا ہونے والے اختلافات کو حل کر سکے۔یہ سب باتیں اس اصل مسئلہ میں طفیل کی حیثیت

رکھتی ہیں۔ایسا نہیں ہے کہ امام کو لوگوں پر حکومت کرنے کے لئے امام قرار دیا جائے اور بس، بلکہ یہ مسئلہ ان تمام باتوں سے کہیں بالاتر ہے۔یہ باتیں گویا امام کے" فوائد جاریہ" یعنی اس کے وجود کے نتیجہ میں مرتب ہونے والے فوائد کی حیثیت رکھتی ہیں۔ہم ہر حدیث سے کچھ جملے منتخب کر کے آپ کی خدمت میں عرض کرتے ہیں تا کہ فلسفۂ امامت کی حقیقت پورے طور سے واضح ہو جائے۔

امام جعفر صادق علیہ السلام سے ایک روایت

یہ روایت انبیاء و مرسلین سے متعلق ہے۔ایک زندیق (مادہ پرست) نے امام صادق علیہ السلام سے سوال کیا کہ:" من این اثبتّ الانبیاء والرسل؟" آپ انبیاء و رسل کو کس دلیل سے ثابت کرتے ہیں؟ امام نے جواب میں مسئلہ توحید کو بنیاد قرار دیتے ہوئے فرمایا:

" انا اثبتنا ان لنا خالقاً صانعاً متعالیاً عنّا وعن جميع ما خلق وكان ذلك الصانع حكيماً متعالياً لم يجز ان يشاهده خلقه ولا يلامسوه فيباشروه ويحاجهم ويحاجوه ثبت انّ له سفراء فی خلقه يعبرون عنه الی خلقه وعباده ويدلونهم علی مصالحهم ومنافعهم وما به بقاؤهم وفی تركه فناؤهم فثبت الآمرون والناهون عن الحكيم العليم فی خلقه"

مختصر یہ ہے کہ انبیاء و رسل کے ثابت کرنے کی بنیاد، اپنی

Contact : jabir.abbas@yahoo.com
http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

تمام الٰہی شان و صفات کے ساتھ خود اللہ کے اثبات پر موقوف ہے جب ہم نے یہ جان لیا کہ ہمارا کوئی خالق و صانع ہے جو حکیم ہے اور ہم سے اعلیٰ وارفع ہے یعنی ہم اپنے حواس وادراک کے ذریعہ اس سے براہ راست ارتباط پیدا نہیں کرسکتے۔ نہ اس کا مشاہدہ کرسکتے ہیں اور نہ اسے چھو سکتے ہیں اور نہ ہی اس سے دوبدوسوال وجواب کرسکتے ہیں جبکہ ہم اس کے محتاج ہیں کہ وہ ہماری راہنمائی کرے۔ کیونکہ فقط وہی حقیقی حکیم ودانا ہے اور ہمارے واقعی مصالح و مفادات سے آگاہ ہے۔ لہٰذا ایسے وجود کا ہونا ضروری ہے جو بیک وقت دو پہلوؤں کا حامل ہو: ایک طرف وہ خدا سے ارتباط رکھتا ہو یعنی اس پر وحی نازل ہوتی ہو اور دوسری طرف ہم اس سے رابطہ قائم کرسکتے ہوں۔ اور ایسے افراد کا ہونا لازم وواجب ہے۔

اس کے بعد امام ان افراد کے بارہ میں فرماتے ہیں: " حکماء مؤدبین بالحکمة " خود ان لوگوں کو حکیم دانا ہونا چاہئے۔ وہ حکمت کی بنیاد پر مؤدب ومہذب کئے گئے ہوں۔" مبعوثین بہا " اور حکمت ہی پر مبعوث کئے گئے ہوں یعنی ان کی دعوت اوران کا پیغام حکمت پر مبنی ہو۔" غیر مشارکین للناس علیٰ مشارکتھم لھم فی الخلق۔" اگرچہ وہ خلقت کے اعتبار سے انسانوں میں شریک ہوں لیکن بعض جہات میں لوگوں سے الگ اور جدا ہوں۔ ایک انفرادی پہلو اور امتیازی روح ان میں پائی جاتی ہو۔" مؤیدین من عند الحکم العلیم بالحکمة " خدائے حکیم وعلیم کی جانب سے حکمت کی بنیاد پر ان کی تائید کی گئی ہو۔" ثم ثبت ذٰلك فی کل دھر ومکان " ایسے واسطوں اور ذریعوں کا وجود ہر زمانہ اور عہد میں لازمی وضروری ہے۔" لکیلا تخلو الارض من حجة یکون معه علم یدل علی صدق مقالته و جواز عدالته " تاکہ زمین کسی وقت بھی ایسی حجت سے خالی نہ رہے جس کے پاس اس کی صداقت گفتار اور اس کی عدالت ورفتار کے ثبوت میں کوئی علم (دلیل معجزہ) موجود ہو۔

زید بن علی اور مسئلہ امامت

زید ابن علی ابن الحسین، امام محمد باقرؑ کے بھائی ہیں اور صالح ومحترم شخص ہیں۔ ہمارے ائمہ نے آپ کی اور آپ کے مجاہدانہ اقدام کی تعریف کی ہے۔ اس سلسلہ میں اختلاف ہے کہ جناب زید واقعاً خود اپنے لئے خلافت کے مدعی تھے یا صرف امر بالمعروف اور نہی عن المنکر کے فرائض انجام دے رہے تھے اور خلافت کے دعویدار نہیں تھے بلکہ آپ امام محمد باقر علیہ السلام کی خلافت کے خواہاں تھے، یہ بہرحال مسلم ہے کہ ہمارے ائمہ نے آپ کی تعریف وتوصیف کی ہے اور آپ کو شہید کہا ہے۔ اور یہی ان کی عظمت کے لئے کافی ہے کہ:" مضیٰ واللہ شهیداً " وہ شہید ہوکر دنیا سے اٹھے لیکن بحث اس بات پر ہے کہ آپ خود اس مسئلہ (امامت) میں شبہ کا شکار تھے یا نہیں؟ جو روایات اس وقت میں آپ کی خدمت میں پیش کررہا ہوں اس سے یہ ظاہر ہوتا ہے کہ آپ خود اس سلسلہ میں شبہ مبتلا تھے۔ اب یہ بات کہ ایسا شخص اس مسئلہ میں شبہ کا شکار کیسے ہوسکتا ہے۔ یہ ایک دوسری بحث ہے۔

امام محمد باقرؑ کے ایک صحابی ابوحنیفہ احول بیان کرتے ہیں: جس وقت زید بن علی مخفی تھے انہوں نے میرے پاس پیغام بھیجا اور مجھ سے فرمایا کہ اگر ہم میں سے کوئی جہاد

Contact : jabir.abbas@yahoo.com
http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

کے لئے قیام کرے تو کیا تم ہماری مدد کے لئے آمادہ ہو؟ میں نے جواب دیا اگر آپ کے پدر بزرگوار اور بھائی (حضرت امام زین العابدینؑ اور امام محمد باقر علیہ السلام) اجازت دیں تو میں حاضر ہوں ورنہ نہیں۔ زید نے فرمایا، میں خود قیام کا ارادہ رکھتا ہوں۔ بھائی سے کوئی مطلب نہیں ہے۔ کیا اب بھی تم ہماری حمایت پر آمادہ ہو؟ میں نے عرض کیا نہیں۔ آپ نے پوچھا کیوں؟ کیا تم ہمارے سلسلہ میں اپنی جان سے دریغ کرتے ہو؟ میں نے عرض کیا: انما ھی نفس واحدة فان کان اللہ فی الارض حجة فامتخلف عنك ناج والخارج معك ھالك وان لا تكن لله حجة فی الارض فالمتخلف عنك والخارج معك سواء " میں ایک ہی جان رکھتا ہوں اور آپ بھی حجت خدا ہونے کا دعویٰ نہیں کرتے۔ اگر زمین پر آپ کے علاوہ کوئی حجت خدا ہے تو جو شخص آپ کے ساتھ قیام کرے اس نے خود کو ضائع کیا بلکہ ہلاک ہوا اور جس نے آپ سے انکار کیا اس نے نجات پائی لیکن اگر زمین پر کوئی حجت خدا نہ ہو تو میں چاہے آپ کے ساتھ قیام کروں یا نہ کروں دونوں باتیں برابر ہیں۔

ابوجعفر احول جانتے تھے کہ زید کا مقصد کیا ہے۔ لہٰذا وہ اس حدیث کے ذریعہ یہ واضح کرنا چاہتے تھے کہ اس وقت روئے زمین پر ایک "حجت" موجود ہے۔ اور آپ کے بھائی امام محمد باقرؑ ہیں۔ آپ نہیں ہیں۔ یہاں روایت میں حضرت زید کی گفتگو کا خلاصہ یہ ہے کہ تمہیں یہ بات کیسے معلوم ہوئی جبکہ امام کا فرزند ہوتے ہوئے اس نکتہ سے واقف نہیں ہوں اور میرے پدر بزرگوار نے بھی مجھے نہیں بتایا؟ کیا میرے بابا مجھے چاہتے نہیں تھے؟ خدا کی قسم میرے بابا مجھے اس قدر چاہتے تھے کہ مجھے بچپن میں دسترخوان پر اپنی آغوش میں بٹھاتے تھے اور اگر نوالہ گرم ہوتا تھا تو پہلے اسے ٹھنڈا کرتے تھے اس کے بعد کھلاتے تھے تا کہ میرا دہن نہ جلنے پائے وہ باپ جو مجھ سے اس قدر محبت کرتا تھا کہ اسے ایک لقمہ کے ذریعہ میرا دہن جلنا گوارہ نہ تھا۔ کیا

اس نے اتنی اہم بات جسے تم سمجھے ہو، مجھے بتانے سے مضائقہ کیا تا کہ میں جہنم کی آگ سے محفوظ رہوں؟ (ابوحنیفہ احول نے) جواب دیا۔ انہوں نے آپ کو جہنم کی آگ سے محفوظ رکھنے کے لئے ہی نہیں بتایا۔ چونکہ وہ آپ کو بہت چاہتے تھے اس لئے آپ کو نہیں بتایا کیونکہ وہ جانتے تھے کہ اگر میں کہہ دوں گا تو آپ انکار کریں گے اور جہنمی ہو جائیں گے چونکہ وہ آپ کی طبیعت کی تیزی سے واقف تھے لہٰذا آپ سے بتانا نہیں چاہا۔ اور یہی بہتر سمجھا کہ آپ لاعلمی کی حالت پر باقی رہیں تا کہ کم از کم آپ میں عناد نہ پیدا ہونے پائے لیکن یہ بات مجھ سے فرمادی تا کہ اسے قبول کر کے نجات حاصل کرلوں یا انکار کر کے جہنمی بن جاؤں اور میں نے بھی اسے قبول کرلیا۔

اس کے بعد میں نے زید سے دریافت کیا: "انتم افضل ام الانبیاء" آپ افضل ہیں یا انبیاء؟ فرمایا انبیاء۔ "قلت یقول یعقوب لیوسف یا بنی لا تقصص رؤیاك علی اخوتك فیکیدو لك کیداً" میں نے عرض کیا یعقوبؑ جو پیغمبر ہیں اپنے بیٹے یوسفؑ سے جو خود بھی پیغمبر اور ان کے جانشین ہیں، کہتے ہیں کہ اپنا خواب اپنے بھائیوں سے بیان نہ کرنا۔ آیا یعقوبؑ کا یہ حکم یوسفؑ کے بھائیوں سے دشمنی کی بنا پر تھا یا ان کی اور یوسفؑ کی دوستی کی بنیاد پر تھا چونکہ وہ یوسفؑ کے بھائیوں کی طبیعت سے واقف تھے کہ اگر وہ سمجھ گئے کہ یوسفؑ اس مقام و منزلت پر فائز ہونے والے ہیں تو ابھی سے ان کی دشمنی پر کمر بستہ ہو جائیں گے"۔ آپ کے ساتھ آپ کے پدر بزرگوار اور بھائی کا قصہ بالکل یعقوبؑ و یوسفؑ اور ان کے بھائیوں جیسا ہے۔

گفتگو کے اس مرحلہ پر آ کر زید بالکل خاموش ہو گئے اور کچھ جواب نہ دے سکے۔ تھوڑی دیر کے بعد انہوں نے فرمایا: " اما واللہ لان قلت ذٰلك" اب جبکہ تم مجھ سے یہ بات کہہ رہے ہو تو میں بھی تمہیں یہ بتادوں کہ: لقد حدّثنی صاحبك بالمدینه " تمہارے آقا (یہاں مراد امام ہیں تمہارے امام یعنی میرے بھائی امام محمد

Contact : jabir.abbas@yahoo.com
http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

باقرؑ) نے مدینہ میں مجھ سے فرمایا: "انی اقتل واصلب بالکناسة" کہ تمہیں قتل کیا جائے گا اور کناسۂ کوفہ پر سولی دی جائے گی۔ "وان عندہ لصحیفة فیھا قتلی وصلبی" اور ان کے پاس ایک صحیفہ (کتاب) ہے جس میں میرے قتل کئے جانے اور دار پر چڑھائے جانے کا ذکر ہے۔

یہاں زید، ابوحنیفہ کے سامنے ایک دوسرا ورق الٹتے ہیں کیونکہ یک بیک بات ایک دم بدل جاتی ہے اور وہ دوسرے نظریہ کی تائید کرتے نظر آتے ہیں۔ معلوم ہوا کہ اس سے قبل جو باتیں ابوحنیفہ سے فرما رہے تھے گویا اس سے اپنے آپ کو پنہاں رکھنا چاہتے تھے۔ لیکن جب یہ دیکھا کہ ابوحنیفہ مسئلہ امامت کے سلسلہ میں اس قدر راسخ الاعتقاد ہیں تو خود سے فرمایا کہ ان کو بتادوں کہ میں بھی اس نکتہ سے غافل نہیں ہوں۔ وہ کہیں شبہ کا شکار نہ ہوں، میں بھی اس مسئلہ کو نہ صرف جانتا ہوں بلکہ اس کا اعتراف واعتقاد بھی رکھتا ہوں۔ گفتگو کے آخری جملہ میں اسی مطلب کا اظہار ہے کہ میں پورے علم وارادہ کے ساتھ نیز اپنے بھائی کے حکم سے جہاد کے لئے اٹھ رہا ہوں۔ یہاں تک کہ (ابوجعفر) کہتے ہیں کہ اس گفتگو کے بعد ایک سال میں مکہ مکرمہ گیا اور وہاں میں نے یہ پورا واقعہ حضرت امام صادق علیہ السلام سے بیان کیا۔ حضرت نے بھی میرے نظریات کی تائید کی۔

حضرت امام صادق علیہ السلام سے دو اور حدیثیں

امام ایک دوسری حدیث میں فرماتے ہیں: "ان الارض لا تخلوا لا و فیھا امام" زمین کبھی بھی امام سے خالی نہیں رہتی۔ نیز حضرت سے ایک اور حدیث نقل ہے: "لو بقی اثنان لکان احدھما الحجة علیٰ صاحبه" اگر روئے زمین پر دو شخص بھی باقی رہیں تو ان میں کا ایک اپنے ساتھی پر خدا کی حجّت ہوگا۔

حضرت امام رضاؑ سے ایک روایت

اس سلسلہ میں ہمارے یہاں بہت سی حدیثیں موجود ہیں۔

ایک مفصل روایت جو امام رضاؑ سے مروی ہے ملاحظہ فرمائیں۔ عبدالعزیز بن مسلم کا بیان ہے کہ: "کنا مع الرضا علیه السلام بمرو فاجمعنا فی الجامع یوم الجمعة فی بدء مقدمنا" ہم مرو میں امام رضاؑ کے ہمراہ تھے (یہ اس سفر کی بات ہے جب امام ولی عہدی کے سلسلہ میں خراسان کیلئے جائے جا رہے تھے) جمعہ کے دن ہم مرو کی جامع مسجد میں بیٹھتے تھے اور امامؑ جماعت موجود نہیں تھا لوگ جمع ہوکر مسئلہ امامت پر گفتگو کررہے تھے۔ اس کے بعد وہاں سے اٹھ کر امامؑ کی خدمت میں حاضر ہوا اور ان سے ساری باتیں بیان کردیں۔ امامؑ نے تمسخر آمیز تبسم فرمایا کہ آخر یہ لوگ کیا سوچتے ہیں! یہ لوگ دراصل موضوع (امامت) کو ہی نہیں سمجھتے اس کے بعد امامؑ نے فرمایا "جھل القوم وخدعوا عن ارائھم" یہ لوگ جاہل ہیں اور انہوں نے اپنے افکار وعقائد میں دھوکہ کھایا ہے خداوند عالم نے اپنے پیغمبر ﷺ کو اس وقت تک نہیں اٹھایا جب تک دین کامل نہیں ہوا۔ اس نے قرآن نازل فرمایا جس میں حلال، حرام، حدود واحکام اور وہ تمام باتیں جن کی دین کے سلسلہ میں انسان کو ضرورت ہے سب بیان کردی اور اعلان کردیا "مافرطنا فی الکتاب من شیٔ" ہم نے اس کتاب (قرآن مجید) میں کسی بھی چیز کو نہیں چھوڑا ہے یعنی سب کچھ بیان کردیا ہے (اس سے مراد حلال وحرام سے متعلق قرآن کے احکام اور انسانوں کے تمام فرائض ہیں) اپنی حیات طیبہ کے آخری ایام میں پیغمبر اسلام ﷺ نے حجۃ الوداع کے موقع پر اس آیت کی تلاوت بھی فرمائی "اَلْيَوْمَ اَكْمَلْتُ لَكُمْ دِيْنَكُمْ وَاَتْمَمْتُ عَلَيْكُمْ نِعْمَتِيْ وَرَضِيْتُ لَكُمُ الْاِسْلَامَ دِيْنًا" یعنی آج میں نے تمہارے دین کو تمہارے لئے کامل کردیا تم پر اپنی نعمتیں تمام کردی اور تمہارے لئے اسلام سے راضی ہوگیا اس کے بعد حضرت امام رضاؑ نے فرمایا "وامر الامامة من تمام الدین" اور مسئلہ امامت دین کو تمام اور کامل کرنے والے

Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

مسائل میں سے ایک ہے" ولم یمظ حتیٰ بین لامتہ معالم دینھم " پیغمبر اسلام ﷺ اس وقت تک تشریف نہیں لے گئے جب تک انہوں نے اپنی امت کے درمیان ہدایت کی نشانیوں کو بیان نہ کردیا اوران کے لئے دین کی راہ روشن نہ کردی" واقام لھم علیاً وعلمن" اوران کے لئے حضرت علیؑ کورہنما مقرر فرمادیا۔

مختصر یہ کہ قرآن پوری صراحت کے ساتھ فرماتا ہے کہ ہم نے کسی بھی امر کو فراموش نہیں کیا" اب یہ کہ کیا اس نے تمام جزئیات بھی بیان کردیئے؟ یا نہیں: بلکہ فقط کلیات اوراصول بیان کئے ہیں اوران چیزون کا ذکر کیا ہے جن کی لوگوں کوضرورت تھی۔ ان ہی کلیات واصول میں سے ایک مسئلہ یہ بھی ہے کہ قرآن نے (پیغمبر اکرم ﷺ کے بعد کے لئے) ایک ایسے انسان کا تعارف کروادیا جو قرآن کی تفسیر اس کے معانی کی وضاحت نیز اس کے کلیات کی تشریح سے واقف ہے۔اس کا یہ علم اجتہادی بنیاد پرنہیں ہے۔جس پہ کچھ باتیں صحیح ہو یا کچھ غلط (بلکہ وہ علم الٰہی کے ذریعہ ان چیزوں سے آگاہ ہے) اورحقیقت اسلام اس کے پاس محفوظ ہے۔پس قرآن یہ جوکہتا ہے کہ ہم نے تمام چیزیں بیان کردی اس کا مطلب یہ ہے کہ اب کوئی چیز باقی نہیں رہ گئی۔ہم نے کلیات کے ساتھ ساتھ جزئیات بھی بیان کردیئے ہیں اورانہیں ایک "دانا" کے پاس محفوظ کردیا۔اور ہمیشہ اسلام سے آگاہ ایک شخص لوگوں کے درمیان موجودرہتا ہے۔" : من زعم عن اللہ عز وجل لم یکمل دینہ فقدرد کتاب اللہ" اگرکوئی شخص یہ کہے کہ خداوند عالم نے اپنا دین کامل نہیں کیا تواس نے قرآن کے خلاف بات کہی ہے اورجوبھی قرآن کو ردکرے کافرہے" وحل یعرفون قدر الامامۃ ومحلھا من الامۃ فیجو فیھا اختیارھم " جولوگ کہتے ہیں کہ امامت انتخابی ہے کیا وہ جانتے بھی ہے کہ امام کے کیا معنی ہیں؟ ان لوگوں نے سمجھ لیا ہے کہ امام کا انتخاب کسی سپہ سالارلشکر کے انتخاب کے مانند ہے جب کہ امام وہ ہے کہ (جس کی تعیین پر) قرآن فرماتا ہے کہ میں نے دین کامل کردیا

ساتھ ہی ہم یہ بھی جانتے ہیں اسلام کے جزئیات قرآن میں نہیں ہے۔حقیقت اسلام اس (امام) کے پاس ہے۔کیا لوگ سمجھتے ہیں کہ ایسا شخص کون ہے کہ خوداسے منتخب کرلیں؟ یہ تو ایسا ہی ہوا جیسے کہا جائے کہ پیغمبر کا انتخاب ہم خودکرتے ہیں!

"ان الامامۃ اجل قدراً واعظم شاناً واعلیٰ مکاناً وامنع جانباً وابعد غوراً من ان یبلغھا الناس بعقولھم او ینالوھا بعرائھم"

امامت انسان کی فکری حدود سے اس سے کہیں بالاتر ہے کہ اسے انتخابی قراردیا جائے اسی مسئلہ کوانتخابی کہا جانا چاہیے جسے لوگ واقعی طور پرتشخیص دے سکیں،جن مسائل میں انسان خودتشخیص کی صلاحیت رکھتا ہے وہاں دین کبھی براہ راست مداخلت نہیں کرتا۔اور بنیادی طور پرایسے مسائل میں دین کی براہ راست مداخلت بالکل غلط ہے،کیونکہ ایسی صورت میں سوال اٹھے گا کہ پھرانسان کی فکروعقل آخرکہاں کام آئے گی؟ جہاں تک انسانی فکروعقل کا دائرہ ہے انسان خودانتخاب کریں لیکن جو بعدعقل وبشر کی حد سے خالی اور بالاتر ہے۔اس میں انتخاب کی گنجائش ہی نہیں ہے۔(امامت قدرومنزلت کے اعتبار سے بہت بلند،شان کے اعتبار سے بہت عظیم،مرتبہ کے اعتبار سے بہت عالی ہے،اس کی دیواریں ناقابل عبور ہےاور عقل وفکر کی حد سے باہر ہے۔

"انسان اپنی عقل کے ذریعے امام کو درک نہیں کرسکتے اور نہ اس تک اپنی آرا کے ذریعہ رسائی حاصل کرسکتے ہیں اور نہ اپنے اختیار سے اس کا انتخاب کرسکتے ہیں" ان الامامۃ خص اللہ عز وجل بھا ابراھیم الخلیل بعد النبوۃ والخلۃ" اگر امامت کے حقیقی معنی سمجھنا چاہتے ہو یہ جان لو کہ(امامت) ان تمام مسائل سے الگ ہے جن کا آج لوگ اظہار کرتے ہیں کہ پیغمبر کا ایک خلیفہ وجانشین منتخب کریں۔لیکن یہ جانشین پیغمبر ﷺ صرف لوگوں کے امور کی دیکھ بھال کرے۔امامت تو اصل میں وہ منصب ہے کہ ابراہیمؑ جیسا پیغمبر نبوت کے بعد اس تک رسائی حاصل کرتا ہے اوراس منصب پر فائز

Contact : jabir.abbas@yahoo.com
http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

ہونے کے بعد مسرت کا اظہار کرتے ہوئے خدا کی بارگاہ میں عرض کرتا ہے" **ومن ذریتی** " خداوندا میری ذریت میں سے کچھ افراد کو بھی یہ منصب عطا فرما۔ ابراہیمؑ جانتے ہیں کہ یہ عظیم منصب ان کی تمام ذریت کو حاصل نہیں ہوسکتا۔ جواب دیا جاتا ہے" **لا ینال عھدی الظالمین** " یہ وہ منصب ہے جو ظالم کو نہیں مل سکتا۔ ہم عرض کر چکے ہیں کہ یہاں سوال اٹھتا ہے کہ اس سے مراد کیا ہے؟ کیا ظالم ہر حال میں ظالم ہے چاہے ماضی میں وہ ظالم رہا ہو یا پہلے نیک اور صالح رہا ہو کیونکہ کہ یہ محال ہے کہ ابراہیمؑ کہیں، خدایا (یہ منصب) میری ذریت میں سے ظالموں کو عطا فرما۔ پس ہر حال ان کی نظر میں آپ کی نیک اور صالح اولاد ہی رہی ہے۔ چنانچہ خداوند عالم کی طرف سے جواب ملا کہ یہ منصب آپ کی ذریت میں سے ان کو عطا ہوگا جن کا ظلم سے سابقہ نہ رہا ہو۔

" **فابطلت ھٰذہ الآیۃ امامۃ کل ظالم الی یوم القیامۃ و صارت فی الصفوۃ** " یہ منصب ان منتخب افراد میں ہے یعنی ذریت حضرت ابراہیمؑ میں اہل صفوۃ (منتخب اور بہترین افراد کو عطا ہوا ہے۔ (صفوۃ یعنی مکھن کے مانند ایک ایسی چیز جسے مٹھا نکال کر اوپر سے نکال لیتے ہیں اور وہی " زبدہ" کہلاتا ہے)۔" (اس کے بعد خداوند عالم نے امامت کو بزرگ ومکرّم بنایا اور وہ اس عنوان سے کہ اسے)صفوۃ اور اہل طہارت یعنی ذریت ابراہیمؑ میں صاحبان عصمت کا حصہ قرار دیا۔ اس کے بعد امام قرآن کی آیات سے استدلال فرماتے ہیں:

وَوَهَبْنَا لَهٗۤ اِسْحٰقَ ؕ وَيَعْقُوْبَ نَافِلَةً ؕ وَكُلًّا جَعَلْنَا
صٰلِحِيْنَ ﴿۷۲﴾ وَجَعَلْنٰهُمْ اَىِٕمَّةً يَّهْدُوْنَ بِاَمْرِنَا وَاَوْحَيْنَاۤ
اِلَيْهِمْ فِعْلَ الْخَيْرٰتِ

اور ہم نے ابراہیم کو اسحٰق و یعقوب جیسے فرزند عطا کئے اور ہم نے ان سب کو نیکو کار و صالح (نبی) قرار دیا۔ اور ان کو لوگوں کا ہادی و پیشوا قرار دیا کہ ہمارے حکم سے لوگوں کی ہدایت کرتے تھے، اور ہم نے ان کی طرف نیک اعمال بجالانے کی وحی کی۔ سورۂ انبیاء، آیت نمبر ۷۲۔ ۷۳

قرآن مجید میں اس نکتہ پر کافی زور دیا گیا ہے کہ ذریت حضرت ابراہیمؑ کو منصب امامت سے نوازا گیا ہے۔

اس کے بعد امام فرماتے ہیں: **فمن این یختار ھؤلاء الجھال** " آخر وہ مقام و منصب جو حضرت ابراہیمؑ کو نبوت کے بعد عطا ہوا، یہ نادان اسے آخر کس طرح انتخاب کرنا چاہتے ہیں؟ کیا بنیادی طور پر یہ منصب انتخاب کے ذریعہ حاصل بھی کیا جا سکتا ہے؟!" **ان الامامۃ ھی منزلۃ الانبیاء وارث الاوصیاء** " امامت دراصل مقام انبیاء اور میراث اوصیاء ہے۔ یعنی یہ ایک وراثتی امر و منصب ہے لیکن قانونی میراث کے عنوان سے بلکہ اس اعتبار سے کہ اس کی استعداد و صلاحیت ایک نسل سے دوسری نسل میں منتقل ہوئی ہے۔" **ان الامامۃ خلافۃ اللہ** " امامت خلافت الٰہی ہے جو سب سے پہلے آدم کو عطا ہوئی۔" **وخلافۃ الرسول** " اور خلافت پیغمبر ہے۔ اس کے بعد امام فرماتے ہیں:" **ان الامامۃ زمام الدین** " امامت زمام دین، نظام مسلمین، صلاح و فلاح دنیا، عزت مسلمین، اسلام کی اصل و اساس اور اسکا بنیادی تنا ہے۔" **بالامام تمام الصلوٰۃ والزکوٰۃ والصیام والحج والجھاد تاآخر** ۔ یعنی امام ہی کے ذریعہ نماز، زکوٰۃ، روزہ حج، جہاد اور دیگر اسلامی احکام و اوامر کامل ہوتے ہیں۔

Contact : jabir.abbas@yahoo.com
http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

نتیجہ

مذکورہ بالا تمام باتوں سے ایک اساسی و بنیادی منطق ہمارے ہاتھ آتی ہے۔ ہاں اگر بالفرض کوئی اسے بھی قبول نہ کرے تو اور بات ہے۔ یہ منطق ان سطحی و معمولی مسائل سے بالکل الگ ۔۔کہ اکثر متکلمین کی طرح ہم یہ کہیں کہ پیغمبر اسلام صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے بعد ابوبکرؓ خلیفہ ہوئے اور حضرت علیؑ چوتھے خلیفہ ہوئے۔آیا حضرت علیؑ کو پہلا خلیفہ ہونا چاہئے یا مثلا چوتھا؟ آیا ابوبکرؓ میں امامت کے شرائط پائے جاتے تھے یا نہیں؟ اس کے بعد ہم شرائط امامت کو مسلمانوں کی حاکمیت کے عنوان سے دیکھنا اور پرکھنا شروع کریں۔ البتہ یہ بھی ایک بنیادی واساسی مطلب ہے۔اور شرائط حاکمیت کے اعتبار سے بھی شیعوں نے اعتراضات کئے ہیں اور بجا اعتراضات کئے ہیں۔لیکن اصولی طور پر مسئلہ امامت کو اس انداز سے بیان کرنا ہی صحیح نہیں ہے کہ ابوبکرؓ میں امامت کے شرائط پائے جاتے تھے یا نہیں۔اصل میں خود اہل سنت بھی ان کے لئے اس منصب کا اقرار نہیں کرتے۔

اس سلسلہ میں اہل سنت کے عقیدہ کا خلاصہ یہ ہے کہ آدمؑ و ابراہیمؑ سے لے کر حضرت رسول اکرمؐ تک خداوند عالم نے ان افراد سے متعلق انسان کے جتنے ماوراء الطبیعی پہلوؤں کا ذکر کیا ہے آنحضرت صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے بعد تمام ہو گئے۔پیغمبر اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے بعد اب تمام انسان معمولی اور ایک جیسے ہیں۔اب صرف علماء ہیں جو پڑھنے لکھنے کے بعد عالم ہوئے ہیں اور ان سے کبھی غلطی ہوتی ہے کبھی نہیں ہوتی۔ یا حکام ہیں جن میں سے بعض عادل ہیں اور بعض فاسق۔اب یہ مسئلہ امامت ان ہی کے درمیان دائر ہوتا ہے۔

اب وہ باب جو ہمارے یہاں حجت الٰہیہ کے نام سے پایا جاتا ہے، یعنی وہ افراد جو عالم ماوراء الطبیعہ یا عالم بالا سے ارتباط رکھتے ہیں، (ان کے یہاں نہیں پایا جاتا، ان کا عقیدہ ہے کہ) پیغمبر اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے بعد وہ بساط ہی لپیٹ دی گئی ہے۔

شیعہ جواب دیتے ہیں کہ (پیغمبر اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے بعد) رسالت کا مسئلہ ختم ہو گیا۔اب کوئی دوسرا انسان کوئی نیا دین و آئین لے کر نہیں آئے گا۔دین ایک سے زیادہ نہیں ہے اور وہ ہے اسلام، پیغمبر اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے ساتھ رسالت و نبوت کا سلسلہ ختم ہو گیا۔ لیکن حجت اور انسان کامل کا مسئلہ اور اس کی ضرورت انسانوں کے درمیان ہرگز تمام نہیں ہوئی ہے، کیونکہ روئے زمین پر پہلا انسان اس طرح کا تھا اور آخری انسان بھی ان ہی صفات کا نمونہ ہونا چاہئے۔اہلِ سنت میں صرف صوفیا کا طبقہ ایسا ہے جو ایک دوسرے نام سے ہی، اس مطلب کو تسلیم کرتا ہے۔ چنانچہ ہم دیکھتے ہیں کہ صوفیائے اہل سنت اگرچہ صوفی ہیں لیکن جیسا کہ ان کے بعض بیانات سے ظاہر ہوتا ہے انہوں نے مسئلہ امامت کو اسی عنوان سے قبول کیا ہے۔جیسے شیعہ مانتے ہیں۔

محی الدین عربی، اندلس کا رہنے والا ہے۔اور اندلس وہ جگہ ہے جہاں کے رہنے والے نہ صرف سنی تھے بلکہ شیعوں سے عناد بھی رکھتے تھے اور ان میں ناصبیت کی بو پائی جاتی تھی اس کی وجہ یہ تھی کہ اندلس کو امویوں نے فتح کیا اور بعد میں برسہا برس وہاں ان کی حکومت رہی۔اور چونکہ یہ لوگ بھی اہل بیت کے دشمن تھے لہٰذا علمائے اہل سنت میں زیادہ تر ناصبی علماء ہیں۔اندلس میں شیعہ بھی نہیں اور اگر ہوں گے بھی تو بہت کم اور نہ ہونے کے برابر ہوں گے۔

بہر حال محی الدین اندلسی ہے، لیکن اپنے عرفانی ذوق کی بنا پر وہ اس بات کا معتقد ہے کہ زمین کبھی کسی ولی یا حجت سے خالی نہیں رہ سکتی۔ یہاں وہ شیعی نظریہ کو قبول کرتے ہوئے ائمہ علیہم السلام کے ناموں کا ذکر کرتا ہے، یہاں تک کہ حضرت حجتؑ کا نام بھی لیتا ہے اور دعویٰ کرتا ہے کہ میں نے سن چھ سو کچھ ہجری میں حضرت محمد بن حسن عسکریؑ سے فلاں مقام پر ملاقات کی ۔البتہ بعض باتیں اس نے ایسی کہی ہیں جو اس کی ایک دم ضد ہیں اور وہ بنیادی طور پر ایک متعصب سنی ہے لیکن اس کے باوجود چونکہ اس کا ذوق

Contact : jabir.abbas@yahoo.com

http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

عرفانی تقاضہ کرتا ہے کہ صوفیوں کے مطابق زمین کبھی کسی "ولی" (اور ہمارے ائمہ کے مطابق حجت) سے خالی نہیں رہ سکتی، اس مسئلہ کو نہ صرف تسلیم کرتا ہے بلکہ مشاہدہ وملاقات کا دعویٰ کرتے ہوئے یہ بھی کہتا ہے کہ میں حضرت محمد بن عسکریؑ کی خدمت میں پہنچ چکا ہوں، اور اس وقت جبکہ ان کی عمر تین سو کچھ برسوں سے زیادہ ہو چکی ہے اور وہ مخفی ہیں، میں ان کی زیارت سے شرفیاب ہوا ہوں۔

www.ziaraat.com
jabir.abbas@yahoo.com
Sabeel-e-Sakina

Contact : jabir.abbas@yahoo.com
http://fb.com/ranajabirabbas